وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ۝

مُوضِحُ القِرَاءَاتِ
فِي
السَّبْعِ المُتَوَاتِرَاتِ

جُزءُ — ۱

www.KitaboSunnat.com

تالیف

اُستاذ القراءات مولانا قاری المقری **محمد حبیب اللہ** دامت فیوضہم

باھتمام: (قاری حافظ) **محمد عنایت اللہ** (ایم اے، بی کام و فاضل قراءاتِ سبعہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

امّا بعد: جناب مولانا الحافظ القاری الحاج محمد حبیب اللہ صاحب مہتمم مدرسہ تجوید القرآن کراچی سے موضح القرأت فی السبع المتواترات کو سورۂ فاتحہ سے بیسویں پارہ کے ختم تک حرفاً حرفاً موصوف سے سُنا۔ حضرت موصوف نے اس کو معتبر کتب سے نہایت محنت وجانفشانی سے مرتب فرمایا ہے۔ بفضلہ تعالیٰ کتاب کا یہ حصہ میری واقفیت کی حد تک صحیح اور معتبر ہے۔ حق تعالیٰ شانہ قبولیت سے مشرف ومزیّن فرمائے اور اس کے منافع کو عام وتام فرمائے۔ آمین رب العالمین

۲۶ ذیقعدہ ۱۳۹۴ھ — (مولانا قاری المقری) فتح محمد پانی پتی (مدظلہم)

م ۱۱ دسمبر ۱۹۷۴ء — صدر شعبۂ تجوید وقرأت دارالعلوم نانک واڑہ۔ کراچی

چہارشنبہ۔ پارہ بجکر ۴۵ منٹ — حال مقیم مدینہ منورہ۔ سعودی عربیہ

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ۔

امّا بعد احقر نے موضح القرأت فی السبع المتواترات جناب شیخ القرّاء مولانا حکیم حافظ قاری محمد حبیب اللہ صاحب کی تصنیف ہے۔ اس کا ایک پارہ حرفاً حرفاً خود جناب موصوف کی زبان فیض ترجمان سے سُنا۔ قرأتِ سبعہ کے تمام اختلافات اس طرح جمع کئے ہیں کہ کوئی وجہ چھوٹنے نہیں پائی۔ حق سبحانہ تعالیٰ شیخ موصوف کو دارین میں جزائے خیر اور اجرِ عظیم اور اپنی رضا کی دولت سے مالا مال فرمائے اور شائقین کو اس بیش بہا نعمت سے زیادہ سے زیادہ نفع حاصل کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔

علوم دینیہ کی اور خصوصاً علم قرأت کی اس بے قدری کے زمانہ میں شیخ موصوف کا وجود غنیمتِ بارده اور نعمت غیر مترقبہ ہے ایسے شیخ کی اور ان کی تصنیف کی قدر جتنی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بھی کی جائے کم ہے۔ چونکہ حق سبحانہ تعالیٰ نے اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ" حجر ع ۱ "قرآن مجید کی حفاظت کا وعدہ فرمایا ہے۔ اس بنا پر وہ اپنے کلام کی حفاظت کے لئے قرارت کی حفاظت کا یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔ پس یہ تصنیف بھی قرآن کی خدمت اور اس کی حفاظت کے سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس بنا پر اُمّت مسلمہ کو عموماً اور قرآن مجید کے قرّاء و حفّاظ کو خصوصاً اس کی زیادہ سے زیادہ قدر کرنی چاہیئے۔

جو حضرات اس تصنیف کے ذریعہ قرارت کے پڑھنے و پڑھانے میں مشغول رہیں گے انشاء اللہ تعالیٰ ان کو بھی باری تعالےٰ عزاسمہٗ اپنے کلام کی حفاظت کرنے والوں میں شمار فرمائیں گے اور یہ بڑی نعمت ہے۔ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ۔

(شیخ القرّاء مولانا قاری المقری) فتح محمد (صاحب) پانی پتی
حافظ قرارات عشرہ، شارح شاطبی
نانک واڑہ۔ کراچی
۲۶ ذیقعدہ ۱۳۸۴ھ مطابق ۳۰ مارچ ۱۹۶۵ء بروز شنبہ
(وقت گیارہ بجکر ۳ منٹ دن)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی انزل علی عبدہ الکتٰب ولم یجعل لہ عوجا، واشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ، یحیی ولا نظیر لہ یرتجی، واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ مصباح الدجی۔ صلی اللہ علیہ وعلی الہ وصحبہ وسلم فی النہار اذا ضحی واللیل اذا سجی، امابعد:

صدیق محترم حضرت مولانا حکیم حافظ قاری حبیب اللہ خاں صاحب اطال اللہ بقاءہ و مدّ فیوضہ مستحق صد تحسین و ہزار تبریک ہیں کہ انہوں نے "موضح القرأت فی السبع المتواترات" تالیف فرما کر ایک طرف تو علوم قرآن کے طلبا پر غیر منقطع اور ناقابل فراموش احسان فرمایا اور دوسری طرف قرآن کریم کے ظل ممدود میں اپنے لئے حیات جاوید کا اور دوام ذکر جمیل کا سامان فراہم کر لیا ؎

این سعادت بزور بازو نیست ۔ تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

حقیقت یہ ہے کہ قرآن کریم کے شئون اعجاز کا احاطہ قوت بشری سے بالاتر ہے۔ طریقۂ ادا اور تعدد قرأت کا مسئلہ بھی اعجاز قرآنی کا ایک پرتو ہے اس کے ہر جہتی تواتر کی ایک تجلی ہے اور اس کی لاریبیت کا ایک کرشمہ ہے جل جلالہ نے اس کی حفاظت تامہ اور صیانت کاملہ کے لئے ہر طبقے سے ایک جماعت کا انتخاب فرمایا جس نے قرآن حکیم کے ایک ایک لفظ ایک ایک حرف ایک ایک حرکت اور ایک ایک طریقۂ ادا کی حفاظت کے لئے ایسی غیر معمولی خدمتیں انجام دیں جن کی نظیریں دوسری امتوں میں ڈھونڈنا جوئے شیر لانے سے بھی زیادہ دشوار ہے۔

طبقۂ صحابۂ کرامؓ میں جن جلیل القدر ہستیوں نے قرآن حکیم کی حفاظت، قرأت اور تعلیم و تدریس میں خصوصی شہرت حاصل کی ان میں حضرت عمرؓ حضرت عثمان غنیؓ حضرت علی مرتضیٰؓ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت اُبی بن کعبؓ، حضرت زید بن ثابتؓ، حضرت ابو الدرداءؓ، حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ، حضرت عبد اللہ بن عباسؓ اور ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین وعنا بہم کے اسمائے گرامی ہمیشہ آبِ زر سے لکھے جائیں گے۔

تابعین عظام کے طبقے میں قرآن حکیم کے خُدّام کرام کا دائرہ بہت وسیع ہوگیا۔ چنانچہ مدینہ منورہ میں جن حضرات تابعین کو شہرت حاصل ہوئی ان میں حضرت سعید بن المسیبؒ، حضرت عروۃ الزبیرؒ، حضرت عمر بن عبد العزیزؒ، حضرت سلیمان ابن یسارؒ، حضرت عطاء ابن یسارؒ، حضرت زید بن اسلمؒ، حضرت ابن شہاب زہریؒ خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں اور مکّہ معظمہ میں حضرت عطاؒ، حضرت مجاہدؒ، حضرت طاؤسؒ، حضرت عکرمہؒ، حضرت ابن ابی ملیکہؒ نے خصوصیت کے ساتھ خدمت قرآن کا علم بلند کیا اور بصرے میں یہ سعادت خصوصیت کے ساتھ جن حضرات تابعین کے حصے میں آئی ان میں مشہور ہستیاں یہ ہیں: حضرت حسن بصریؒ، حضرت محمد بن سیرینؒ، حضرت عامر بن عبد القیسؒ، حضرت ابو العالیہؒ، حضرت ابو رجاءؒ، حضرت نصر بن عاصمؒ، حضرت یحییٰ بن یعمرؒ، حضرت قتادہؒ اور حضرت جابر بن زیدؒ اور کوفے میں جن حضرات تابعین کو قرآن حکیم کی عظیم الشان خدمات کا شرف حاصل ہوا ان میں بعض حضرات کے اسمائے گرامی یہ ہیں: حضرت علقمہؒ، حضرت اسودؒ، حضرت مسروقؒ، حضرت عُبیدہؒ، حضرت حارث بن قیسؒ، حضرت زِر بن حُبیشؒ، حضرت سعید بن جبیرؒ، حضرت ابراہیم نخعیؒ اور حضرت شعبیؒ اور شام میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد حضرت مغیرہ بن ابی شہابؒ نے اور حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد حضرت خُلید بن سعیدؒ نے خدمتِ قرآنی کا شرف حاصل کیا پھر کچھ ائمۂ فن اور اکابر علمائے قرأت کے اصول و قواعد کے منضبط کرنے کی طرف توجہ مبذول فرمائی چنانچہ مدینہ منورہ میں ابو جعفر یزید بن القعقاعؒ، شیبہ بن نصاحؒ اور نافع بن ابی نعیمؒ نے اور مکّہ معظمہ میں عبد اللہ بن کثیرؒ، حمید بن قیس لاعرجؒ اور محمد بن محیصنؒ نے اور کوفے میں یحییٰ بن وثابؒ، عاصم بن ابی النجودؒ، سلیمان الاعمشؒ، حمزہؒ اور کسائیؒ نے بصرے میں عبد اللہ بن ابی اسحٰقؒ، عیسیٰ بن عمرؒ، ابو عمرو بن العلاءؒ، عاصم الجحدریؒ اور یعقوب حضرمیؒ نے اور شام میں عبد اللہ بن عامرؒ، عطیہ بن قیس الکلابیؒ، اسمٰعیل بن عبد اللہ ابن المہاجرؒ، یحییٰ بن الحارث الذماریؒ اور شُریح بن یزید حضرمیؒ نے وجوہ قرأت کے انضباط کے لیے اُصول و قواعد مقرر فرمائے اور عملی طور سے اپنے تلامذہ کو سکھائے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ان جلیل القدر ہستیوں میں سے بعض حضرات آسمانِ قرأت پر شمس و قمر بن کر چمکے ان ہی میں وہ سات ائمہ کرام بھی ہیں جن کی طرف القراءات السبع منسوب ہیں یعنی حضرت نافعؒ حضرت ابن کثیرؒ حضرت ابن عامرؒ حضرت ابوعمروؒ حضرت عاصمؒ حضرت حمزہؒ اور حضرت کسائیؒ رحمہم اللہ تعالیٰ یہ ائمہ سبعہ گویا نظامِ عالمِ قرأت کے لئے سبع سیارہ کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان ہی کے نفوسِ قدسیہ سے دنیائے قرأت کی زینت و تابانی ہے ان کی جانب جو قرأت منسوب ہیں ان کا متواتر ہونا جمہور کے نزدیک مسلّم اور ثابت ہیں اور ان سات قرأتوں کی طرح محققین کے نزدیک وہ تین قرأت بھی متواتر ہیں جو امام یعقوبؒ امام ابوجعفرؒ اور امام خلفؒ کی طرف منسوب ہیں۔ امام محی السنہ بغویؒ نے معالم التنزیل میں یہ تصریح فرمائی ہے کہ تواتر کے اعتبار سے ان تینوں قرأتوں کا وہی حکم ہے جو قرأت سبع کا ہے بعض حضرات اُن تین کے متواتر ہونے کے قائل نہیں تھے امام بغویؒ نے ان پر سخت نکیر فرمائی ان کے صاحبزادے کا ارشاد ہے کہ میرے والد یعنی امام بغویؒ نے ان تینوں قرأتوں کے متواتر ہونے پر نص فرمایا۔ اور یہ فرمایا کہ ان تمام قرأت کا نزول مہبط وحی سید الکونین خاتم النبیین محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ کی جانب سے ہوا۔ جب ان قرأتوں کا بالخصوص القرأت السبع کا متواتر ہونا ائمہ کی تصریحات سے ثابت ہوگیا تو ان کی حفاظت ضروری ہوگئی اور ان تمام قرأت سے قرآن حکیم کا پڑھنا کسی نہ کسی درجے میں لازمی ہوگیا صدیق محترم جناب قاری حبیب اللہ فضل صاحب مدظلہ العالی نے اُردو زبان میں موضح القرأت تالیف فرما کر اردو داں طبقے کے لئے قرأت سبع کو آسان کر دیا اور ان کے لئے بھی اس کا موقع فراہم کر دیا کہ قرآن حکیم کو اس کی سات متواتر قرأتوں میں تلاوت کر کے قرآن کریم کی ہر جہتی حفاظت کی سعادت حاصل کر سکیں۔

حق تعالیٰ اس کتاب کو شرف قبولیت بخشے اور امت مسلمہ کو اس سے استفادہ کی توفیق مرحمت فرمائے۔

حضرت قاری صاحب قبلہ کو اجر جزیل مرحمت فرمائے اللّٰھُمَّ آمین!

(حضرت علامہ) سید منتخب الحق قادری (مدظلہم)

سابق رئیس کلیہ معارف اسلامیہ کراچی یونیورسٹی

و شیخ الحدیث دارالعلوم قمر الاسلام کراچی ۱۶

بروز سہ شنبہ ۹ جمادی الثانی ۱۳۹۷ھ مطابق ۹ جولائی ۱۹۷۷ء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہمارے محترم جناب قاری حبیب اللہ صاحب جو فن تجوید و قرارت کے ماہر اور کراچی کے بہت سے قرّاء کے استاذ ہیں۔ آپ نے سبعہ قرارت پر اُردو زبان میں **موضح القرآت فی السّبع المتواترات** کے نام سے زیر نظر کتاب تالیف فرما کر بڑا ہی احسان فرمایا جس سے اس فن کے سیکھنے والوں کے لئے بڑی آسانی ہوگئی۔ اس کے ساتھ ائمہ قرارت کے حالات و سوانح جمع فرما کر اس کی افادیت کو دوبالا کر دیا۔ افسوس ہے کہ یہ فن جتنا اہم اور ضروری ہے اتنی ہی اس کی طرف توجہ کم ہے۔ عموماً اہل علم بھی اس کی طرف متوجہ نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر عطا فرماویں کہ انھوں نے تسہیل کے ذریعہ ترغیب کی صورت پیدا کر دی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس خدمت کو قبول فرمائیں اور ہم سب کو اس سے استفادہ کی توفیق بخشیں، واللہ الموفق والمعین۔

بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ

(مفتی اعظم پاکستان) صدر دار العلوم کراچی، ۲۶ شعبان ۱۳۸۴ھ
مطابق ۳۱ دسمبر ۱۹۶۴ء بروز پنجشنبہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وکفیٰ وسلامٌ علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ، امّا بعد۔ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا وہ معجزۂ ربّانیہ ہے جس کی قیامت تک حفاظت کی ذمّہ داری خود ہی لے لی ہے۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحَافِظُوْنَ تاکہ قیامت تک آنے والی نسلوں پر اللہ تعالیٰ کی حُجّت قائم رہے، اللہ تعالیٰ نے ہر دور میں علماء اُمّت کے ذریعہ اس کی ہر ہر چیز کی حفاظت کرائی ہے اس کے الفاظ اس کے معانی اس کے حروف، مدّات، حرکات، سکنات، اعراب، وقوف تجوید کلمات رسم الخط سب ہی کو محفوظ فرمادیا ہے۔ سفینوں میں نہیں سینوں میں اس کی حفاظت کا سامان کیا ہے اور یہاں تک حد ہوگئی کہ قُرّاء کرام کے ذریعہ اس کی قرارت کے لہجات واصوات تک کی حفاظت فرمادی۔ سُبحان اللہ حفاظت ہو تو ایسی ہو، واقعی وَاِنَّا لَہٗ لَحَافِظُوْنَ کی مشاہداتی تفسیر دنیا کے سامنے ہر وقت موجود ہے جس کا جی چاہے دیکھ لے۔ ابتداءً اللہ تعالیٰ نے مختلف قوموں اور لہجوں کے پیشِ نظر تسہیل و آسانی کی خاطر سات طریقوں تک پڑھنے کی گنجائش رکھی تھی ان میں سے ایک خاص طریقہ باقی رکھا اور اس کے پڑھنے اور تلفّظ کی حفاظت سات قُرّاء کرام سے کرائی اور وہی آجکل قرات سبعہ کے نام سے مشہور ہیں اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے قرآن کریم کی سات نقلیں سات ممالک اسلامیہ لکھوا کر بھیجیں تھیں وہی آج دُنیا میں سات قرأتیں ہوگئیں، سات قراتوں کی تفصیلات اور اختلافات ایک خالص علمی تحقیقی کارنامہ ہے عربی زبان میں اس کی مشہور کتاب "الشّاطبیہ" کے نام سے ہے جو بہت دقیق اور مشکل کتاب ہے اس کی شرحیں عربی اور اُردو میں لکھی گئیں ہمارے مخلص محترم جناب حافظ قاری مولانا محمد حبیب اللہ خاں صاحب جو کراچی کے آجکل مشہور و معروف استاذ القُرّاء ہیں انھوں نے چاہا کہ یہ نعمت یعنی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قرارت سبعہ کا علم علماء تک مخصوص نہ رہے بلکہ عام مسلمان بھی اس نعمت سے بہرہ ور ہوں ایک جامع آسان فہم سلیس اُردو میں ایک کتاب "موضح القرأات فی السبع المتواترات" تالیف فرمائی اور اس کی تعلیم و تفہیم کے لئے علم تجوید کے ضروری قواعد و اصطلاحات اور ان کی تشریحات قرّاء سبعہ کے حالات اور ان کے اسماء کے رُموز اور ان کے رواۃ پر ان کے رُموز خاص خاص آیات میں جائز و ناجائز وجوہ کی تفصیلات اور جدولیں، نقشے سب ہی تحریر فرمادی ہیں تاکہ کسی کو کوئی دِقّت پیش نہ آئے۔ پہلا پارہ جستہ جستہ نظر سے گذرا شاید اس انداز سے اُردو زبان میں یہ پہلی خدمت ہو، اللہ تعالیٰ اس خدمت کو قبول فرمائے اور اُمّت کو نفع پہنچائے اور حضرت قاری صاحب کو بیش از بیش اس قرآنی معجزہ کی خدمت نصیب فرمائے واللہ ولی التوفیق۔

(شیخ الحدیث علامہ) محمد یوسف بنوری عفا اللہ عنہ

خادم العلوم

حدیث مدرسہ عربیہ اسلامیہ

کراچی۔ ۵

۱۷ــ۵ــــ۱۳۸۴ھ

مطابق ۲۵ر دسمبر ۶۴ء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی انزل علی عبدہ الکتاب الصلوٰۃ
والسلام علی من ارسل الی الناس کافۃً وادنی فصل الخطاب

اما بعد۔ قرآن کریم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بے شمار معجزوں میں سے ایک دائمی اور غیر فانی معجزہ ہے جس کی اعجازی حیثیت صرف معانی اور مفہومات تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ معنوی اعجاز اور نہایت بلاغت کے ساتھ ساتھ لفظی اور تعبیری بلاغت بھی حدِّ اعجاز نقطہ کمال تک پہنچی ہوئی ہے۔ مفسّرین نے اس کی معنوی بلاغت سے افرادِ اُمّت کو روشناس کرایا ہے۔ اور عُلماء تجوید اور قُرّاء حضرات نے اس کے الفاظ و حروف کی ادائیگی اور اختلافِ قِرااٰت کے تحفّظ کی خدمت انجام دی ہے۔ تاریخ عالم میں یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ نزول قرآن کے وقت سے لے کر آج تک پوری اعتمادی کیفیت کے ساتھ تحفّظ قرآن کے ہر گوشہ میں حفاظتِ قرآن کا وعدۂ الٰہی مسلسل طور پر پُورا ہوتا چلا آرہا ہے اور ہمارا ایمان ہے کہ رہتی دُنیا تک پورا ہوتا رہے گا۔

قابل مبارک باد ہیں وہ لوگ جو تعلیم و تعلّم یا تصنیف و تالیف کے ذریعہ حفاظت قرآن کا سبب بنتے رہے ہیں اور بنتے رہیں گے۔

قرااٰت سبعہ یا عشرہ وغیرہ کے موضوع پر اسلاف قُرّاء کی مستند اور معتمد کتابیں نظم و نثر میں موجود ہیں لیکن وہ اپنے اعجاز و اختصار اور اشارات کی وجہ سے فی الجملہ مشکل ہیں۔ اور باوجودیکہ اس فن کی اشاعت و تحصیل بھی انتہائی ضروری اور فرض کفایہ ہے۔ لیکن یہ ایک امر واقعہ ہے کہ جس قدر یہ فن اہم اور ضروری ہے اس کے مناسب اس کی اشاعت نہیں ہے جس کی بڑی وجہ کتب فن کی عبارتوں کا مشکل ہونا بھی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں بھی فنِ تجوید و قرات سے کماحقہٗ واقف نہیں ہوں تاہم بعض اساتذہ کے ذریعہ اجمالی تعارف حاصل ہوا ہے اور بعض اکابر مجوّدین سے مشق بھی کی ہے۔

مجھے یہ دیکھ کر بڑی مسرت ہوئی کہ مولانا القاری المقری الحافظ محمد حبیب اللہ خاں صاحب تلمیذ ارشد حضرت استاذ الاساتذہ الشیخ القاری المقرئی محمد عبدالمالک العلیگڈھی قدس سرہ العزیز نے قرأت سبعہ میں ایک کتاب مسمّٰی بہ "موضح القرات فی السبع المتواترات" تالیف فرمائی ہے۔ جس میں فن قرأت سبعہ کی اصطلاحات کو بھی واضح طریق پر بیان فرمایا ہے اور مزید افادیت کے لئے ائمہ قرات (قرّاء سبعہ) اور ان کے رُواۃ کے حالات زندگی اور کوائف علمیہ بھی بیان فرمائے ہیں۔ نیز اُصولی اور فروشی اختلافات قرأت کو سہل انداز میں ذکر کیا ہے۔ اور چونکہ اختلاف قرأت کو جان لینے کے بعد بھی اجراء میں دشواری پیش آیا کرتی ہے۔ اس لئے قاری صاحب موصوف نے تحریری اجراء اور مشق کے لئے بھی بہت آسان طرز اختیار فرمایا ہے کہ قرآن کریم کے ایک ایک صفحہ کی عبارت لکھ کر اس کے ساتھ دُوسرے صفحہ پر اختلاف قرأت و روایات کو تحریر فرمایا ہے۔ پھر جو کلمات مکرّر آتے ہیں ان میں صرف پہلی مرتبہ اختلاف مذکور بیان کر دینے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ ہر دفعہ مُفصّل طور پر اختلاف کو بیان فرما دیا ہے تاکہ موقعہ اوّل کی طرف بار بار مراجعت کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔

میری دلی دُعا ہے کہ حق تعالیٰ قاری صاحب موصوف کی اس مخلصانہ خدمت قرآن کریم کو اعلیٰ درجہ کا شرفِ قبولیت بخشیں اور اس تصنیف کی افادیت عام سے عام تر ہو۔ آمین۔

(خطیب پاکستان مولانا) احتشام الحق تھانوی مہتمم دارالعلوم الاسلامیہ

ٹنڈو الہ یار حیدر آباد سندھ

۵۹ جیکب لائن۔ کراچی

۲۱ مارچ ۶۵ء مطابق ۱۸ ذیقعدہ ۱۳۸۴ھ یک شنبہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ضروری قواعد

حروفِ مَدّہ :۔ حروفِ مَدّہ تین ہیں وَاوْ ، یَا ، الف جیسے اُوْتِیْنَا، اُوْذِیْنَا۔

واوِ مَدّہ :۔ واوِ ساکن سے پہلے پیش ہو جیسے قُوْلُوْا۔

یائے مَدّہ :۔ یائے ساکنہ سے پہلے زیر ہو مثلاً فِیْ ، بِیْ۔

الف :۔ الف ہمیشہ مَدّہ ہوتا ہے یعنی الف ہمیشہ ساکن اور اس کے ماقبل زَبَر ہوتا ہے۔ جیسے قَالَا ، مَالَا۔

حروفِ لین :۔ حروفِ لین دو ہیں۔ واوِ ساکن اور یائے ساکن۔ جبکہ ان سے پہلے زَبَر ہو جیسے خَلَوْا ، عَلَیْہِ۔

مَدّ :۔ لُغت میں دراز کرنے اور کھینچنے کو کہتے ہیں اور اصطلاح تجوید میں اس سے مراد ہے حروفِ مدّہ کو ایک الف سے زیادہ دراز کرنا اور کھینچنا۔ مَدّ کی دو قسمیں ہیں۔ مَدِّ اصلی و مَدِّ فرعی۔

مَدِّ اصلی :۔ حروفِ مَدّہ کے بعد سکون اور ہمزہ نہ ہو تو اسے مَدِّ اصلی ، مَدِّ ذاتی اور مَدِّ طبعی کہتے ہیں جیسے سَبِیْلِی، اَمْرِیْ۔ تَعُوْلُوْا ۔ اس کی مقدار صرف ایک الف ہے، نہ اس سے کم نہ زیادہ۔

مَدِّ فرعی :۔ حروفِ مَدّہ یا حروفِ لین کے بعد ہمزہ یا سکون ہو تو اسے مَدِّ فرعی کہتے ہیں۔ تفصیل یہ ہے:۔

مَدِّ متصل :۔ حروفِ مَدّہ کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں ہو تو اسے مَدِّ متصل اور مَدِّ واجب کہتے ہیں۔ مثلاً سَآءَ ، سُوْٓءَ ، سِیْٓئَتْ۔

مَدِّ منفصل :۔ حروفِ مَدّہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں ہو تو اسے مَدِّ منفصل و مَدِّ جائز

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کہتے ہیں۔ مثلاً فِیْ اَنْفُسِکُمْ ، مَا اُنْزِلَ ، قَالُوْٓا اٰمَنَّا ،

مَدِّ لین: حروف لین کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں ہو تو اسے بروایت ورش مَدِّ لین کہتے ہیں۔ جیسے شَیْءٌ ، سَوْءَۃٌ۔

مَدِّ بدل:۔ ہمزہ ثابت یا مُغیّر کے بعد حرف مَدّہ ہو یا حرف مَدّہ سے پہلے ہمزہ ثابت یا مُغیّر ہو تو اس کو مَدِّ بدل کہتے ہیں،

ہمزہ ثابت کی مثال: اٰمَنَ۔ اِیْمَانًا۔ اُوْتُوْا۔

ہمزہ کا تغیّر تین طرح ہوتا ہے (۱) تسہیل (۲) ابدال (۳) نقل۔

تسہیل کی مثال:۔ ءَاَنْتُمْ ، ءَاَنْذَرْتَھُمْ ، ءَاَلْقِیَ۔

(بین الہمزۃ والالف) (بین الہمزۃ والیاء) (بین الہمزہ والواو)

ابدال کی مثال:۔ ھٰٓؤُلَآءِ یَا بِھَۃً ، اٰمَنْتُمْ۔

(ھٰٓؤُلَآءِ اِیَّاکُمْ) (ءَاٰمَنْتُمْ)

نقل کی مثال:۔ مَنِ اسْمُہٗ ، مَنُ ادْعُنِیْ ، لِلْاِیْمَانِ۔

مذکورہ چاروں مدّات یعنی مدّ متصل و منفصل اور مدّ لین و مدّ بدل کی مقدار میں قُرّاء کا اختلاف ہے

مَدِّ لازم: حروف مَدّہ کے بعد سکون اصلی یا لازمی ہو تو اسے مَدِّ لازم کہتے ہیں۔ اس کی چار قسمیں ہیں:۔

(۱) مَدِّ لازم حرفی مُثقّل (۲) مَدِّ لازم حرفی مُخفّف۔

(۳) مَدِّ لازم کلمی مُثقّل (۴) مَدِّ لازم کلمی مُخفّف۔

مَدِّ لازم حرفی مُثقّل:۔ حروف مقطعات میں حرف مَدّہ کے بعد تشدید ہو تو اُسے مَدِّ لازم حرفی مُثقّل کہتے ہیں۔ جیسے الٓمّٓ میں لَامْ کا مَدّ۔

مَدّ لازم حرفی مُخفّف:۔ حروف مقطعات میں حرف مَدّہ کے بعد محض سکون ہو تو اسے مَدّ لازم حرفی مُخفّف کہتے ہیں۔ مثلاً قٓ ، صٓ۔

مَدِّ لازم کلمی مُثقّل:۔ حروف مقطعات کے علاوہ کسی کلمہ میں حرف مَدّہ کے بعد تشدید ہو تو اُسے مَدِّ لازم کلمی مُثقّل کہتے ہیں۔ جیسے دَآبَّۃٍ ، کَآفَّۃً۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَدِّ لازم کلمی مُخَفَّف:۔ حروف مُقطّعات کے علاوہ کسی کلمہ میں حرف مَدّہ کے بعد محض سکون ہو مثلاً آلْئٰنَ جمہور کے قول کے مطابق مَدِّ لازم کی چاروں قسموں میں یکساں طول (تین یا پانچ الف) ہوگا۔

مَدِّ لین لازم:۔ حرف لین کے بعد سکون اصلی ولازمی ہو تو اُسے مَدِّ لین لازم کہتے ہیں جیسے کٓهٰيٰعٓصٓ ، طٰسٓمٓ میں عَیْن کا مَدّ۔

اس میں طول افضل، توسّط جائز اور قصر نہایت ضعیف ہے۔

مَدِّ لین عارض: حروف لین کے بعد سکون عارضی ہو، خواہ وہ وقف کی وجہ سے ہو یا ادغام کی وجہ سے۔ اسے مَدِّ لین عارض کہتے ہیں۔ اس میں پہلے قصر پھر توسّط اور پھر طول اَوْلیٰ ہے۔

سکون وقفی کی مثال:۔ خَوْفٍ ۝

ادغام کے سکون کی مثال:۔ كَيْفَ فَعَلَ (بروایت حضرت سُوسیؒ)

مَدِّ عارض:۔ حروف مَدّہ کے سکون عارضی ہو، خواہ وہ وقف کی وجہ سے ہو یا ادغام کی وجہ سے تو اسے مَدِّ عارض کہتے ہیں۔ اس میں جملہ قُرّاء کے نزدیک پہلے طول پھر توسّط اور پھر قصر اَوْلیٰ ہے۔

سکون وقفی کی مثال:۔ نَسْتَعِيْنُ ۝

ادغام کے سکون کی مثال:۔ اَلرَّحِيْمُ مٰلِكِ (بروایۃ حضرت سُوسیؒ)

ادغام:۔ کسی ساکن حرف کو کسی متحرّک حرف میں اس طرح ملا دینا کہ وہ دونوں حرف ایک حرف مشدّد بن کر ایک ہی تلفّظ سے ادا ہوں جیسے قَدْ دَّخَلُوْا۔ بَلْ لَّا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تشریح اصطلاحات

صلہ:۔ حرکت (زیر، پیش) کو اتنا دراز کر کے پڑھنا کہ یائے مَدّہ اور واو مَدّہ پیدا ہو جائے اس کو اشباع بھی کہتے ہیں۔

میم جمع:۔ هُمْ۔ كُمْ، تُمْ، کے میم کو میم جمع کہتے ہیں۔

صلۂ میم جمع:۔ میم کو پیش دینے کے بعد اتنا دراز کر کے پڑھنا کہ واو مَدّہ پیدا ہو جائے۔ جیسے عَلَيْهِمْ (عَلَيْهِمُوْ)، لَكُمْ (لَكُمُوْ)، اَنْتُمْ (اَنْتُمُوْ)

میم جمع کا ترکِ صلہ:۔ میم کو ساکن پڑھنا۔ جیسے هُمْ۔ كُمْ۔ تُمْ۔

ہائے ضمیر کا صلہ: ہائے ضمیر کی حرکت (زیر یا پیش) کو اتنا بڑھا کر پڑھنا کہ یائے مَدّہ یا واو مدّہ پیدا ہو جائے۔ جیسے۔ بِهٖ (بِهِيْ)۔ لَهٗ (لَهُوْ)

ہائے ضمیر کا ترک صلہ:۔ ہائے ضمیر کی حرکت کو دراز کئے بغیر اس طرح پڑھنا کہ تلفّظ میں صرف ایک حرکت (زیر یا پیش) ظاہر ہو۔ جیسے اَرْجِهْ، يَرْضَهُ۔

تحقیق:۔ ہمزہ کو اس کے مخرج وصفات کے ساتھ ادا کرتے ہوئے سختی اور تحقیق سے پڑھنا۔

تسہیل:۔ ہمزہ کو نرم کر کے خود ہمزہ اور اس حرفِ علّت کے درمیان پڑھنا جو ہمزہ کی حرکت کے موافق ہو۔

تسہیل ہمزہ، واو، یا، اور الف کے درمیان ہوا کرتی ہے۔ کبھی اس سے مطلق تغیّر (تخفیف) بھی مراد ہوتا ہے۔

نقل:۔ ہمزہ کی حرکت ماقبل ساکن کو دے کر اسے حذف کر دینا جیسے مَنْ اٰمَنَ، قَدْ اَفْلَحَ۔

ادخال:۔ ہمزتَیْن کے درمیان الف زیادہ کرنا۔ اس کو کبھی مَدّ سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔ جیسے۔ ءَاَنْتُمْ۔ ءَاُلْقِيَ۔

ابدال:۔ ہمزۂ ساکنہ کو ماقبل حرکت کے موافق حرف سے بدل دینا۔ جیسے اٰمَنُوْا۔ مُؤْمِنِيْنَ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِیْرِ۔ تثلیث۔ قصر، توسّط، طول، تینوں وجوہ) پڑھنا جو ورش رحمہ اللہ کے لئے مخصوص ہیں۔

اِسکان: حرف کو ساکن پڑھنا۔

رَوم:۔ حرکت (زیر، پیش) کا ایک تہائی حصّہ ادا کرنا۔ جیسے بِالدِّیْنِ ۝ نَسْتَعِیْنُ ۝ (ناقص زیر و پیش ادا کرنا)

اِخْتِلاس:۔ حرکت کا دو تہائی حصہ ادا کرنا۔

اشمام:۔ اس کی تین قسمیں ہیں:۔

(۱) حرف مضموم کو ساکن کرنے کے بعد ہونٹوں سے ضمہ کی طرف اشارہ کرنا دونوں ہونٹوں کو گول کر دینا) یہ تمام قُرّاءؒ کے لئے جائز ہے مثلاً یَفْعَلُ ۝

(۲) اشمام الحرف بالحرف، ایک حرف کو دوسرے میں مخلوط کر کے پڑھنا یعنی اس میں دوسرے حرف کی بُو پیدا کر دینا۔ جیسے اَلصِّرَاطَ۔ حضرت امام حمزہؒ کوفی کی قراءت میں صاد کو زا میں مخلوط کر کے یعنی صفت جہر، استعلا، اور اطباق کے ساتھ ادا کرتے ہوئے زا مُفَخَّم کی طرح (اَلزِّرَاطَ) پڑھتے ہیں، اسی کو اشمام الحرف بالحرف کہتے ہیں

(۳) اشمام الحرکت بالحرکت:۔ کسی حرکت کو دوسری حرکت میں مخلوط کر کے پڑھنا۔ جیسے قِیْلَ۔ حضرت ہشامؒ کی روایت اور حضرت امام کسائی کوفی کی قرارت میں قاف کے زیر میں پیش کی بُو دے کر قُیْلَ پڑھتے ہیں۔

فتحہ:۔ اس سے زبر کی حرکت مُراد نہیں بلکہ امالہ کے مقابلہ میں اصطلاحاً مستعمل ہوتا ہے۔ مطلب یہ کہ اس کلمہ کی حرکتِ فتحہ اور الف کو کامل انفتاحِ فم اور صوت کے ساتھ (بغیر جھکاتے) ادا کیا جائے۔ جیسے طَغٰی، وَتَوَلّٰی۔

امالہ:۔ اس کی دو قسمیں ہیں، (۱) امالہ کبریٰ (۲) امالہ صُغریٰ۔

امالہ کبریٰ:۔ زبر کو زیر کی طرف اور اَلِف کو یا کی جانب اس طرح مائل کرنا کہ پڑھنے میں زیر مجہول اور یائے مجہول ظاہر ہو۔ جس طرح اُردو میں آئے اور سویرے کا تلفظ ہے اسی طرح یَغْشٰی اور مَجْرٖیھَا میں امالہ کا تلفظ بھی آئے کی یا اور سویرے کے را کی طرح ہونا چاہیئے جیسے یَغْشٰے۔ مَجْرٖے ھَا۔ اس کو امالہ محضہ اور اضجاع بھی کہتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امالہ صغریٰ:۔ زَبَرْ کو زیر کی طرف اور اَلِفْ کو یاء کی جانب اس طرح مائل کرکے (جُھکاکر) پڑھنا کہ زَبَرْ اور اَلِفْ کا رُجحان پایا جائے۔ جیسے اَلْمُوْتٰی، وَالسَّلْوٰی۔ اس کو تقلیل اور بَیْن بَیْن یعنی بَیْنَ اللَّفْظَیْن بھی کہتے ہیں۔ اس کی مثال نہیں دی جاسکتی، کیونکہ یہ صرف ماہر اُستاذ سے سُننے پر موقوف ہے۔

وقف:۔ آخر کلمۂ غیر موصولہ پر آگے پڑھنے کی نیّت سے اتنی دیر آواز توڑ دینا کہ عادت کے مطابق سانس بھی لیا جا سکے یا آخر کلمۂ غیر موصولہ پر (آگے قراءت کی نیّت سے) آواز اور سانس دونوں توڑ دینا۔

سکتہ:۔ پڑھتے ہوئے کسی ساکن حرف پر کچھ دیر آواز روک کر سانس لئے بغیر فوراً آگے پڑھنا شروع کر دینا۔ جیسے مَنْ سَکْتَہ اٰمَنَ، شَیْءٌ سَکْتَہ، وَالْکِتٰبَ سَکْتَہ۔ اس کو سکتہ لطیفہ، سکتہ قلیلہ اور سکتہ قصیرہ بھی کہتے ہیں۔

یائے اضافت:۔ یہ یائے متکلم سے عبارت ہے جو اسم، فعل اور حرف کے اخیر میں لاحق ہوتی ہے۔ جیسے نَفْسِیْ، لِیَبْلُوَنِیْ، اِنِّیْ۔

اس کی جگہ پر ھائے ضمیر اور کاف کا استعمال اس کے پہچان کی علامت ہے۔ جیسے نَفْسُہٗ۔ نَفْسُکَ۔ لِیَبْلُوَہٗ۔ لِیَبْلُوَکَ۔ اِنَّہٗ۔ اِنَّکَ۔

اس کو نَفْسِ (کلمہ لام کلمہ) میں نہ آنے کی وجہ سے زائدہ بھی کہتے ہیں۔ بعض قُرّاء وصلاً اس کو ساکن اور بعض زَبَرْ کی حرکت دے کر پڑھتے ہیں اور وقفاً سب قُرّاء ساکن پڑھتے ہیں۔

یائے زائدہ:۔ وہ یاء جو مصاحف (رسم خط) میں غیر مرسوم اور معنیً مُراد ہو اس کو بعض قاری حذف کرکے پڑھتے ہیں اور بعض ثابت رکھتے ہیں۔ یہ اسم و فعل کے آخر میں لاحق ہوتی ہے۔ اسم کی مثال وَالْبَادِ۔ بِالْوَادِ۔

فعل کی مثال: یَاْتِ۔ نَبْغِ ——— ۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رُموز واسمائے قُرّائے سبعہؒ ورُوات

نمبر شمار	رُموز	ائمہ	رُواۃ		
۱	اَبجَدْ	ا	ب	ج	
		نافع مدنیؒ	قالونؒ (عیسیٰؒ)	ورشؒ (عثمانؒ)	
۲	دَھَزْ	د	ھ	ز	
		عبداللہ ابن کثیر مکیؒ	احمد بزیؒ	محمد قنبلؒ	
۳	حُطِّیْ	ح	ط	ی	
		ابوعمرو بصریؒ (زبان بن علاءؒ)	دُوریؒ (ابوعمر حفصؒ)	سوسیؒ (ابوشعیب صالح بن زیادؒ)	
۴	کَلِمُنْ	ک	ل	م	
		عبداللہ ابن عامر شامیؒ	ہشامؒ (ابوالولید ابن عمارؒ)	ابن ذکوانؒ (عبداللہ بن احمد بن ذکوانؒ)	
۵	نَصَعْ	ن	ص	ع	
		عاصم کوفیؒ (ابوبکر بن عبداللہ ابی النجودؒ)	شعبہؒ (ابوبکر ابن عیاشؒ)	حفصؒ (ابوعمرو بن سلیمانؒ)	
۶	فَضَقْ	ف	ض	ق	
		حمزہؒ کوفیؒ (ابوعمارہ بن حبیبؒ)	خلفؒ بزارؒ (ابومحمد بن ہشامؒ)	خلادؒ (ابوعیسیٰؒ)	
۷	رَسَتْ	ر	س	ت	
		کسائی کوفیؒ (ابوالحسن علی بن حمزہؒ)	ابوالحارثؒ (لیث بن خالدؒ)	دُوریؒ	

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مذکورہ نقشہ میں قرّائے سبعہ، ان کے رُوات کے نام اور رُموز کا بیان ہوچکا۔ چونکہ مختلف فیہ کلمہ کے انواع الفاظ وحی کے ذکر کا التزام کیا گیا ہے اس لئے قواعد اصولی و فرشی کے بیان کرنے کی ضرورت باقی نہ رہی۔ پھر بھی اگر ضروری ہوا تو ہر قاری کے اصول علٰحدہ علٰحدہ بیان کر دیئے جائیں گے۔

البتہ حضرت ورشؒ کے لئے مَدِّ بدل و مَدِّلین، مَدِّلین و یائی، مَدِّ بدل و یائی، مَدِّ بدل مَدِّلین و یائی کے جمع ہونے کی حالت میں جو اَشکال دو وجوہ نکلتی ہیں ان کا بیان از حد ضروری ہے تاکہ اجراء کے وقت وجہ صحیح و غیر صحیح میں فرق اور امتیاز ہوجائے اور پڑھنے میں غلطی کرنے سے محفوظ رہ سکیں۔

یہ اَشکال اجتماعی حالات یعنی دو، دو، تین تین جمع ہونے کی صورت میں بارہ ہیں۔ جن کو ذیل کی بارہ جدولوں کے ذریعہ واضح کیا گیا ہے۔

جدول ۱

جائز وجوہ

مثال	تعداد وجوہ	مَدّ لین مقدم	مَدّ بدل مؤخر
آمَنُوا ۔ آمَنُوا ۔ آمَنُوا	۱	توسّط	قصر
	۲	〃	توسّط
	۳	〃	طول
	۴	طول	〃
ناجائز وجوہ			
	۱	طول	قصر
	۲	〃	توسّط

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جدول ۲

جائز وجوہ

مثال	تعداد وجوہ	مدّ بدل مُقدّم	مدّین مؤخّر
وَاتَيْنَاهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا	۱	قصر	توسّط
	۲	توسّط	″
	۳	طول	″
	۴	″	طول
ناجائز وجوہ			
	۱	قصر	طول
	۲	توسّط	″

جدول ۳

جائز وجوہ

مثال	تعداد وجوہ	مدّین مُقدّم	یائی مؤخّر
وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ وَاِنْ عَسٰى اَنْ يَّكُوْنَ	۱	توسّط	فتحہ
	۲	″	تقلیل
	۳	طول	فتحہ
	۴	″	تقلیل
ناجائز وجوہ			
ناجائز کوئی وجہ نہیں			

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جدول ۴

جائز وجوہ

مثال	تعداد وجوہ	یائی مُقدّم	مدّ لین مؤخر
وَعِيسَى أَنْ يَكُونَ قَرِيبًا	۱	فتحہ	توسّط
	۲	〃	طول
	۳	تقلیل	توسّط
	۴	〃	طول
	ناجائز وجوہ		
	ناجائز کوئی وجہ نہیں		

جدول ۵

جائز وجوہ

مثال	تعداد وجوہ	مدّ بدل مُقدّم	یائی مُؤخّر
وَيَكْفُرُونَ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ	۱	قصر	فتحہ
	۲	توسّط	تقلیل
	۳	طول	فتحہ
	۴	〃	تقلیل
	ناجائز وجوہ		
	۱	قصر	تقلیل
	۲	توسّط	فتحہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جدول ۶

جائز وجوہ

مثال	تعداد وجوہ	یائے مُقدّم	مدِّ بدل مُؤخّر
وَعَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ	۱	فتحہ	قصر
	۲	؍؍	طول
	۳	تقلیل	توسّط
	۴	؍؍	طول
ناجائز وجوہ			
	۱	تقلیل	قصر
	۲	فتحہ	توسّط

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جدول ۷

جائز وجوہ

مثال	تعداد وجوہ	مدّ بدل	یائی	مدّلین
وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ قَبْلُ مِنْ اٰيٰتٍ بَيِّنٰتٍ فَمَا اخْتَلَفُوْا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ	۱	قصر	فتحہ	توسّط
	۲	توسّط	تقلیل	؍؍
	۳	طول	فتحہ	؍؍
	۴	؍؍	؍؍	طول
	۵	؍؍	تقلیل	توسّط
	۶	؍؍	؍؍	طول
ناجائز وجوہ				
	۱	قصر	فتحہ	طول
	۲	؍؍	تقلیل	توسّط
	۳	؍؍	؍؍	طول
	۴	توسّط	؍؍	؍؍
	۵	؍؍	فتحہ	توسّط
	۶	؍؍	؍؍	طول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جدول ۸

جائز وجوہ

مثال	تعداد وجوہ	مدّ بدل	مدِّ لین	یائی
فَمَا اَوْلَمْ مِنْ شَيْءٍ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	۱	قصر	توسّط	فتحہ
	۲	توسّط	〃	تقلیل
	۳	طول	〃	فتحہ
	۴	〃	〃	تقلیل
	۵	〃	طول	فتحہ
	۶	〃	〃	تقلیل
ناجائز وجوہ				
	۱	قصر	توسّط	تقلیل
	۲	〃	طول	فتحہ
	۳	〃	〃	تقلیل
	۴	توسّط	توسّط	فتحہ
	۵	〃	طول	〃
	۶	〃	〃	تقلیل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جدول ۹

جائز وجوہ

مثال	تعداد وجوہ	مدّ لین	مدّ بدل	یائی
ایک آیت میں تینوں مدوں کے جمع ہونے کی مثال وقف اور ان میں جائز وجوہ	۱	توسّط	قصر	فتحہ
	۲	〃	توسّط	تقلیل
	۳	〃	طول	فتحہ
	۴	〃	〃	تقلیل
	۵	طول	〃	فتحہ
	۶	〃	〃	تقلیل
ناجائز وجوہ				
	۱	توسّط	قصر	تقلیل
	۲	〃	توسّط	فتحہ
	۳	طول	قصر	〃
	۴	〃	〃	تقلیل
	۵	〃	توسّط	فتحہ
	۶	〃	〃	تقلیل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جدول ۱۰

جائز وجوہ

مثال	تعداد وجوہ	مدّ لین	یائی	مدّ بدل
وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ	۱	توسّط	فتحہ	قصر
	۲	″	″	طول
	۳	″	تقلیل	توسّط
	۴	″	″	طول
	۵	طول	فتحہ	″
	۶	″	تقلیل	″
	۱	توسّط	تقلیل	قصر
	۲	″	فتحہ	توسّط
	۳	طول	″	قصر
	۴	″	″	توسّط
	۵	″	تقلیل	قصر
	۶	″	″	توسّط

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جدول ۱۱

جائز وجوہ

مثال	تعداد وجوہ	یائی	مدّلین	مدّبدل
	۱	فتحہ	توسّط	قصر
	۲	〃	〃	طول
	۳	〃	طول	〃
	۴	تقلیل	توسّط	توسّط
	۵	〃	〃	طول
	۶	〃	طول	〃

ناجائز وجوہ

۱	فتحہ	توسّط	توسّط
۲	〃	طول	قصر
۳	〃	〃	توسّط
۴	تقلیل	توسّط	قصر
۵	〃	طول	〃
۶	〃	〃	توسّط

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جدول ۱۲

جائز وجوہ

مثال	تعداد وجوہ	یائی	مدِ بدل	مدِ لین
إِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصَّابِئُونَ وَالنَّصَارَىٰ وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا إِنَّ اللَّهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ	۱	فتحہ	قصر	توسّط
	۲	〃	طول	〃
	۳	〃	〃	طول
	۴	تقلیل	توسّط	توسّط
	۵	〃	طول	〃
	۶	〃	〃	طول

ناجائز وجوہ

	۱	فتحہ	توسّط	توسّط
	۲	〃	قصر	طول
	۳	〃	توسّط	طول
	۴	تقلیل	قصر	توسّط
	۵	〃	〃	طول
	۶	〃	توسّط	〃

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُورَۃُ الفَاتِحَۃ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مٰلِكِ

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ وحمزہؒ میم کو الف کے بغیر (مَلِكِ اور عاصمؒ وکسائیؒ میم کے بعد الف (مٰلِكِ) پڑھتے ہیں۔

وَاِيَّاكَ (وقفاً)

حمزہؒ کے لئے دو وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کی تحقیق (۲) ہمزہ کی کالیا تسہیل۔

الصِّرَاطَ

نافعؒ، بزیؒ، بصریؒ، شامیؒ، عاصمؒ وکسائیؒ خالص صاد اور قنبلؒ ہر جگہ سین پڑھتے ہیں۔ خلفؒ مطلقاً اور خلادؒ اسی مقام پر صاد کا زا میں اشمام (صاد کو زا میں مخلوط) کر کے صفتِ جہر، استعلاء و اطباق ادا کرتے ہوئے زائے مُفخّم کی مانند (یہی اشمامُ الحرفِ بالحرف ہے) پڑھتے ہیں

صِرَاطَ۔

نافعؒ، بزیؒ، بصریؒ، شامیؒ، عاصم، خلادؒ اور کسائیؒ خالص صاد اور قنبلؒ سین پڑھتے ہیں اور خلفؒ اشمام کرتے ہیں۔

عَلَيۡهِمۡ (دو جگہ)

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترکِ صلہ وصلہ اور عبداللہ بن کثیر مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ورشؒ، بصریؒ، شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ و کسائیؒ حالتین میں صلہ کے بغیر پڑھتے ہیں۔

عَلَيْهِمْ (دو جگہ)

حمزہ حالتین میں (وصلاً و وقفاً) ھا کا پیش اور باقی چھ قرّاء زیر پڑھتے ہیں۔

الضَّآلِّيْنَ ○

سب قرّاء مدِّ لازم میں طول (پانچ یا تین الفی مَدّ) علی التّساوی کرتے ہیں۔

ادغام کبیر: الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ (وصلاً)

سُوسی ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

بَيْنَ السُّوْرَتَيْن

یعنی سورۂ فاتحہ پڑھنے کے بعد سُورۂ بقرہ شروع کی جائے تو قالونؒ، مکیؒ، عاصمؒ اور کسائیؒ دونوں سُورتوں کے درمیان بسم اللہ پڑھتے ہیں۔ ورشؒ کے لئے اس میں تین وجوہ ہیں:

(۱) سکتہ (تھوڑی دیر سانس لئے بغیر آواز بند کر کے فوراً آگے شروع کر دینا)

(۲) وصل (سُورۂ فاتحہ کے آخری حرف کی حرکت کو ظاہر کرتے ہوئے بسملہ کے بغیر اس کو سورۂ بقرہ سے ملا کر پڑھنا)۔

(۳) بسملہ (دونوں سورتوں کے درمیان بسم اللہ پڑھنا)

بصریؒ و شامیؒ کے لئے دونوں سُورتوں کے درمیان دو وجوہ ہیں:۔

(۱) سکتہ (۲) وصل، حمزہؒ کے لئے دو سورتوں کے درمیان وصل ہے یعنی بسملہ کے بغیر دونوں سورتوں کو ملا کر پڑھنا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُورَۃُ البَقَرَۃ

الٓمٓ ○ تا هُمْ يُوقِنُونَ ○

الٓمٓ ○

سب قُرّاء مدّاتِ لازم میں طول یعنی پانچ یا تین الف مَدّ کرتے ہیں۔

فِيهِ۔

عبد اللہ بن کثیر مکّیؒ وصلاً ھائے ضمیر کے زیر کو اتنا کھینچ کر پڑھتے ہیں کہ یائے مدّہ پیدا ہو جاتی ہے۔ صِلہ و اِشباع اِسی کو کہتے ہیں۔

يُؤْمِنُونَ (دو جگہ)

ورشؒ و سُوسیؒ مطلقاً (حالین میں) اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو واو سے بدل دیتے ہیں

الصَّلٰوةَ۔

ورشؒ صاد اور لام کے فتحہ کمیوجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

رَزَقْنٰهُمْ۔ هُمْ۔

قالونؒ میمات جمع ہیں وصلاً نزکِ صلہ وصلہ اور عبد اللہ بن کثیر مکّیؒ صلہ کرتے ہیں۔

بِمَآ اُنْزِلَ۔ وَمَآ اُنْزِلَ۔

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الف مد، مکّیؒ و سُوسیؒ قصر اور باقی قُرّاء توسط کرتے ہیں۔

وَبِالْاٰخِرَةِ۔

ورشؒ ہمزہ کا زبر لام کو دے کر بعد حذفِ ہمزہ مدِّ بدل میں تثلیث (قصر، توسّط، طول) کرتے ہیں اور زیر کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں، خلفؒ کے لئے (مُعرّف باللام میں)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وصلاً سکتہ، خلادؒ کے لئے سکتہ وترکِ سکتہ اور وقفاً دونوں کے لئے نقل بھی ہے

امالہ: هُدًى (وقفاً)۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کے ساتھ کرتے ہیں۔

وَبِالْاٰخِرَةِ (وقفاً)۔ کسائیؒ راء کے زبر کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

ادغام کبیر: فِيْهِ هُدًى۔ سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ـــــ ۱۲

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۙ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

اُولٰٓئِكَ (دو جگہ)۔ **سَوَآءٌ**۔ **السُّفَهَآءُ** (ثانی)

ورشؒ وحمزہؒ متصل میں پانچ الف مدّ باقی قصر توسّط کرتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ (وقفاً)

حمزہؒ کے لئے دو وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ متوسّط کی کالیا تسہیل اور الف مدّہ میں مدّ۔

۲۔ " " " " " " " " " " " " قصر۔

وَاُولٰٓئِكَ (وقفاً)۔

حمزہؒ کے لئے چار وجوہ ہیں:

۱۔ پہلے ہمزہ کی تحقیق دوسرے ہمزہ کی یا ہمزہ کے درمیان تسہیل اور الف مدّہ میں مدّ۔

۲۔ " " " " " " " " " " " " " " " " قصر۔

۳۔ دونوں ہمزہ کی تسہیل اور الف مدّہ میں مدّ۔

۴۔ " " " " " " " " " " " " قصر۔

سَوَآءٌ (وقفاً)۔ **السُّفَهَآءُ** (وقفاً)

حمزہؒ کے لئے پانچ وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کا الف سے ابدال کرنے کے بعد الف مدّہ میں طول۔

۲۔ " " " " " " " " " " " " توسّط۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۳ ۔ ہمزہ کا الف سے اِبدال کرنے کے بعد الف مدّہ میں قصر۔

۴ ۔ ہمزہ کی کَالْوا و تسہیل مع الرّوم اور الف مدّہ میں مَدْ۔

۵ ۔ " " " " " " " " " قصر۔

رَبِّهِمْ ۔ عَلَيْهِمْ ۔ ءَاَنْذَرْتَهُمْ ۔ تُنْذِرْهُمْ ۔ قُلُوْبِهِمْ (دو جگہ)۔ سَمْعِهِمْ ۔ اَبْصَارِهِمْ ۔ لَهُمْ (چار جگہ)۔ وَمَا هُمْ ۔ اَنْفُسَهُمْ ۔ اِنَّهُمْ (دو جگہ)۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور عبداللہ بن کثیر مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ ۔ لَهُمْ اٰمِنُوْا۔

قالونؒ بحالتِ صلہ مدّاتِ منفصل میں قصر و توسّط، ورشؒ پانچ الفی مَدّ اور مکیؒ قصر کرتے کرتے ہیں، خَلَفؒ حالین میں ترک سکتہ و سکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ۔

عَلَيْهِمْ۔

حمزہؒ مطلقاً (وصل و وقف میں) ھا کا پیش اور باقی چھ قرّاء زیر پڑھتے ہیں۔

ءَاَنْذَرْتَهُمْ

قالونؒ و بصریؒ کیلئے پہلے ہمزہ کی تحقیق مع ادخال الف اور دوسرے ہمزہ کی کَالْاَلف تسہیل ہے ورشؒ کے لئے دو وجوہ ہیں:

۱ ۔ پہلے ہمزہ کی تحقیق ادخال الف کے بغیر اور دوسرے ہمزہ کی کَالْاَلف تسہیل۔

۲ ۔ " " " " اور دوسرے ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد مدّ لازم کبیر جسے پانچ الفی طول۔ عبداللہ بن کثیر مکیؒ کے لئے پہلے ہمزہ کی تحقیق ادخال الف کے بغیر اور دوسرے ہمزہ کی تسہیل ہے، ہشامؒ کے لئے دو وجوہ ہیں:

۱ ۔ پہلے ہمزہ کی تحقیق مع ادخال الف، دوسرے ہمزہ کی الف اور ہمزہ کے درمیان تسہیل۔

۲ ۔ ادخال الف کے ساتھ دونوں ہمزہ کی تحقیق۔ ابن ذکوانؒ، عاصمؒ، حمزہؒ اور کسائیؒ کے لئے ادخال الف کے بغیر دونوں ہمزہ کی تحقیق ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ - بِمُؤْمِنِيْنَ ○ - اَنُؤْمِنُ -

ورشؒ وسوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔

عَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ - اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ - قَالُوْٓا اِنَّمَا - اَلَآ اِنَّهُمْ (دو جگہ) -

كَمَآ اٰمَنَ (دو جگہ) -

قالونؒ و دوری بصریؒ مدات منفصل میں وصلاً قصر و توسط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الف مد، مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی قراء توسط کرتے ہیں۔

غِشَاوَةٌ وَّ - عَظِيْمٌ ○ وَّ - مَنْ يَّقُوْلُ - مَرَضًا ۙ وَّ -

خلفؒ وصلاً ادغام تام (بلا غنہ) کرتے ہیں۔

اٰمَنُوْا - اٰمَنَّا - اٰمِنُوْا - اٰمَنَ (دو جگہ) - الْاٰخِرِ -

ورش مدات بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ - فِى الْاَرْضِ -

ورشؒ ہمزہ کا زبر لام ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً سکتہ اور خلادؒ سکتہ و ترک سکتہ اور وقفاً دونوں سکتہ و نقل کرتے ہیں۔

وَمَا يَخْدَعُوْنَ -

نافعؒ مکیؒ و بصریؒ يُخَادِعُوْنَ (از باب مُفاعلہ)۔ اور شامی، عاصمؒ، حمزہؒ و کسائی یا و دال کا زبر اور خا کا سکون پڑھتے ہیں۔

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ -

ورشؒ ہمزہ کا زبر تنوین کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں، خلفؒ وقفاً ترک سکتہ، سکتہ و نقل، خلادؒ ترک سکتہ و نقل اور وصلاً خلفؒ ترک سکتہ و سکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

يَكْذِبُوْنَ ○ -

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ و شامیؒ یا کا پیش، کاف کا زبر، ذال کا زیر اور مشدد (از باب تفعیل) اور باقی قراء (کوفیؒ) یا کا زبر، کاف کا سکون، ذال کا زیر اور مخفف پڑھتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قِيْلَ (دو جگہ)

ہشامؒ و کسائیؒ قاف کے زیر میں اشمام یعنی زیر میں پیش کی بُو دے کر پڑھتے ہیں۔

(یہی اشمام الحرکۃ بالحرکۃ ہے) باقی قرّاء اشمام کے بغیر (خالص زیر)۔

السُّفَهَآءُ اَلَا (وصلاً)

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ پہلے ہمزہ کو تحقیق سے پڑھتے ہیں اور دوسرے ہمزہ کو واو مفتوحہ سے بدل دیتے ہیں، باقی قرّاء دونوں ہمزہ کو تحقیق سے پڑھتے ہیں، ورشؒ و حمزہؒ مدِّ متصل میں پانچ الف مدّ اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

السُّفَهَآءُ ط۔

ہشامؒ و حمزہؒ کے لئے وقفاً پانچ وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول۔

۲۔ " " " " " " " " توسّط۔

۳۔ " " " " " " " " قصر۔

۴۔ ہمزہ کی کا لُوَاوِ تسہیل مع الرَّوم اور الف مدّہ میں مدّ۔

۵۔ " " " " " " " " " " قصر۔

امالہ: هُدًى (وقفاً)

ورشؒ فتحہ و تقلیل، حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

النَّاسِ۔

دُوری بصریؒ امالہ محضہ۔

اَبْصَارِهِمْ۔

ورشؒ تقلیل اور ابو عمرو بصریؒ و دُوری علیؒ امالہ کبریٰ

فَزَادَهُمُ۔

ابن ذکوانؒ و حمزہؒ امالہ کبریٰ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

غِشَاوَةٌ (وقفاً)۔

کسائیؒ واو کے زبر کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

ادغام کبیر: قِيْلَ لَهُمْ (دو جگہ)

سُوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ۱۲

وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۠ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ۝ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۚ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ۚ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۚ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

اٰمَنُوْا۔ اٰمَنَّا۔ اٰذَانِهِمْ۔ مُسْتَهْزِءُوْنَ ○ (وقفاً ووصلاً)

ورشؒ مدات بدل میں تثلیث (قصر، توسط و طول) کرتے ہیں

قَالُوْٓا اٰمَنَّا۔ قَالُوْٓا اِنَّا۔ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ (پہلا مدّ)۔ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ۔ كُلَّمَآ اَضَآءَ (پہلا مدّ)۔ وَاِذَآ اَظْلَمَ۔

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدّ، مکیؒ و سُوسیؒ قصر اور باقی تین قُرّاء توسط کرتے ہیں

خَلَوْا اِلٰى۔

ورشؒ ہمزہ کا زیر واو ساکن کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں اور وقفاً دونوں مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی کرتے ہیں۔

شَيٰطِيْنِهِمْ۔ مَعَكُمْ۔ بِهِمْ۔ وَيَمُدُّهُمْ۔ طُغْيَانِهِمْ۔ تِجَارَتُهُمْ۔ مَثَلُهُمْ۔ بِنُوْرِهِمْ۔ وَتَرَكَهُمْ۔ فَهُمْ۔ اَصَابِعَهُمْ۔ اٰذَانِهِمْ۔ اَبْصَارَهُمْ۔ لَهُمْ۔ عَلَيْهِمْ۔ بِسَمْعِهِمْ۔

قالونؒ میماتِ جمع میں وصلاً ترکِ صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

مَعَكُمْ اِنَّمَا۔

قالونؒ بحالتِ صلہ مدِّ منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہیں، خَلَفٌ ترک سکتہ وسکتہ اور خَلَّادٌ ترک سکتہ۔

مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝-

حمزۃؒ کے لئے وقفاً صرف تین وجوہ ہیں :

۱ - ہمزہ کی تسہیل (ہمزہ کو خود ہمزہ اور واو کے درمیان پڑھنا)۔

۲ - ہمزہ کا یا مضمومہ سے ابدال (مُسْتَهْزِيُوْنَ)

۳ - ہمزہ کو حذف کرکے زا کے زیر کے بجائے پیش پڑھنا (مُسْتَهْزُوْنَ)

اُولٰٓئِكَ - اَضَاۗءَتْ -

حمزۃؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں :

۱ - ہمزہ کی تسہیل اور الف مدّہ میں مَدّ۔

۲ - " " " " " " قصر۔

اُولٰٓئِكَ - اَضَاۗءَتْ - مِنَ السَّمَاۗءِ - اَضَاۗءَ - شَاۗءَ -

ورش وحمزۃؒ مدات متصل میں پانچ الف مَدّ اور باقی سارے پانچ قُرّاء توسّط کرتے ہیں

مِنَ السَّمَاۗءِ (وقفاً)۔

ھشامؒ وحمزۃؒ کے لئے پانچ وجوہ ہیں :

۱ ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول۔

۲ " " " " " " توسّط۔

۳ " " " " " " قصر۔

۴ ہمزہ کی کالیا تسہیل مع الرَّوْم اور الف مدّہ میں مَدّ۔

۵ " " " " " " قصر۔

اَضَاۗءَ (وقفاً) - شَاۗءَ (وقفاً)۔

ھشامؒ وحمزۃؒ کے لئے تین وجوہ ہیں :

۱ - ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۲ - ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد توسّط۔

۳ " " " " " " " " قصر۔

لَا يُبْصِرُوْنَ ○ -

ورشؒ زیر کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

فِيْهِ (دو جگہ)

عبد اللہ ابن کثیر مکیؒ وصلاً ضمیر کی ھا ات میں صلہ کرتے ہیں

ظُلُمٰتٌ وَّ - رَعْدٌ وَّ - بَرْقٌ يَجْعَلُوْنَ -

خلفؒ وصلاً ادغام تام (بلا غنہ) کرتے ہیں

اَظْلَمَ

ورشؒ ظا کے سکون اور لام کے فتحہ کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

عَلَيْهِمْ -

حمزہؒ مطلقاً (وصل اور وقف میں) ھا کا پیش اور باقی چھ قرّاء زیر پڑھتے ہیں۔

امالہ : طُغْيَانِهِمْ - اٰذَانِهِمْ

دُوری علیؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

بِالْكٰفِرِيْنَ ○ -

ورشؒ تقلیل، ابو عمرو بصریؒ اور دُوری علیؒ امالہ کبریٰ

بِالْهُدٰى

ورشؒ فتحہ و تقلیل، حمزہؒ اور کسائیؒ امالہ کبریٰ۔

الضَّلٰلَةَ (وقفاً)۔

کسائیؒ لام کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

شَآءَ - وَالسَّمَآءَ - بِنَآءً - مِنَ السَّمَآءِ - مَآءً - شُهَدَآءَكُمْ -

ورشؒ وحمزہؒ مدات متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

بِسَمْعِهِمْ - وَاَبْصَارِهِمْ - خَلَقَكُمْ - قَبْلِكُمْ - لَعَلَّكُمْ - لَكُمْ -

اَنْتُمْ - كُنْتُمْ (دوجگہ) - شُهَدَآءَكُمْ - لَهُمْ (دوجگہ) - وَهُمْ -

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

وَاَبْصَارِهِمْ - فَاَخْرَجَ (وقفاً) - وَاُتُوْا (وقفاً) -

حمزہؒ کے لئے دو وجوہ ہیں:

(۱) ہمزہ کی تحقیق (۲) ہمزہ کی تسہیل -

اَبْصَارِهِمْ اِنَّ -

قالونؒ بحالت صلہ مدِّ منفصل میں قصر و توسّط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خَلَفٌ ترک سکتہ وسکتہ اور خلّادؒ ترک سکتہ

شَيْءٍ -

ورشؒ مدّلین میں توسّط وطول کرتے ہیں، خَلَفٌ وصلاً سکتہ اور خلّادؒ سکتہ وترکِ سکتہ۔ ہشامؒ وحمزہؒ کے لئے وقفاً چار وجوہ ہیں:

۱ - ہمزہ کی نقل تنوین اور ہمزہ کو حذف کرنے کے بعد اسکان کے ساتھ وقف کرنا۔

۲ - " " " " " " " " " " " " " " " رَوْم " " " " -

۳ - ہمزہ کو یا سے بدل کر یا کا یا میں ادغام کرنے کے بعد اسکان کے ساتھ وقف کرنا۔

۴ - " " " " " " " " " " " " " " " رَوْم " " " " -

يٰٓاَيُّهَا - فِيْهَآ اَزْوَاجٌ -

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدات منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ وحمزہؒ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پانچ الفی مدّ، مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں

یٰٓاَیُّهَا (وقفاً)۔ حمزہؒ کے لئے تین وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کی تحقیق کے ساتھ طول

۲۔ ہمزہ کی کالِف تسہیل کے ساتھ مدّ۔

۳۔ " " " " " قصر۔

الْاَرْضَ ۔ الْاَنْهٰرُ۔

ورشؒ ہمزہ کا زبر لام ساکن کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً سکتہ، خلّادؒ سکتہ وترک سکتہ اور وقفاً دونوں سکتہ ونقل کرتے ہیں۔

فِرَاشًا۔

ورشؒ زیر کی وجہ سے راکو باریک پڑھتے ہیں۔

وَالسَّمَآءَ (وقفاً)

ھشامؒ وحمزہؒ کے لئے تین وجوہ ہیں یعنی ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسّط اور قصر۔

بِنَآءً (وقفاً)۔ مَآءً (وقفاً)۔ شُهَدَآءَكُمْ (وقفاً)

حمزہؒ کے لئے دو وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کی کالِف تسہیل اور الف مدّہ میں مدّ۔

۲۔ " " " " " " قصر۔

مِنَ السَّمَآءِ (وقفاً)۔

ھشامؒ وحمزہؒ کے لئے پانچ وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول۔

۲۔ " " " " " توسّط۔

۳۔ " " " " " قصر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۴ - ہمزہ کی کا لیاء تسہیل مع الرَّوم اور الف مدّہ میں مدّ۔

۵ - " " " " " " " " " قصر۔

قَدِيرٌ ○ يَا أَيُّهَا - فِرَاشًا وَّ - بِنَاءً وَّ - اَنْدَادًا وَّ - مُتَشَابِهًا وَّ - مُطَهَّرَةٌ وَّ -

خَلَفٌ وصلاً ادغام تام (بلا غُنّہ) کرتے ہیں۔

فَأْتُوا۔

ورشؒ وسُوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

اٰمَنُوا۔

ورشؒ کے لئے مدّ بدل میں تثلیث (قصر، توسط، طول) ہے

امالہ: شَاءَ۔

ابن ذکوانؒ وحمزہؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

اَبْصَارِهِمْ ۔

ورشؒ تقلیل اور ابوعمرو بصریؒ و دُوری علیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

بِسُوْرَةٍ - وَالْحِجَارَةُ ۚ - مِنْ ثَمَرَةٍ

کسائیؒ وقفاً را کی حرکت کو فتحہ و امالہ سے پڑھتے ہیں۔

لِلْكٰفِرِيْنَ ○۔

ورشؒ تقلیل، ابوعمرو بصریؒ و دُوری علیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

ادغام کبیر: لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ - خَلَقَكُمْ - جَعَلَ لَكُمُ -

سُوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖ تا فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ط

لَا يَسْتَحْيٖ اَنْ - مَاذَآ اَرَادَ - بِهٖ اَنْ - بِهٖ اِلَّا - ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى -

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّات منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورش وحمزہؒ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پانچ الفی مدّ مکیؒ وسوسیؒ قصر اور باقی متوسط کرتے ہیں۔

اَنْ یَّضْرِبَ۔ مَثَلًا مَّا یُّضِلُّ۔ کَثِیْرًا وَّ (دو جگہ) ۔ اَنْ یُّوْصَلَ۔ سَمٰوٰتٍ وَّ عَلِیْمٌ وَّ

خلفؒ وصلاً ادغام تام (بلاغنہ) کرتے ہیں۔

رَبِّهِمْ۔ کُنْتُمْ۔ فَاَحْیَاکُمْ۔ یُمِیْتُکُمْ۔ یُحْیِیْکُمْ۔ لَکُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

کُنْتُمْ اَمْوَاتًا۔

قالونؒ بحالت صلہ مدِّ منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفؒ ترکِ سکتہ وسکتہ، خلادؒ ترک سکتہ۔

فَاَحْیَاکُمْ ج۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کی تحقیق ۲۔ ہمزہ کی کالألف تسہیل

اُمَنُوْا۔

ورشؒ مدِّ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

کَثِیْرًا (دو جگہ) ۔ الْخٰسِرُوْنَ ۝ ۔

ورشؒ یا ساکنہ اور زیر کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں

یُوْصَلَ (وصلاً)۔

ورشؒ صاد اور لام کے فتحہ کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔ اور وقفاً ان کے لئے دو وجہ ہیں:

۱۔ لام کی تفخیم

۲۔ " " ترقیق۔ مگر پُر پڑھنا اَولیٰ ہے۔

اِلَیْهِ۔

عبداللہ بن کثیر مکیؒ وصلاً ضمیر کی ھا میں صلہ کرتے ہیں۔

فِی الْاَرْضِ (تین جگہ)

ورشؒ ہمزہ کا زبر لام ساکن کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً سکتہ، خلادؒ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سکتہ وترک سکتہ اور وقفاً دونوں سکتہ ونقل کرتے ہیں۔

أُولَٰئِكَ ۔ السَّمَاءِ ۔ لِلْمَلَائِكَةِ

ورش وحمزہؒ مدات متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی قرّاء توسط کرتے ہیں۔

أُولَٰئِكَ (وقفاً) ۔ لِلْمَلَائِكَةِ (وقفاً)

حمزہؒ کے لئے دو وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کی کالیا تسہیل اور الف مدّہ میں مدّ۔

۲۔ " " " " " " قصر۔

إِلَى السَّمَاءِ (وقفاً)

ہشامؒ وحمزہؒ کے لئے پانچ وجوہ ہیں:

۱ ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول۔

۲ " " " " " " توسط۔

۳ " " " " " " قصر۔

۴ ہمزہ کی کالیا تسہیل اور رَوم کے ساتھ الف مدّہ میں مدّ۔

۵ " " " " " " " " قصر۔

وَهُوَ۔

قالونؒ، بصریؒ وکسائیؒ ھا کا سکون اور باقی قرّاء پیش پڑھتے ہیں

شَيْءٍ۔

ورشؒ مدّلین میں توسط وطول کرتے ہیں، خلفؒ وصلاً سکتہ اور خلادؒ سکتہ وترک سکتہ

شَيْءٍ ۔

ہشامؒ وحمزہؒ کے لئے وقفاً چار وجوہ ہیں:۔

۱۔ ہمزہ کی تنوین یا کو دے کر اور ہمزہ کے حذف کرنے کے بعد اسکان کے ساتھ وقف کرنا۔

۲۔ " " " " " " " " " " رَوم " " " "

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۳۔ ہمزہ کا یا سے ابدال اور یا کا یا میں ادغام کرنے کے بعد مُشَدَّد پر اسکان سے وقف کرنا۔

۴۔ " " " " " " " " " " " " رَوْم " " "

امالہ: مُطَهَّرَةٌ ۔ بَعُوضَةً ۔ خَلِيفَةً ط ۔ لِلْمَلٰٓئِكَةِ ۔

کسائیؒ وقفاً را و ضاد کی حرکت کو فتحہ و امالہ سے اور قاف و کاف کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

فَاَحْيَاكُمْ ج ۔

ورشؒ فتحہ و تقلیل اور کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

اسْتَوٰى ۔ فَسَوّٰهُنَّ ۔

ورشؒ فتحہ و تقلیل، حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ

ادغام کبیر: قَالَ رَبُّكَ ۔

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ تا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ص

قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ ۔ هٰٓؤُلَآءِ (پہلا مَدّ) ۔ لَنَآ اِلَّا ۔ عَلَّمْتَنَا ط اِنَّكَ ۔ يٰٓاٰدَمُ (دو جگہ) فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ ۔ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط ۔

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مَدّ مکیؒ و سوسیؒ قصر، باقی قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

مَنْ يُّفْسِدُ ۔ خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

الدِّمَآءَ ۔ ورشؒ مطلقاً اور حمزہؒ وصلاً مدِّ منفصل میں پانچ الفی مَدّ، ھشامؒ وصلاً اور باقی قُرّاء مطلقاً توسّط کرتے ہیں۔ ھشامؒ و حمزہؒ کے لئے وقف تین وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول۔

۲۔ " " " " " " " " " " توسّط۔

۳۔ " " " " " " " " " " قصر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِنِّیْٓ اَعْلَمُ (دو جگہ)۔

نافع، مکی، بصری وصلاً یا کا زبر اور شامی، عاصم، حمزہ وکسائی سکون پڑھتے ہیں۔

شامی، عاصم وکسائی مدِ منفصل میں وصلاً .... توسط اور حمزہ پانچ الفی مد کرتے ہیں۔

اٰدَمَ یٰٓاٰدَمُ (دو جگہ)۔ لِاٰدَمَ۔

ورش مدّاتِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

اَنْۢبِـُٔوْنِیْ (وقفاً)

حمزہ کے لئے تین وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کی تسہیل (اس کو ہمزہ اور واو کے درمیان پڑھنا)

۲۔ ہمزہ کا یائے مضمومہ سے ابدال۔

۳۔ با کا زیر گرا دینے کے بعد ہمزہ کا پیش باکو دے کر ہمزہ کو حذف کر دینا۔(اَنْبُوْنِیْ)

اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ۔ وَالْاَرْضِ۔

ورش ہمزہ کا زبر لام ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلف وصلاً سکتہ اور خلاد سکتہ وترکِ سکتہ کرتے ہیں۔

اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ (وقفاً)

حمزہ کے لئے چھ وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ متوسطہ کی نقلِ حرکت و حذف ہمزہ اور اخیر ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول۔

۲۔ 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 توسط۔

۳۔ 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 قصر۔

۴۔ بحالتِ سکتہ اخیر ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول۔

۵۔ 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 توسط۔

۶۔ 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 قصر۔

ھشام کے لئے وقفاً تین وجوہ ہیں:

اخیر ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد (۱) طول، (۲) توسط، (۳) قصر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَلَمْ اَقُلْ - اُسْكُنْ اَنْتَ -

ورش رحمہ ہمزہ کا زبر پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں اور وقفاً دونوں کے لئے مذکورہ وجوہ کیساتھ نقل بھی ہے۔

الْاَسْمَآءَ - الْمَلٰٓئِكَةِ - بِاَسْمَآءِ - لِلْمَلٰٓئِكَةِ -

ورش وحمزہؒ مدات متصل میں پانچ الف مدّ، باقی قصرًا و توسّطًا کرتے ہیں

عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ - لِلْمَلٰٓئِكَةِ -

حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں :

۱ - ہمزہ کی کالیا تسہیل اور الف مدہ میں مدّ -

۲ - " " " " " " " قصر -

بِاَسْمَآءِ (وقفاً) -

حمزہؒ کے لئے دس وجوہ ہیں :

(الف) پہلے ہمزہ کی تحقیق اور اخیر ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول -

(ب) " " " " " " " " " " " " توسّط -

(ج) " " " " " " " " " " " " قصر -

(د) " " " " " " اخیر ہمزہ کی کالیا تسہیل مع الرّوم اور الف مدہ میں مدّ -

(ھ) " " " " " " " " " " " " " " قصر -

(و) پہلے ہمزہ کے یائے مفتوحہ سے ابدال کے بعد اخیر ہمزہ کے مذکورہ پانچ وجوہ -

لِاٰدَمَ (وقفاً)

حمزہؒ کے لئے دو وجوہ ہیں :

(۱) ہمزہ کی تحقیق (۲) ہمزہ کا یائے مفتوحہ سے ابدال -

اَنْۢبِـُٔوْهُمْ (وقفاً)

حمزہؒ ہمزہ متوسّطہ کی کالف تسہیل کرتے ہیں -

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

هٰٓؤُلَآءِ اِنْ (وصلاً)

قالونؒ وبزّیؒ پہلے ہمزہ کی ہمزہ ویاکے درمیان تسہیل، دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور الف مدّہ میں مدّ وقصر کرتے ہیں۔ پس قالونؒ کے لئے اس میں چار وجوہ نکلتی ہیں :

۱ - ھا میں قصر، لآءِ اِنْ میں پہلے ہمزہ کی کالیا تسہیل، دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور الف مدّہ میں مدّ۔

۲ - " قصر۔

۳ - ھا میں مدّہ لآءِ اِنْ میں پہلے ہمزہ کی کالیا تسہیل، دوسرے ہمزہ کی تحقیق اور الف مدّہ میں مدّ۔

۴ " قصر۔

بزّیؒ کے لئے مذکورہ وجوہ میں سے وجہ نمبر ۱ اور نمبر ۲ ہیں کیونکہ ان کے مذہب میں مدّ منفصل میں قصر ہے۔ چوتھی وجہ صاحب غیث النفعؒ اور علامہ محققؒ نے ضعیف وناجائز بیان کی ہے لیکن اگر بنظر غائر دیکھا جائے تو اس کا صحیح ہونا ظاہر اور واضح ہے واللّٰہ اعلم فافہم وتدبّر۔

ورشؒ کے لئے اس میں تین وجوہ ہیں :

۱ - پہلے ہمزہ کی تحقیق، دوسرے ہمزہ کا یائے ساکنہ سے ابدال اور مدّ لازم کی وجہ سے پانچ الفی طول۔

۲ - " " " " " دوسرے ہمزہ کی ہمزہ ویا کے درمیان تسہیل۔

۳ - " " " " " دوسرے کا یائے مکسورہ سے ابدال اور مدّ منفصل ومتّصل میں پانچ الفی مدّ۔ قنبلؒ کے لئے مذکورہ تین وجوہ میں سے نمبر ۱ و ۲ وجوہ ہیں اور مدّ منفصل میں قصر اور متّصل میں توسط ہے۔ ابوعمرو بصریؒ پہلے ہمزہ کو حذف، دوسرے ہمزہ کو تحقیق سے اور الف مدّہ میں مدّ وقصر کرتے ہیں۔ چنانچہ دُوری بصریؒ کے لئے چار وجوہ ہیں :

۱ - ھا میں قصر، لآءِ اِن میں مدّ۔

۲ - " " " " " " قصر۔

۳ - " " " " مدّ " " " مدّ۔

۴ - " " " " " " " " قصر۔

چوتھی وجہ ناجائز ہے کیونکہ اس میں مساوات قائم نہیں رہتی اور ضعیف کی قوی پر ترجیح ہوجاتی ہے۔ سُوسیؒ کے لئے مذکورہ وجوہ میں سے وجہ نمبر ۱ ونمبر ۲ ہیں کیونکہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ان کے مذہب میں مدِّ منفصل میں قصر ہے، شامیؒ عاصمؒ، حمزہؒ و کسائیؒ دونوں ہمزہ کو تحقیق سے پڑھتے ہیں اور مدات میں شامیؒ عاصمؒ و کسائیؒ توسّط اور حمزہؒ پانچ الفی مدّ کرتے ہیں۔

هٰٓؤُلَآءِ (وقفاً)

حمزہؒ کے لئے پچیس[۲۵] وجوہ نکلتی ہیں جن میں تیرہ[۱۳] صحیح ہیں اور بارہ[۱۲] غیر صحیح۔

صحیح وجوہ:

۱۔ ھا میں مدّ ہمزہ متوسّط کی تحقیق اخیر ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول۔
۲۔ " توسّط۔
۳۔ " قصر۔
۴۔ " " " " " " " " " " اخیر ہمزہ کی تسہیل مع الرَّوم اور الف مدّہ میں مدّ۔
۵۔ " قصر۔
۶۔ " " " ہمزہ متوسّط کی تسہیل بکالواو، اخیر ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول۔
۷۔ " توسّط۔
۸۔ " قصر۔
۹۔ " " " " " " " " " " اخیر ہمزہ کی تسہیل مع الرَّوم اور الف مدّہ میں مدّ۔
۱۰۔ ھا میں قصر " " " " اخیر ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول۔
۱۱۔ " توسّط۔
۱۲۔ " قصر۔
۱۳۔ " " " " " " " " " " اخیر ہمزہ کی تسہیل مع الرَّوم اور الف مدّہ میں قصر۔

ھشامؒ کے لئے وقفاً پانچ وجوہ ہیں:

(الف) اخیر ہمزہ کو الف سے بدلنے کے بعد طول، توسّط و قصر۔

(ب) اخیر ہمزہ کی کالیا تسہیل مع الرَّوم اور الف مدّہ میں مدّ و قصر۔

عَرَضَهُمْ۔ كُنْتُمْ۔ اَنْبِئُهُمْ۔ بِاَسْمَآئِهِمْ (دو جگہ) اَنْبَاَهُمْ۔ لَكُمْ۔ وَمَا كُنْتُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَكُمْ إِنِّي ۔

قالونؒ بحالتِ صلہ مدِّ منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفؒ ترک سکتہ و سکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ

أَنْبِئْهُمْ ۔

حمزہؒ کیلئے وقفاً ہمزہ ساکنہ کا یا سے ابدال کرنے کے بعد ھا کا زیر اور پیش ہے لیکن پیش پڑھنا زیادہ قرینِ قیاس ہے ۔

بِأَسْمَآئِهِمْ (دو جگہ) ۔ حمزہؒ کے لئے وقفاً چار وجوہ ہیں :

۱ - پہلے ہمزہ کی تحقیق، دوسرے کی کالیا تسہیل اور الف مدّہ میں مدّ

۲ - " " " " " " " " " " قصر ۔

۳ - پہلے ہمزہ کا یا مفتوحہ سے ابدال، دوسرے کی کالیا تسہیل اور الف مدّہ میں مدّ ۔

۴ - " " " " " " " " " " " قصر ۔

شِئْتُمَآ ۔ سوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو یا سے بدل دیتے ہیں ۔

فَأَزَلَّهُمَا ۔

حمزہؒ زا و لام کے درمیان الف بڑھا کر لام کو مخفف (فَأَزَالَهُمَا)، نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ عاصمؒ و کسائیؒ الف کے بغیر لام کو مشدد پڑھتے ہیں

فِيهِ ۔ مکیؒ وصلاً ھائے ضمیر میں صلہ کرتے ہیں

امالہ آبٰی ۔

ورشؒ فتحہ و تقلیل، حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں ۔

الْكٰفِرِينَ ۝ ۔

ورشؒ امالہ صغریٰ، ابوعمرو بصریؒ و دوری علیؒ امالہ کبریٰ ۔

الشَّجَرَةَ ۔ الْمَلٰٓئِكَةِ ۔ لِلْمَلٰٓئِكَةِ ۔

کسائیؒ وقفاً را کی حرکت کو فتحہ و امالہ سے اور کاف کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں ۔

ادغام کبیر: وَنَحْنُ نُسَبِّحُ ۔ وَنُقَدِّسُ لَكَ ۔ قَالَ أَعْلَمُ مَا (دو جگہ) ۔ حَيْثُ شِئْتُمَا ۔

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَقُلْنَا اهْبِطُوْا ... مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝

بَعْضُكُمْ۔ وَلَكُمْ۔ يَأْتِيَنَّكُمْ۔ عَلَيْهِمْ۔ وَلَاهُمْ۔ هُمْ۔ عَلَيْكُمْ۔ بِعَهْدِكُمْ۔ وَاَنْتُمْ۔

قالون میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکی صلہ کرتے ہیں۔

عَدُوٌّ جَ ۔ مُسْتَقَرٌّ وَّ ۔ قَلِيْلًا وَّ ۔ خَلَفٌ ح وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

فِي الْاَرْضِ۔

ورش ح ہمزہ کا زبر لام کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں، خَلَفٌ ح وصلاً سکتہ خلادٌ سکتہ وسکتہ کرتے ہیں اور وقفاً خَلَفٌ ح وخلادٌ سکتہ ونقل۔

وَمَتَاعٌ اِلٰى۔

ورش ح ہمزہ کا زیر تنوین کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں۔ خَلَفٌ ح وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادٌ ح ترک سکتہ کرتے ہیں اور وقفاً دونوں کیلئے مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی ہے

فَتَلَقّٰى اٰدَمُ ۔ بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ ۔ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (پہلا مَدّ)

الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ ۔ بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ ۔ بِمَآ اَنْزَلْتُ ۔ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ ۔

قالونؒ ودوریؒ بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر توسط اور ورشؒ وحمزہؒ پانچ الفی مدّ مکیؒ ودوسیؒ قصر باقی قرّاء توسط کرتے ہیں۔

اٰدَمُ ۔ بِاٰيٰتِنَا ۔ اُوْفِ ۔ اِرْهَبُوْنِ ۔ بِاٰيٰتِيْ ۔ وَاٰتُوْا ۔

ورشؒ مدّاتِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

اٰدَمُ ۔ عبداللہ بن کثیر مکیؒ میم کا زبر، باقی قرّاء پیش پڑھتے ہیں۔

كَلِمٰتٍ ۔ عبداللہ بن کثیر مکیؒ تا کو پیش کی تنوین سے اور باقی قرّاء زیر کی تنوین سے پڑھتے ہیں۔ یہ محلاً منصوب ہے اور لفظاً مجرور کیونکہ اس کا نصب جرّ کے تابع ہے

عَلَيْهِ ۔ ابن کثیر مکیؒ وصلاً ہائے ضمیر میں صلہ کرتے ہیں۔

يَأْتِيَنَّكُمْ

ورشؒ وسوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ ، اِسْرَآءِيْلَ ۔

ورشؒ وحمزہؒ مدّاتِ متصل میں پانچ الفی مدّ، باقی قرّاء توسط کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اُولٰٓئِکَ ۔

حمزہؒ وقفاً ہمزہ کی کالیا تسہیل اور الف مدّہ میں مَدّ وقصر کرتے ہیں۔

اِسۡرَآءِیۡلَ ۔

ورشؒ اسم عجمی کی وجہ سے راکو پُر پڑھتے ہیں اور مدّ بدل میں استثناء کی وجہ سے توسّط وطول نہیں ہے، صرف قصر ہے۔

فَارۡهَبُوۡنِ ○ ۔ فَاتَّقُوۡنِ ○ ۔

قُرّائے سبعہ کے لئے یا کا حذف ہے۔

نِعۡمَتِیَ الَّتِیۡ ۔

قُرّائے سبعہ وصلاً یا کا زبر پڑھتے ہیں۔

بِعَهۡدِیۡۤ اُوۡفِ ۔

ساتوں قاری مطلقاً یا کو ساکن پڑھتے ہیں۔

وَاِیَّایَ (دو جگہ) ۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں:

(۱) ہمزہ کی تحقیق (۲) ہمزہ کی کالیا تسہیل۔

الصَّلٰوۃَ ۔

ورشؒ صاد اور لام کے فتحہ کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

امالہ: هُدًی (وقفاً)۔ فَتَلَقّٰی ۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

هُدَایَ ۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، دُوری علیؒ امالہ کبریٰ

النَّارِ ۔

ورشؒ امالہ صغریٰ، ابوعمرو بصریؒ و دُوری علیؒ امالہ کبریٰ۔

ادغام کبیر: اُدۡخُلُ مِنۡ ۔ اِنَّهٗ هُوَ ۔

سُوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ تا وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ○

اَتَاْمُرُوْنَ۔ وَلَا یُؤْخَذُ۔

ورشؒ وسوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو پہلی حرکت کے موافق حرف سے بدل دیتے ہیں۔

اَنْفُسَكُمْ۔ وَاَنْتُمْ (۳ جگہ) اَنَّهُمْ (دو جگہ) بِرَبِّهِمْ۔ عَلَيْكُمْ۔ فَضَّلْتُكُمْ۔ وَلَاهُمْ۔ نَجَّيْنٰكُمْ۔ يَسُوْمُوْنَكُمْ۔ اَبْنَآءَكُمْ۔ نِسَآءَكُمْ۔ ذٰلِكُمْ۔ بَارِئِكُمْ۔ فَاَنْجٰيْنٰكُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ۔

قالونؒ بہ حالتِ صلہ مدِّ منفصل میں قصر و توسّط، ورشؒ پانچ الفی مَدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفؒ ترک سکتہ وسکتہ اور خلّادؒ ترک سکتہ۔

الصَّلٰوةَ

ورشؒ صاد اور لام کے فتحہ کیوجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

لَكَبِيْرَةٌ۔

ورشؒ یا ساکنہ کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا۔ مِنْ اٰلِ۔

ورشؒ ہمزہ کی حرکت پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلّادؒ ترک سکتہ اور وقفاً دونوں مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی کرتے ہیں۔

اٰلَ۔ اٰلِ۔

ورشؒ کے لئے مدّاتِ بدل میں تثلیث ہے۔

اِسْرَآءِيْلَ۔

ورشؒ اسم عجمی کی وجہ سے را کو پُر پڑھتے ہیں اور مدِّ بدل میں استثنار کی وجہ سے توسّط و طول نہیں کرتے صرف قصر ہے۔

اِلَيْهِ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مکیؒ کے لئے وصلاً ضمیر کی ھا میں صلہ ہے۔

يٰبَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ (پہلا مَدْ) ۔ الَّتِيٓ اَنْعَمْتُ ۔ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ ۔

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مَدْ، مکیؒ و سُوسیؒ قصر، باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

اِسْرَآءِيْلَ ۔ سُوْٓءَ ۔ اَبْنَآءَكُمْ ۔ نِسَآءَكُمْ ۔ بَلَآءٌ ۔

ورشؒ و حمزہؒ مدّاتِ متّصل میں پانچ الفی مَدْ، باقی قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

اِسْرَآءِيْلَ ۔ اَبْنَآءَكُمْ ۔ نِسَآءَكُمْ ۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں:

۱۔۔۔ ہمزہ متوسّط کی تسہیل اور الف مدّہ میں مَدْ۔

۲۔۔۔ " " " " " " " " " " " " قصر۔

بَلَآءٌ (وقفاً)

ہشامؒ و حمزہؒ کے لئے پانچ وجوہ ہیں۔

(الف) ہمزہ کا الف سے بدل کرنے کے بعد طول، توسّط و قصر۔

(ب) ہمزہ کی کا وَاوْ و تسہیل مع الرَّوْم اور الف مدّہ میں مَدْ و قصر۔

سُوْٓءَ (وقفاً)

ہشامؒ و حمزہؒ کے دو وجوہ ہیں:۔

۱۔۔۔ ہمزہ کا زبر واو کو دے کر بعد حذف ہمزہ اسکان کے ساتھ وقف کرنا۔

۲۔۔۔ ہمزہ کا واو سے ابدال و ادغام کرنے کے بعد اِسکان سے وقف کرنا۔

شَيْـًٔا۔

ورشؒ کے لئے مدّلین میں توسّط و طول ہے۔ خَلَفؒ کے لئے وصلاً سکتہ اور خلّادؒ کے لئے سکتہ و ترک سکتہ۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں:۔

۱۔ ہمزہ کی تنوین یا کو دے کر بعد حذفِ ہمزہ تنوین کا الف سے ابدال (شَيَا)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۲ــــ ہمزہ کا یا سے ابدال اور یا کا یا میں ادغام کرنے کے بعد تنوین کا الف سے ابدال (شَيْئًا) وَلَا يُقْبَلُ۔

عبداللہ بن کثیر مکیؒ و بصریؒ یا کی جگہ تا (مؤنث کا صیغہ) "باقی قرّاء تا کی جگہ یا (مذکر کا صیغہ) پڑھتے ہیں۔

شَيْئًا وَّ۔ شَفَاعَةٌ وَّ۔ عَدْلٌ وَّ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

وَعَدْنَا۔

نافعؒ، مکیؒ، شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ وکسائیؒ واو کے بعد الف (از باب مُفاعلہ)، اور بصریؒ واو کو الف کے بغیر پڑھتے ہیں۔

امالہ:

مُوْسٰى۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، ابوعمرو بصریؒ امالہ صُغریٰ، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

لَكَبِيْرَةٌ، لَيْلَةً، شَفَاعَةٌ۔

کسائیؒ وقفاً را و لام کی حرکت کو امالہ سے اور عَيْن کی حرکت کو فتحہ وامالہ سے پڑھتے ہیں

ادغام صغیر:

ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ

ابن کثیر مکیؒ وحفصؒ ذال کا تا میں اظہار، باقی قرّاء ادغام کرتے ہیں۔

ادغام کبیر:

وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ۔

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ــــــــــ ۱۲

ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ تا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ○

عَنْكُمْ۔ لَعَلَّكُمْ (۳ جگہ) اِنَّكُمْ۔ ظَلَمْتُمْ۔ اَنْفُسَكُمْ (دو جگہ)۔ بَارِئِكُمْ (دو جگہ)۔ ذٰلِكُمْ۔ لَكُمْ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْكُمْ - قُلْتُمْ - وَاَنْتُمْ - بَعَثْنٰكُمْ - مَوْتِكُمْ - رَزَقْنٰكُمْ - اَنْفُسَهُمْ -

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

عَلَيْكُمُ ط اِنَّهٗ ، ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ -

قالونؒ بہ حالتِ صلہ مدّاتِ منفصل میں قصر توسّط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفؒ ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ۔

وَاِذْ اٰتَيْنَا -

ورشؒ ہمزہ کا زبر ذال کو دے کر بعد حذفِ ہمزہ مدّ بدل کی تثلیث کرتے ہیں ۔ خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ خلادؒ ترک سکتہ اور وقفاً خلفؒ وخلادؒ مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی کرتے ہیں۔

ظَلَمْتُمْ - ظَلَّلْنَا - ظَلَمُوْنَا -

ورشؒ ظا اور لام کے فتحہ کیوجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

فَتُوْبُوْٓا اِلٰى - فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ - كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ -

قالونؒ ودُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر توسّط ، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الفی مدّ ، مکیؒ وسوسیؒ قصر، باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

خَيْرٌ -

ورشؒ یا ساکنہ کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

بَارِئِكُمْ (دو جگہ)

دُوری بصریؒ کے لئے دو وجوہ ہیں:

۱۔۔۔ ہمزہ کو ساکن پڑھنا۔

۲۔۔۔ ہمزہ کے زیر کو اختلاس سے (دو ثلث ادا کرتے ہوئے) یعنی ناقص زیر پڑھنا۔

سوسیؒ کے لئے صرف ہمزہ کا سکون ہے ، باقی قرّاء کے لئے کامل زیر ہے۔

بَارِئِكُمُ ط -

حمزہؒ کے لئے وقفاً ہمزہ کی کالیا تسہیل ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امالہ:

مُوْسٰی (وقفًا) ۔ مُوْسٰی ۔ یٰمُوْسٰی ۔ السَّلْوٰی ۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، ابوعمرو بصریؒ امالہ صغریٰ، حمزہؒ وکسائیؒ، امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

جَهْرَةً ۔ الصّٰعِقَةُ ۔ الْقُرٰى ۔

کسائیؒ وقفًا اوقاف کی حرکت کو فتحہ وامالہ سے اور باقی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

بَارِئِكُمْ ۔

دُوری علیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

نَرَى اللّٰهَ ۔

ورشؒ نَرٰی پر وقفًا تقلیل اور ابوعمرو بصری، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

نَرَى اللّٰهَ ۔

سُوسیؒ کے لئے وصلًا تین وجوہ ہیں۔

۱ــــ را کا فتحہ، لام کی تغلیظ ۔

۲ــــ را کا امالہ، " " "

۳ــــ " " " " " ترقیق۔

ادغام کبیر:

بَعْدِ ذٰلِكَ ۔ اِنَّهٗ هُوَ ۔ لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ ۔

سُوسیؒ وصلًا ادغام کرتے ہیں ــــــــــ ۱۲

وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا تا بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ط شِئْتُمْ

سُوسیؒ مطلقًا اور حمزہؒ وقفًا ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

رَغَدًا وَّ ۔ سُجَّدًا وَّ ۔ طَعَامٍ وَّاحِدٍ ۔

خَلَفؒ وصلًا ادغام تام کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نَغْفِرْ لَكُمْ۔

نافع مدنیؒ نون کی جگہ یا مضموم اور فا کو مفتوح (یُغْفَرْ لَكُمْ) پڑھتے ہیں
مکیؒ، بصریؒ، عاصمؒ، حمزہؒ وکسائیؒ نون کو مفتوح اور فا کو مکسور (نَغْفِرْ لَكُمْ) پڑھتے ہیں۔

شامیؒ نون کی جگہ تا مضموم اور فا کو مفتوح (تُغْفَرْ لَكُمْ) پڑھتے ہیں۔

شِئْتُمْ۔ لَكُمْ (دو جگہ)۔ خَطِيٓئَاتِكُمْ۔ لَهُمْ۔ مَشْرَبَهُمْ۔ قُلْتُمْ۔ سَأَلْتُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

ظَلَمُوا (دو جگہ)

ورشؒ ظا اور لام کے فتحہ کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

غَيْرَ۔ خَيْرٌ۔ نَصْبِرَ۔

ورشؒ یا ساکنہ اور زیر کیوجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

قِيلَ۔

ہشامؒ وکسائی قاف کے زیر کو اشمام سے (زیر میں پیش کی بُو دے کر) باقی قُرّاء اشمام کے بغیر (خالص زیر) پڑھتے ہیں۔

السَّمَآءِ۔ وَقِنَّآئِهَا۔ وَبَآءُو۔

ورشؒ وحمزہؒ مدّاتِ متصل میں پانچ الفی مَدْ، باقی قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

مِنَ السَّمَآءِ (وقفاً)

ہشامؒ وحمزہؒ کے لئے پانچ وجوہ ہیں:۔

(الف) ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسّط وقصر۔

(ب) ہمزہ کی کالیا تسہیل اور الف مدّہ میں مَدْ وقصر۔

وَقِنَّآئِهَا۔ وَبَآءُو۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں:۔

ہمزہ کی کالیا تسہیل والف مدّہ میں مَدْ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۴ــــ ہمزہ کی کالیا تسہیل والف مدہ میں قصر۔

فِی الْاَرْضِ ، تُنْبِتُ الْاَرْضُ۔

ورشؒ ہمزہ کا زبر لام کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں۔ خلفؒ وصلاً سکتہ اور خلادؒ سکتہ وترک سکتہ اور وقفاً دونوں سکتہ ونقل کرتے ہیں۔

مِصْرًا

ورشؒ صاد ساکنہ کی وجہ سے را کو پُر پڑھتے ہیں۔

عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ۔

ابو عمرو بصریؒ وصلاً ھا و میم کا زیر، حمزہؒ وکسائیؒ دونوں حرفوں کا پیش اور نافعؒ مکیؒ، شامیؒ وعاصمؒ ھا کا زیر اور میم کا پیش پڑھتے ہیں وقفاً حمزہؒ ھا کا پیش، باقی قرّاءؒ زیر اور میم کو سب قرّاء ساکن پڑھتے ہیں۔

سَأَلْتُمُوْهُ

حمزہؒ وقفاً ہمزہ متوسطہ کی تسہیل (الف وہمزہ کے درمیان) کرتے ہیں۔

امالہ:

خَطِيْئَاتِكُمْ۔

ورشؒ دوسرے الف میں فتحہ وتقلیل اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

مُوْسٰى ۔ يٰمُوْسٰى۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، بصریؒ امالہ صغریٰ، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰى ، اَدْنٰى

ورشؒ فتحہ وتقلیل، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ۔

حِطَّةٌ ۔ عَشْرَةَ ۔ الذِّلَّةُ ۔ الْمَسْكَنَةُ۔

کسائیؒ وقفاً طا و را کی حرکت کو فتحہ و امالہ سے اور لام ونون کی حرکت کو امالہ سے

اَدْنٰى۔

فُعْلٰی کا وزن نہ ہونے کی بنا پر بصریؒ کے لئے تقلیل نہیں ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ادغام صغیر: نَغْفِرْ لَكُمْ۔
دُوری بصریؒ کے لئے اظہار و ادغام دونوں ہیں اور سوسیؒ کے لئے صرف ادغام ہے۔

ادغام کبیر: حَيْثُ شِئْتُمْ، قِيلَ لَهُمْ۔
سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا ۔۔۔ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ط

بِاَنَّهُمْ ۔ لَهُمْ ۔ اَجْرُهُمْ ۔ رَبِّهِمْ ۔ عَلَيْهِمْ ۔ وَلَاهُمْ ۔ مِيْثَاقَكُمْ ۔ اٰتَيْنٰكُمْ ۔ لَعَلَّكُمْ ۔ تَوَلَّيْتُمْ ۔ عَلَيْكُمْ ۔ لَكُنْتُمْ ۔ مِنْكُمْ ۔ لَهُمْ ۔ يَاْمُرُكُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

بِاٰيٰتِ ۔ النَّبِيّٖنَ ۔ اٰتَيْنٰكُمْ ۔ خٰسِئِيْنَ (وصلاً ووقفاً) ۔ اٰمَنَ ۔ الْاٰخِرِ۔

ورشؒ کے لئے مدّاتِ بدل میں تثلیث ہے۔

النَّبِيّٖنَ۔
نافع باکے بعد یائے ساکنہ، اس کے بعد ہمزہ مکسورہ بعدہ یائے ساکنہ (النَّبِيْٓـِٕيْنَ) پڑھتے ہیں اور اس کے مدِّ متصل میں قالونؒ توسّط اور ورشؒ پانچ الفی مد کرتے ہیں۔ مکیؒ، بصریؒ شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ وکسائیؒ ہمزہ کو یا سے بدل کر یا کا یا میں ادغام کرنے کے بعد یا مشدّد

وَالصّٰبِـِٕيْنَ۔
نافع مدنیؒ ہمزہ کے بغیر (وَالصّٰبِيْنَ) مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ وکسائیؒ با

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور یا کے درمیان ہمزہ مکسورہ پڑھتے ہیں۔

وَالطَّيِّئِيْنَ - خَسِئِيْنَ -

ہمزہ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں۔

۱ــــ ہمزہ کی کاملیا تسہیل۔

مَنْ اٰمَنَ - وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ - وَاِذْ اَخَذْنَا

ورشؒ نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔

مَنْ اٰمَنَ - وَاِذْ اَخَذْنَا -

خَلَفٌ وصلاً ترک سکتہ و سکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں اور وقفاً دونوں کو دو وجوہ کیساتھ نقل بھی کرتے ہیں۔

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ -

خلفؒ وصلاً سکتہ، خلادؒ سکتہ و ترک سکتہ اور وقفاً دونوں سکتہ و نقل کرتے ہیں۔

فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ - يَاْمُرُكُمْ اَنْ -

قالونؒ بہ حالتِ صلہ مدّاتِ منفصل میں قصر و توسّط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفؒ ترک سکتہ و سکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ۔

مَآ اٰتَيْنٰكُمْ - لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدّ، مکیؒ و سوسیؒ قصر، باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

عَلَيْهِمْ -

حمزہؒ مطلقاً ھا کا پیش اور باقی قرّاء زیر پڑھتے ہیں۔

فِيْهِ -

مکیؒ کے لئے وصلاً ھائے ضمیر میں صلہ ہے۔

قِرَدَةً -

ورشؒ کے لئے زیر کیوجہ سے را باریک ہے۔

يَاْمُرُكُمْ -

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دُوری بصریؒ کے لئے دو وجوہ ہیں۔

۱ را کا سکون۔

۲ را کے پیش کو اختلاس سے (دو تہائی پیش ادا کرتے ہوئے) پڑھنا۔

سُوسیؒ کے لئے صرف را کا سکون ہے، باقی قُرّاء کے لئے کامل پیش ہے۔

بِقُوَّةٍ وَّ۔

خَلَفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

یَأْمُرُكُمْ۔

ورشؒ و سُوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

امالہ:

وَالنَّصٰرٰی۔

ورشؒ تقلیل، ابوعمرو بصریؒ، حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

مُوسٰی:

ورشؒ فتحہ و تقلیل، بصریؒ امالہ صغریٰ، حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ۔

مَوْعِظَةٌ - بَقَرَةً - بِقُوَّةٍ - قِرَدَةً۔

کسائیؒ وقفاً ظا د را کی حرکت کو فتحہ و امالہ سے اور واو اور دال کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

ادغام کبیر:

مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ۔

سُوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا تا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ

قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا، وَاِنَّآ اِنْ۔

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الفی مَدْ، مکیؒ و سُوسیؒ قصر اور باقی قُرّا توسّط کرتے ہیں۔

هُزُوًا ط

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ، شعبہؒ و کسائیؒ زا کا پیش اور واو کی جگہ ہمزہ (هُزُؤًا)، حفصؒ زا کا پیش اور ہمزہ کی جگہ واو (هُزُوًا) اور حمزہؒ وصلًا زا کا سکون اور واو کی جگہ ہمزہ (هُزْؤًا) پڑھتے ہیں۔ اور وقفًا حمزہؒ کے لئے دو وجوہ ہیں۔

۱۔ ہمزہ کی تنوین زا ساکنہ کو دے کر بعد حذفِ ہمزہ، تنوین کا الف سے ابدال (هُزْوا)

۲۔ زا کا سکون اور ہمزہ کو واو سے بدلنے کے بعد تنوین کا الف سے ابدال (هُزْوَا)

اَنْ اَكُوْنَ۔

ورشؒ ہمزہ کا زبر نون کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں، خلفؒ وصلًا ترک سکتہ و سکتہ خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں اور وقفًا دونوں کے لئے مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی ہے۔

تُثِيْرُ۔ بِكْرٌ

ورشؒ یا ساکنہ اور زیر کیوجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

الْاَرْضَ۔ الْاُنْثٰى۔

ورشؒ ہمزہ کا زبر لام کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں۔ خلفؒ وصلًا سکتہ، خلادؒ سکتہ و ترک سکتہ اور وقفًا دونوں سکتہ و نقل کرتے ہیں۔

فَارِضٌ قٌ۔

خلفؒ وصلًا ادغام تام کرتے ہیں۔

صَفْرَآءُ۔ شَآءَ۔

ورشؒ و حمزہؒ مدّاتِ متصل میں پانچ الفی مَدْ و باقی قُرّا توسّط کرتے ہیں۔

الْاُنْثٰى۔

ورشؒ مَدِّ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

صَفْرَآءُ (وقفًا)۔

ہشامؒ و حمزہؒ کے لئے پانچ وجوہ ہیں:۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(الف) ہمزۂ الف سے ابدال کے بعد طول، توسّط وقصر۔

(ب) ہمزہ کی کَاَنواو تسہیل مع الرَّوم اور الف مدّہ میں مَدّ وقصر۔

شَآءَ (وقفًا)

ہشامؒ وحمزہؒ کے لئے تین وجوہ ہیں:

ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسّط وقصر۔

تُؤْمَرُوْنَ ۝

درشؒ وسوسیؒ مطلقًا اور حمزہؒ وقفًا ہمزہ ساکنہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔

جِئْتَ۔ فَادّٰرَءْتُمْ۔

سوسیؒ مطلقًا اور حمزہؒ وقفًا ہمزہ ساکنہ کو پہلی حرکت کے موافق حرف سے بدل دیتے ہیں۔

قَتَلْتُمْ۔ فَادّٰرَءْتُمْ۔ مَا كُنْتُمْ۔

قالونؒ میماتِ جمع میں وصلًا ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

امالہ: شَآءَ۔

ابن ذکوانؒ وحمزہؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

بَقَرَةٌ (۳ جگہ)۔ مُسَلَّمَةٌ۔ لَا شِيَةَ۔

کسائیؒ وقفًا را کی حرکت کو فتحہ و امالہ سے اور یسیم اور یا کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

۱۲

فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ ... تا ... وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۝

اضْرِبُوْهُ۔ مَا عَقَلُوْهُ۔

مکیؒ وصلًا ضمیر کی ھا ات میں صلہ کرتے ہیں۔

وَيُرِيْكُمْ۔ لَعَلَّكُمْ۔ قُلُوْبُكُمْ۔ لَكُمْ۔ مِنْهُمْ (دو جگہ) وَهُمْ۔ بَعْضُهُمْ۔ اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ۔ عَلَيْكُمْ۔ لِيُحَآجُّوْكُمْ۔ رَبِّكُمْ۔ وَاِنْ هُمْ۔

قالونؒ میماتِ جمع میں وصلًا ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَيُرِيكُمْ اٰيٰتِهٖ - بَعْضَهُمْ اِلٰى - رَبِّكُمْ اَفَلَا - وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ - وَاِنْ هُمْ اِلَّا -

قالونؒ بہ حالتِ صلہ مدّاتِ منفصل میں قصر و توسّط، ورشؒ پانچ الفی مَدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خَلَفؒ ترک سکتہ وسکتہ اور خلّادؒ ترک سکتہ۔

اٰيٰتِهٖ - اٰمَنُوْا - اٰمَنَّا -

ورشؒ مدّاتِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

فَهِيَ -

قالونؒ، بصریؒ وکسائیؒ فا کیوجہ سے ھا کو ساکن اور باقی قرّاء زیر پڑھتے ہیں۔

اَوْ اَشَدُّ - مِنْهُ الْاَنْهٰرُ -

ورشؒ ہمزہ کا زبر پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں۔

اَوْ اَشَدُّ -

خَلَفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ، خلّادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں اور وقفاً دونوں مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی کرتے ہیں۔

مِنْهُ الْاَنْهٰرُ -

خَلَفؒ وصلاً سکتہ، خلّادؒ سکتہ وترک سکتہ اور وقفاً دونوں سکتہ ونقل کرتے ہیں۔

قَسْوَةً ط وَّ، اَنْ يُّؤْمِنُوْا -

خَلَفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

الْمَآءُ ط -

ورشؒ وحمزہؒ مدِّ متصل میں پانچ الفی مَدّ اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔ ہشامؒ اور حمزہؒ کے لئے وقفاً پانچ وجوہ ہیں۔

(الف) ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسّط و قصر۔

(ب) ہمزہ کی کاف واو تسہیل مع الرَّوم اور الف مدّہ میں مَدّ و قصر۔

تَعْمَلُوْنَ ○

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عبداللہ بن کثیر مکی رح تا کی جگہ یا (غائب کا صیغہ) اور باقی قرّاء ، یا کی جگہ تا (خطاب کا صیغہ) پڑھتے ہیں۔

اَنْ يُّؤْمِنُوْا۔

ورش رح و سوسی رح مطلقاً اور حمزہ رح وقفاً ہمزہ ساکنہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔

قَالُوْٓا اٰمَنَّا۔ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ۔ اِلَّآ اَمَانِيَّ۔

قالون رح و دُوری بصری رح مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورش رح و حمزہ رح پانچ الف مَدّ، مکی رح و سوسی رح قصر و باقی قرّا توسّط کرتے ہیں۔

لِيُحَآجُّوْكُمْ۔

سب قرّاء مدّ لازم میں طول (پانچ یا تین الف مَدّ) کرتے ہیں۔

يُسِرُّوْنَ۔

ورش رح زیر کیوجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

امالہ: اَلْمَوْتٰى۔

ورش رح فتحہ و تقلیل ابو عمرو بصری امالہ صغریٰ، حمزہ رح اور کسائی امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

قَسْوَةً ط۔ خَشْيَةِ كَالْحِجَارَةِ۔ الْحِجَارَةِ۔

کسائی وقفاً واو، اور یا کی حرکت کو امالہ سے اور را کی حرکت کو فتحہ و امالہ سے پڑھتے ہیں۔

ادغام کبیر: مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ۔ يَعْلَمُ مَا۔

سوسی رح وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ تا وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝

اَيْدِيْهِمْ ق (دو جگہ) لَهُمْ (دو جگہ) اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ۔ هُمْ (دو جگہ) تَوَلَّيْتُمْ۔ مِّنْكُمْ۔ وَاَنْتُمْ۔

قالون رح میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلاً اور مکی رح صلہ کرتے ہیں۔

تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا۔

قالون رح بہ حالت صلہ مدّ منفصل میں قصر و توسّط، ورش رح پانچ الف مَدّ اور مکی رح قصر کرتے ہیں، خلف رح

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترک سکتہ وسکتہ، خلادؒ ترک سکتہ۔

بِاَیْدِیْهِمْ۔ حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کی تحقیق (۲) ہمزہ کا یا مفتوحہ سے ابدال۔

كَتَبَتْ اَیْدِیْهِمْ ۔ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ ۔ وَاِذْ اَخَذْنَا۔

ورشؒ ہمزہ کی حرکت پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں۔ خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ، خلادؒ ترک سکتہ اور وقفاً دونوں مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی کرتے ہیں۔

اِلَّآ اَیَّامًا۔ عَهِدْتَّمْ ۔ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ (پہلا مدّ)

قالونؒ و دوریؒ بصری مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الفی مدّ مکیؒ، وسوسیؒ قصر، باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

فَلَنْ یُّخْلِفَ۔ سَیِّئَةً وَّ۔ اِحْسَانًا وَّ۔ حُسْنًا وَّ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

سَیِّئَةً (وقفاً)

حمزہؒ ہمزہ کو یا سے بدل دیتے ہیں۔

خَطِیْٓـَٔتُهٗ ، اُولٰٓئِكَ (دو جگہ) اِسْرَآءِیْلَ۔

ورشؒ وحمزہؒ مدّاتِ متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ (دو جگہ) اِسْرَآءِیْلَ۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں۔ ہمزہ متوسّط کی کالیا تسہیل اور الف مدّہ میں مدّ وقصر

خَطِیْٓـَٔتُهٗ (وقفاً)

حمزہؒ ہمزہ کو یا سے بدل کر یا کا یا میں ادغام کرنے کے بعد یا مشدّد پڑھتے ہیں۔ نافعؒ ہمزہ کے بعد الف (جمع کا صیغہ) اور باقی قرّاء ہمزہ کو الف کے بغیر (واحد کا صیغہ) پڑھتے ہیں۔

خَطِیْٓـَٔتُهٗ ۔ اٰمَنُوْا۔ وَاْتُوْا۔

ورشؒ مدّاتِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

اِسْرَآءِیْلَ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ورشؒ اسم کی کیوجہ سے را کو پُر پڑھتے ہیں اور استثنار کیوجہ سے مَدّ بدل میں توسّط وطول نہیں کرتے۔

لَا تَعْبُدُوْنَ -

ابن کثیرؒ مکیؒ حمزہؒ وکسائیؒ تا کی جگہ یا (غائب کا صیغہ اور باقی قُرّاء یا کی جگہ تا (خطاب کا صیغہ) پڑھتے ہیں۔

حُسْنًا -

حمزہؒ وکسائیؒ حا وسین کا زبر (حَسَنًا) اور باقی قُرّاء حا کا پیش اور سین کا سکون پڑھتے ہیں۔

الصَّلٰوةَ -

ورشؒ صاد اور لام کے زبر کیوجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

امالہ: مَعْدُوْدَةً ط سَيِّئَةً - الْجَنَّةِ ط

کسائیؒ وقفًا ہائے تانیث سے پہلی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

بَلٰى - الْيَتٰمٰى -

ورشؒ فتحہ وتقلیل اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں،

النَّارِ -

ورشؒ تقلیل، ابوعمرو بصریؒ اور دُوری عنؒ امالہ کبریٰ۔

الْقُرْبٰى -

ورشؒ فتحہ وتقلیل، بصریؒ امالہ صغریٰ، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ

لِلنَّاسِ -

دُوری بصریؒ امالہ محضہ

ادغام صغیر: اَتُّخِذُ تُمْ -

نافعؒ، بصریؒ، شامیؒ، شعبہؒ، حمزہؒ وکسائیؒ ادغام، مکیؒ اور حفصؒ اظہار کرتے ہیں۔

ادغام کبیر: الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ - اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ -

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں۔

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ثُمَّ۔

سُوسیؒ کے لیے وصلاً اظہار و ادغام دونوں جائز ہیں۔

۱۲

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ تا بِرُوْحِ الْقُدُسِ ط

وَاِذْ اَخَذْنَا۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا۔

ورشؒ ہمزہ کا زبر پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں۔ خلفؒ وصلاً ترک سکتہ و سکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ اور وقفاً دونوں مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی کرتے ہیں۔

بِالْاِثْمِ۔ بِالْاٰخِرَةِ۔

ورشؒ نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً سکتہ، خلادؒ سکتہ و ترک سکتہ اور وقفاً حمزہؒ سکتہ و نقل کرتے ہیں۔

اٰتَيْنَا (دو جگہ) بِالْاٰخِرَةِ۔

ورشؒ مدات بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

مِيْثَاقَكُمْ۔ دِمَآءَكُمْ۔ اَنْفُسَكُمْ (دو جگہ) دِيَارِكُمْ۔ اَقْرَرْتُمْ (دو جگہ) اَنْتُمْ مِنْكُمْ۔ (دو جگہ) دِيَارِهِمْ۔ عَلَيْهِمْ۔ يَاْتُوْكُمْ۔ تُفٰدُوْهُمْ۔ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ۔ وَلَاهُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

يَاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى۔ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ اَفَتُؤْمِنُوْنَ۔ مِنْكُمْ اِلَّا۔

قالونؒ بہ حالت صلہ مدات منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مد اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفؒ ترک سکتہ و سکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ۔

دِمَآءَكُمْ۔ هٰٓؤُلَآءِ (دو سراد) فَمَا جَزَآءُ۔ اُولٰٓئِكَ۔

ورشؒ و حمزہؒ مدات متصل میں پانچ الفی مد اور باقی قصر، توسط کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دِمَآءَكُمْ - أُولَٰئِكَ -

حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں۔ ہمزہ متوسطہ کی تسہیل اور الف مدہ میں مد و قصر

فَمَا جَزَآءُ (وقفاً)

ہشامؒ و حمزہؒ کے لئے پانچ وجوہ ہیں۔

(الف) ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسط، قصر۔

(ب) ہمزہ کی کا ئو اد تسہیل مع الرَّوم اور الف مدہ میں مد و قصر۔

هَٰؤُلَآءِ (وقفاً)

وقفی وجوہ پہلے بیان کی جا چکی ہیں۔ وصلاً ورشؒ و حمزہؒ مد متصل میں پانچ الفی مد اور باقی قرّاء توسط کرتے ہیں۔

هَٰؤُلَآءِ (ھا کا مد) - إِلَىٰٓ أَشَدِّهِۦ -

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدات منفصل میں وصلاً قصر و توسط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مد، مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی قرّاء توسط کرتے ہیں۔

تَظَٰهَرُونَ -

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ و شامیؒ ظا کو مشدد (تَظَّٰهَرُونَ) اور عاصمؒ و حمزہؒ و کسائیؒ ظا کو مخفف پڑھتے ہیں۔

عَلَيْهِمْ -

حمزہؒ مطلقاً ھا کا پیش اور باقی قرّاء زیر پڑھتے ہیں۔

يَأْتُوكُمْ - أَفْتُؤْمِنُونَ -

ورشؒ و سوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو پہلی حرکت کے موافق حرف سے بدل دیتے ہیں۔

وَإِنْ يَأْتُوكُمْ - مَنْ يَفْعَلُ -

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

أُسَارَىٰ -

حمزہؒ ہمزہ کا زبر، سین کا سکون (أَسْرَىٰ) اور باقی قرّاء ہمزہ کا پیش، سین کا زبر بعدہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الف پڑھتے ہیں۔

تُفْدُوْهُمْ۔

نافعؒ، عاصمؒ وکسائیؒ تا کا پیش، فا کا زبر بعدہٗ الف اور مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ وحمزہؒ تا کا زبر اور فا کا سکون (تَفْدُوْهُمْ) پڑھتے ہیں۔

وَهُوَ۔

قالونؒ، بصریؒ وکسائیؒ پہلے دا دکیوجہ سے ھا کو ساکن اور باقی قرّاء پیش پڑھتے ہیں۔

اِخْرَاجُهُمْ۔ بِالْاٰخِرَةِ۔

درشؒ زیر کیوجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں (خا کا اعتبار نہیں)

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝۔

نافعؒ، مکیؒ وشعبہؒ تا کی جگہ یا (غائب کا صیغہ) اور بصریؒ، شامیؒ، حفصؒ، حمزہؒ اور کسائیؒ یا کی جگہ تا (خطاب کا صیغہ) پڑھتے ہیں۔

وَ اٰيَاتٍ لَّهُ۔

مکیؒ وصلاً ضمیر کی ھا میں صلہ کرتے ہیں۔

الْقُدُسِ ط

عبداللہ بن کثیرؒ دال کو ساکن اور باقی چھ قرّاء پیش پڑھتے ہیں۔

امالہ: دِيَارِكُمْ۔ دِيَارِهِمْ۔

ورشؒ تقلیل، ابوعمرو بصریؒ اور دُوری علیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

اُسْرٰى۔

ورشؒ تقلیل اور بصریؒ، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ۔

الدُّنْيَا (دوجگہ)۔ مُوْسٰى (وقفاً)۔ عِيْسٰى (وقفاً)۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، ابوعمرو بصریؒ امالہ صغریٰ اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ۔

الْقِيٰمَةِ۔ بِالْاٰخِرَةِ

کسائیؒ وقفاً میم اور یا کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ تا مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ

جَآءَكُمْ۔ اسْتَكْبَرْتُمْ۔ كَذَّبْتُمْ۔ بِكُفْرِهِمْ۔ جَآءَهُمْ (دو وجگہ) مَعَهُمْ (دو وجگہ) اَنْفُسَهُمْ۔ لَهُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

اَنْفُسَهُمْ اَنْ۔ لَهُمْ اٰمِنُوْا۔

قالونؒ بہ حالت صلہ مدات منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفؒ ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ۔

جَآءَكُمْ۔ جَآءَهُمْ (دو وجگہ) فَبَآءُوْ۔ وَسَآءَتْ۔

ورشؒ و حمزہؒ مدات متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔ حمزہؒ کیلئے وقفاً دو وجوہ ہیں۔ ہمزہ کی تسہیل اور الف مدّہ میں مدّ و قصر۔

يَشَآءُ۔

ورشؒ و حمزہؒ مدّ متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔ ہشامؒ و حمزہؒ کے لئے وقفاً پانچ وجوہ ہیں۔

(الف) ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسط و قصر۔

(ب) ہمزہ کی کاف و او تسہیل مع الرّوم اور الف مدّہ میں مدّ و قصر۔

تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمْ۔ بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ۔ بِمَآ اَنْزَلَ (دو وجگہ) بِمَآ اُنْزِلَ۔

قالونؒ و دوریؒ بصریؒ مدات منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدّ، مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

يُؤْمِنُوْنَ ۝ نُؤْمِنُ۔ بِئْسَمَا۔

ورشؒ و سوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو پہلی حرکت کے موافق حرف سے بدل دیتے ہیں۔

اَنْ يَّكْفُرُوْا۔ اَنْ يُّنَزِّلَ۔ مَنْ يَّشَآءُ۔ غَضَبٍ ط وَّ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بَغْيًا اَنْ -

ورشؒ ہمزہ کا زبر نون تنوین کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

يُنَزِّلَ -

ابن کثیر مکیؒ وابو عمرو بصریؒ نون کو ساکن، زا کو مُخَفَّف (از باب افعال) اور باقی قُرّاء نون کا زبر اور زا کو مُشَدَّد (از باب تفعیل) پڑھتے ہیں۔

فَبَآءُوْ - اٰمِنُوْا -

ورشؒ مدّاتِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

قِيْلَ -

ہشامؒ وکسائیؒ قاف کے زیر کو اشمام سے (زیر میں پیش کی بُو دے کر) باقی قُرّاء اشمام کے بغیر (خالص زیر) پڑھتے ہیں۔

وَهُوَ -

قالونؒ، بصریؒ وکسائیؒ پہلے واو کی وجہ سے ھا کو ساکن اور باقی قُرّاء پیش پڑھتے ہیں۔

امالہ: جَآءَكُمْ - جَآءَهُمْ (دو جگہ)

ابن ذکوانؒ وحمزہؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

فَلَعْنَةُ -

کسائیؒ وقفاً نون کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

تَهْوٰى -

ورشؒ فتحہ وتقلیل اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

الْكٰفِرِيْنَ ○ - وَلِلْكٰفِرِيْنَ -

ورشؒ تقلیل، ابو عمرو بصریؒ ودُوری علیؒ امالہ کبریٰ

ادغام کبیر: قِيْلَ لَهُمْ -

سُوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں۔ ——— ۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ تا بَصِیْرٌ بِمَا یَعْمَلُوْنَ ○

فَلِمَ -

بزیؒ کے لئے وقفًا دو وجوہ ہیں (۱) میم کو ساکن پڑھنا (۲) میم کو ساکن کر کے آخر میں ہائے سکتہ زیادہ کر کے پڑھنا۔

اَنْبِیَآءَ - نافعؒ یا کی جگہ فتحہ والا ہمزہ پڑھتے ہیں اور اس کے مدّ منفصل میں قالونؒ توسط اور ورشؒ پانچ الف مدّ کرتے ہیں، باقی چھ قرّاء ہمزہ کی جگہ یائے مفتوحہ پڑھتے ہیں۔

کُنْتُمْ (۳ جگہ) جَآءَکُمْ - اَنْتُمْ - مِیْثَاقَکُمْ - اَتَیْنٰکُمْ - بِکُفْرِهِمْ - یَاْمُرُکُمْ - اِیْمَانُکُمْ - اَیْدِیْهِمْ - وَلَتَجِدَنَّهُمْ - اَحَدُهُمْ -

قالونؒ میمات جمع میں وصلًا ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

اِیْمَانُکُمْ اِنْ - وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ -

قالونؒ بہ حالتِ صلہ مدّاتِ منفصل میں قصر و توسّط، ورشؒ پانچ الف مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفؒ ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ۔

وَاِذْ اَخَذْنَا - قُلْ اِنْ - قَدْ مَتْ اَیْدِیْهِمْ -

ورشؒ ہمزہ کی حرکت پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ خلفؒ وصلًا ترک سکتہ وسکتہ، خلادؒ ترک سکتہ اور وقفًا دونوں مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی کرتے ہیں۔

الْاٰخِرَةُ -

ورشؒ نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلًا سکتہ اور خلادؒ سکتہ وترک سکتہ کرتے ہیں۔

الْاٰخِرَةُ - بَصِیْرٌ -

ورشؒ زیر اور یائے ساکنہ کیوجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

اَنْبِیَآءَ - جَآءَکُمْ -

ورشؒ و حمزہؒ مدّاتِ متصل میں پانچ الف مدّ اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَنْبِيَآءَ ۔

ہشامؒ و حمزہؒ کے لئے وقفاً تین وجوہ ہیں۔ ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسط و قصر۔

جَآءَكُمْ ۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں :

ہمزہ کی کا اَلِفْ تسہیل اور الف مدّہ میں مَدْ و قصر۔

مُؤْمِنِيْنَ ○ ۔ (دو جگہ)۔ بِئْسَمَا ۔ يَأْمُرُكُمْ ۔

ورشؒ و سوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو پہلی حرکت کے موافق حرف سے بدل دیتے ہیں

أَتَيْنَاكُمْ ۔ إِيمَانُكُمْ ۔ اَلْاٰخِرَةُ ۔

ورشؒ مدّاتِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

مَآ اٰتَيْنَاكُمْ، بِهٖٓ إِيمَانُكُمْ ۔

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مَدْ، مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی قُرّاء توسط کرتے ہیں۔

بِقُوَّةٍ وَّ ۔ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ ۔ حَيٰوةٍ ج وَّ ۔ سَنَةٍ ج وَّاَنْ يُّعَمَّرَ ط ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

فِي قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ ۔

بصریؒ وصلاً ھا و میم کا زیر، حمزہؒ و کسائیؒ دونوں حرفوں کا پیش، باقی قُرّاء ہا کا زیر اور میم کا پیش پڑھتے ہیں اور وقفاً سب قُرّاء ہا کا زیر اور میم کو ساکن۔

يَأْمُرُكُمْ ۔

دُوری بصریؒ کے لئے دو وجوہ ہیں (۱) را کا سکون (۲) را کے پیش میں اختلاس۔ سوسیؒ کے لئے صرف را کا سکون ہے۔ باقی قُرّاء کے لئے کامل پیش۔

يَتَمَنَّوْهُ ۔

مکیؒ وصلاً ضمیر کی ہا میں صلہ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امالہ: جَآءَكُمْ۔

ابن ذکوانؒ وحمزہؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

مُوسٰی۔

ورشؒ فتح وتقلیل، بصریؒ امالہ صغریٰ، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ۔

النَّاسِ (دو جگہ)

دُوری بصریؒ امالہ محضہ۔

بِقُوَّةٍ۔ الْاٰخِرَةُ۔ سَنَةٍ ط۔ خَالِصَةً۔

کسائیؒ وقفاً واو، را اور نون کی حرکت کو امالہ سے اور صاد کی حرکت کو فتحہ وامالہ سے پڑھتے ہیں۔

ادغام صغیر: وَلَقَدْ جَآءَكُمْ۔

بصریؒ، ہشامؒ، حمزہؒ وکسائیؒ دال کا جیم میں ادغام اور باقی قُرّاء اظہار کرتے ہیں۔

ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ۔

نافعؒ، بصریؒ، شامیؒ، شعبہؒ، حمزہؒ وکسائیؒ ادغام اور مکیؒ وحفصؒ اظہار کرتے ہیں۔

بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ۔

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا تا هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ

لِجِبْرِيْلَ۔ جِبْرِيْلَ۔

نافعؒ، بصریؒ، شامیؒ وحفصؒ جیم وراء ..... کا زیر اور را کے بعد یائے ساکنہ (جِبْرِيْلَ) پڑھتے ہیں، عبداللہ ابن کثیرؒ کی صرف جیم کا زبر اور باقی مذکورہ بالا قُرّاء کی طرح (جَبْرِيْلَ)۔ شعبہؒ جیم وراء کا زبر اور یا ساکنہ کی جگہ ہمزہ مکسورہ (جَبْرَئِيْلَ) پڑھتے ہیں، حمزہؒ وکسائیؒ جیم وراء کا زبر اور را کے بعد ہمزہ مکسورہ بعدہٗ یائے ساکنہ (جَبْرَءِيْلَ) پڑھتے ہیں۔

يَدَيْهِ۔

کیؒ وصلاً ضمیر کی ہا میں صلہ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

هُدًى وَّ - بَيِّنٰتٍ وَّ -

خَلَفٌ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ○ - لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ -

ورشؒ و سوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔

مَلٰٓئِكَتِهٖ - جَآءَهُمْ -

ورشؒ و حمزہؒ مدات متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی قرّاء توسط کرتے ہیں۔ وقفاً حمزہؒ کیلئے دو وجوہ ہیں ہمزہ کی تسہیل اور الف مدّہ میں مدّ وقصر۔

مِيْكٰلَ -

نافعؒ الف ولام کے درمیان ہمزہ مکسورہ (مِيْكَآئِيْلَ) پڑھتے ہیں اور اس کے مدّ متصل میں قالونؒ توسط اور ورشؒ پانچ الفی مدّ کرتے ہیں، بصریؒ و حفصؒ کاف کے بعد الف ہمزہ کے بغیر (مِيْكٰلَ) پڑھتے ہیں۔ مکیؒ، شامیؒ، شعبہؒ، حمزہؒ و کسائیؒ الف کے بعد ہمزہ مکسورہ بعدہٗ یاے ساکنہ (مِيْكَآئِيْلَ) پڑھتے ہیں، مکیؒ، شامیؒ، شعبہؒ اور کسائیؒ کے لئے مدّ متصل میں توسط اور حمزہؒ کے لئے پانچ الفی مدّ ہے۔

مِيْكَآئِيْلَ (وقفاً)

حمزہؒ کے لئے دو وجوہ ہیں۔ ہمزہ کی کاملیا تسہیل اور الف مدّہ میں مدّ وقصر۔

اُنْزِلَنَآ اِلَيْكَ - بِهَآ اِلَّا - وَمَآ اُنْزِلَ -

قالونؒ و دوری بصریؒ مدات منفصل میں وصلاً قصر و توسط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدّ، مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی قرّاء توسط کرتے ہیں۔

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَا - بَلْ اَكْثَرُهُمْ -

ورشؒ ہمزہ کا زبر پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً ترک سکتہ و سکتہ و خلادؒ ترک سکتہ اور وقفاً دونوں مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی کرتے ہیں۔

اٰيٰتٍ - اُوْتُوْا -

ورشؒ مدات بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

مِنْهُمْ - اَكْثَرُهُمْ - جَآءَهُمْ - مَعَهُمْ - ظُهُوْرِهِمْ - كَاَنَّهُمْ -

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قالون میاتِ جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکی صلہ کرتے ہیں۔

وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ -

شامیؒ ، حمزہؒ وکسائیؒ وَلٰكِنَّ کے نون کو ساکن اور وصل میں زیر، اور الشَّيٰطِيْنَ کے نون کا پیش وَلٰكِنِ الشَّيٰطِيْنُ) پڑھتے ہیں۔ نافعؒ ، مکیؒ ، بصریؒ وعاصمؒ وَلٰكِنْ کے نون کو مثقل مفتوح اور الشَّيٰطِيْنَ کے نون کا زبر پڑھتے ہیں۔

السِّحْرَ -

ورشؒ زیر کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

امالہ: هُدًى (وقفًا) - ورشؒ فتحہ وتقلیل اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

بُشْرٰى - ورشؒ تقلیل، بصریؒ، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ

لِلْكٰفِرِيْنَ ○ -

ورشؒ تقلیل، بصریؒ ودوری علیؒ امالہ کبریٰ۔

جَآءَهُمْ -

ابن ذکوانؒ وحمزہؒ امالہ محضہ ——— ۱۲

وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ تا بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

مِنْ اَحَدٍ اِلَّا - وَلَوْ اَنَّهُمْ - عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ - مِنْ اَهْلِ -

ورشؒ ہمزہ کی حرکت پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو گرا دیتے ہیں۔

مِنْ اَحَدٍ اِلَّا -

خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

خلفؒ کیلئے وقفًا پہلے مفصول میں ترک سکتہ کے ساتھ ثانی میں ترک سکتہ ونقل ہے۔ اور پہلے مفصول میں سکتہ کے ساتھ ثانی میں سکتہ ونقل ہے۔ خلادؒ کے لئے پہلے مفصول میں ترک سکتہ کے ساتھ ثانی میں ترک سکتہ ونقل ہے۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ - عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ - مِنْ اَهْلِ -

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خَلَفٌ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ و خلاّدٌ ترک سکتہ کرتے ہیں۔ اور وقفاً دونوں کیلئے مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی ہے۔

وَ مَا هُمْ۔ يَضُرُّهُمْ۔ وَلَا يَنْفَعُهُمْ۔ اَنْفُسَهُمْ۔ اَنَّهُمْ۔ عَلَيْكُمْ۔ رَبِّكُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا۔

قالونؒ بحالتِ صلہ مدِّ منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفٌ ترک سکتہ وسکتہ اور خلاّدؒ ترک سکتہ۔

فِی الْاٰخِرَةِ۔

ورشؒ ہمزہ کا زبر لام ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ خلفٌ وصلاً سکتہ، خلاّدؒ سکتہ و ترک سکتہ اور وقفاً دونوں سکتہ نقل کرتے ہیں۔

اٰمَنُوْا (دو جگہ)۔ فِی الْاٰخِرَةِ۔

ورشؒ مدّاتِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

خَيْرٌ۔ الْاٰخِرَةِ

ورش کے لئے یائے ساکنہ اور زیر کیوجہ سے را باریک ہے۔

يَقُوْلُ اٰمَنَّا۔ بِهٖ اَنْفُسَهُمْ۔ يٰۤاَيُّهَا۔

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدّ، مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی قرّاء توسط کرتے ہیں۔

بَيْنَ الْمَرْءِ (وقفاً)

ہشامؒ و حمزہؒ کے لئے دو وجوہ ہیں۔

۱ ہمزہ کا زیر را کو دے کر بعد حذفِ ہمزہ اسکان کے ساتھ وقف کرنا۔

۲ " " " " " روم " " " "

بِضَآرِّيْنَ۔

سب قرّاء مدّ لازم میں طول (تین یا پانچ الفی) کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِشْتَرَاهُ۔

مکیؒ کے لئے وصلاً ضمیر کی ہا میں صلہ ہے۔

خَلَاقٍ ط وَ-اَنْ يُّنَزَّلَ ۔ مَنْ يَّشَآءُ ۔ خَلَفٌ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

وَ لَبِئْسَ ۔ ورشؒ سوسیؒ ہمزہ ساکنہ کو یا سے بدل دیتے ہیں۔

يُنَزَّلَ۔

مکیؒ و بصریؒ نون کو ساکن، زا کو مُخَفَّف (يُنْزَلَ) باقی قُرّاء نون کا زبر اور زا کو مُشَدَّد پڑھتے ہیں۔

يَشَآءُ ط

ہشامؒ اور حمزہؒ کیلئے وقفاً پانچ وجوہ ہیں۔

(الف) ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسّط و قصر۔

(ب) ہمزہ کی کاً واً و تسہیل مع الرَّوم اور الف مَدّہ میں مَدّ و قصر۔ اور وصلاً ورشؒ و حمزہؒ کا پانچ الفی مَدّ۔ باقی قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

امالہ: اشْتَرٰىهُ

ورشؒ تقلیل۔ بصریؒ، حمزہؒ اور کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

لِلْكٰفِرِيْنَ۔

ورشؒ تقلیل، بصریؒ و دُوری علیؒ امالہ کبریٰ۔

فِي الْاٰخِرَةِ۔ لَمَثُوْبَةٌ۔ فِتْنَةٌ۔

کسائیؒ وقفاً ہائے تانیث سے پہلی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔ ۱۲

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ تَا تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ط مَا نَنْسَخْ۔

شامیؒ پہلے نون کا پیش و سین کا زبر اور باقی قُرّاء پہلے نون اور سین کا زبر پڑھتے ہیں۔

مِنْ اٰيَةٍ اَوْ۔ قَدِيْرٌ ۝ اَلَمْ، وَلَا نَصِيْرٍ ۝ اَمْ۔ مِنْ اَهْلِ۔

ورشؒ وصلاً ہمزہ کی حرکت پہلے ساکن کو دیکر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خَلَفٌ وصلاً ترک سکتہ و سکتہ اور خلادٌ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِنْ اٰيَةٍ اَوْ (وقفاً)۔

خلفؒ پہلے مفصول میں ترک سکتہ کیساتھ ثانی میں ترک سکتہ ونقل اور پہلے مفصول میں سکتہ کے ساتھ ثانی میں سکتہ ونقل کرتے ہیں۔ خلادؒ پہلے مفصول میں ترک سکتہ کے ساتھ ثانی میں ترک سکتہ ونقل کرتے ہیں۔

وَالْاَرْضِ ط بِالْاِيْمَانِ۔

ورشؒ ہمزہ کی حرکت لام ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ خلفؒ وخلادؒ وقفاً سکتہ ونقل کرتے ہیں اور وصلاً خلفؒ سکتہ اور خلادؒ سکتہ وترک سکتہ۔

اِيْمَانِكُمْ۔ وَاٰتُوْا۔ بِالْاِيْمَانِ۔ اٰيَةٍ۔ ورشؒ مدات بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

شَيْءٍ (دو جگہ)

ورشؒ مدات لین میں توسط وطول کرتے ہیں، خلفؒ وصلاً سکتہ اور خلادؒ سکتہ وترک سکتہ۔ ہشامؒ وحمزہؒ کے لئے وقفاً چار وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کی تنوین یا کو دے کر بعد حذفِ ہمزہ یا کو ساکن پڑھنا۔

۲۔ " " " " " " رَوم کے ساتھ وقف کرنا۔

۳۔ ہمزہ کو یا سے بدل کر یا کا یا میں ادغام کرنے کے بعد اسکان کے ساتھ وقف کرنا۔

۴۔ " " " " " " " " " رَوم " " " " " " " " " ۔

قَدِيْرٌ ۝ (دو جگہ) كَثِيْرٌ۔

ورشؒ حالین میں یائے ساکنہ کیوجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

نُنْسِهَا۔

مکیؒ وبصریؒ پہلے نون وسین کا زبر، بعدہ ہمزہ ساکنہ، نافعؒ، شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ وکسائیؒ پہلے نون کا پیش اور سین کا زیر ہمزہ کے بغیر پڑھتے ہیں۔ سوسیؒ کیلئے استثناء کیوجہ سے ہمزہ ساکنہ کا ابدال نہیں ہے۔

نَاْتِ۔ يَاْتِيَ

ورشؒ وسوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

مِنْهَآ اَوْ۔ مِثْلِهَا ط اَلَمْ۔ بِاَمْرِهٖ ط اِنَّ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قالونؒ ودُوریؒ بصری مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر وتوسّط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الفی مدّ، مکیؒ وسوسیؒ اور باقی قُرّاء توسط کرتے ہیں۔

وَمَالَكُمْ۔ رَسُوْلَكُمْ۔ يَرُدُّوْنَكُمْ۔ اِيْمَانِكُمْ۔ اَنْفُسِهِمْ۔ لِاَنْفُسِكُمْ۔

قالونؒ میماتِ جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا۔ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ۔ قَدِيْرٌ ۝ وَّ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

تَسْئَلُوْا

حمزہؒ وقفاً ہمزہ کا زبر سین کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔

كَمَا سُئِلَ (وقفاً)

حمزہؒ کیلئے دو وجوہ ہیں۔

۱۔ ہمزہ کی کاملیا تسہیل (۲) ہمزہ کا واؤ سے ابدال۔

سَوَآءَ۔

ورشؒ وحمزہؒ مدِّ متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

الصَّلٰوةَ۔

ورشؒ صاد اور لام کے فتحہ کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

بِاَمْرِهٖ ط

حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں:

(۱) ہمزہ کی تحقیق (۲) ہمزہ کا یائے مفتوحہ سے ابدال۔

تَجِدُوْهُ۔

مکیؒ وصلاً ھائے ضمیر میں صلہ کرتے ہیں۔

امالہ: مُوْسٰى۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، بصریؒ امالہ صغریٰ اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

اٰيَةٍ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کسائیؒ وقفاً یا کی حرکت کو اماله سے پڑھتے ہیں۔

ادغام صغیر: فَقَدْ ضَلَّ۔

ورشؒ، بصریؒ، شامیؒ، حمزہؒ و کسائیؒ دال کا ضاد میں ادغام اور قالونؒ مکیؒ اور عاصمؒ اظہار کرتے ہیں۔

ادغام کبیر: الْعَظِيمِ ○ مَا - تَبَيَّنَ لَهُمُ۔

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں۔ ——— ۱۲

إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ○ تا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّهِ ط

بَصِيرٌ ○ وَّ - لَنْ يَّدْخُلَ - عَلٰى شَيْءٍ وَّ (دو جگہ) - اَنْ يُّذْكَرَ - اَنْ يَّدْخُلُوهَا - خِزْيٌ وَّ - عَظِيمٌ ○ وَّ -

خَلَفٌ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

بَصِيرٌ ○ فِي الْاٰخِرَةِ -

ورشؒ حالین میں یائے ساکنہ اور زیر کیوجہ سے راکو باریک پڑھتے ہیں۔

هُودًا اَوْ، مَنْ اَسْلَمَ، وَمَنْ اَظْلَمُ۔

ورشؒ نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ خَلَفٌ وصلاً ترک سکتہ و سکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ اور وقفاً دونوں حضرات مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی ہے۔

فِي الْاٰخِرَةِ -

ورشؒ نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور مدِّ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔ خَلَفٌ وصلاً سکتہ اور خلادؒ سکتہ و ترک سکتہ اور وقفاً دونوں سکتہ و نقل کرتے ہیں۔

عَلٰى شَيْءٍ (دو جگہ)

ورشؒ مدّاتِ لین میں توسّط و طول کرتے ہیں، خَلَفٌ وصلاً سکتہ اور خلادؒ سکتہ و ترک سکتہ یہ شلمؒ و حمزہؒ کے لئے وقفاً چار وجوہ ہیں۔

۱ ——— ہمزہ کی تنوین یا ساکنہ کو دے کر بعد حذفِ ہمزہ یا کو ساکن پڑھنا۔

۲ ——— " " " " " " " " " رَدْم سے وقف کرنا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۳ — ہمزہ کا یا سے ابدال اور یا کا یا میں ادغام کرنے کے بعد اسکان سے وقف کرنا۔

۴ — " " " " " " " " " رَوْم " " "

اَمَانِيِّهِمْ۔ بُرْهَانَكُمْ۔ كُنْتُمْ۔ عَلَيْهِمْ۔ وَلَاهُمْ۔ قَوْلِهِمْ۔ بَيْنَهُمْ۔ لَهُمْ (۳ جگہ)

قالونؒ میاتِ جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

بُرْهَانَكُمْ اِنْ۔ لَهُمْ اَنْ۔

قالونؒ بحالتِ صلہ مدّاتِ منفصل میں قصر و توسّط، ورشؒ پانچ الفی مَدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں،

خَلَفٌ ترک سکتہ و سکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ۔

وَهُوَ۔

قالونؒ، بصریؒ و کسائیؒ پہلے واو کی وجہ سے ھا کو ساکن اور باقی قرّاء پیش پڑھتے ہیں۔

فَلَهٗ اَجْرُهٗ، خَرَابِهَا اُولٰٓئِكَ۔ يَدْخُلُوْهَا اِلَّا۔

قالونؒ و دوریؒ بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مَدّ مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی قرّاء توسّط کرتے۔

عَلَيْهِمْ۔

حمزہؒ مطلقاً ہا کا پیش اور باقی قرّاء زیر پڑھتے ہیں۔

فِيْهِ۔

مکیؒ وصلاً ہائے ضمیر میں اشباع (صلہ) کرتے ہیں۔

اَظْلَمُ۔

ورشؒ ظا ساکنہ اور لام کے فتحہ کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ۔ خَاسِئِيْنَ ۝۔

ورشؒ و حمزہؒ مدّاتِ متّصل میں پانچ الفی مَدّ اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔ حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں: ہمزہ متوسّط کی کالیا تسہیل اور الف مدّہ میں مَدّ و قصر ہے۔

امالہ: نَصٰرٰى۔ النَّصٰرٰى (دو جگہ)۔

ورشؒ تقلیل اور بصریؒ، حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بَلٰی وَسَعٰی ۔ ورشؒ فتحہ وتقلیل، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ

الْجَنَّةَ ۔ الْقِيٰمَةِ ۔ الْاٰخِرَةِ ۔

کسائیؒ وقفًا ہائے تانیث سے پہلی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

ادغام کبیر: كَذٰلِكَ ۔ قَالَ ۔ اَظْلَمُ مِمَّنْ ۔ سوسیؒ وصلًا ادغام کرتے ہیں۔

يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۔

سوسیؒ وصلًا میم کو ساکن کرکے اخفا مع الغنہ کرتے ہیں۔ ——— ۱۲

اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ○ تا وَلَا نَصِيْرٍ ○

اَلِيْمٌ ○ وَّ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ○ ۔ يَسِيْرًا وَّ ۔ نَذِيْرًا وَّ ۔ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا ۔

خلفؒ وصلًا ادغام تام کرتے ہیں۔

وَقَالُوْا ۔

شامیؒ پہلے واو کے بغیر اور باقی قرّاء پہلے واو کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

وَالْاَرْضِ ط دو جگہ ۔ الْاٰيٰتِ ۔

ورشؒ ہمزہ کا زبر لام ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ خلفؒ وخلادؒ وقفًا سکتہ ونقل اور وصلًا خلفؒ سکتہ وخلادؒ سکتہ وترک سکتہ کرتے ہیں۔

اٰيَةٌ ط ۔ الْاٰيٰتِ ۔ ورشؒ مدات بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

عَنْ اَصْحٰبِ ۔ قُلْ اِنَّ ۔

ورشؒ ہمزہ کی حرکت پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ خلفؒ وصلًا ترک سکتہ وسکتہ خلادؒ ترک سکتہ اور وقفًا دونوں مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی کرتے ہیں۔

قَضٰٓى اَمْرًا ۔ تَاْتِيْنَا اٰيَةٌ ط ۔ اِنَّآ اُرْسِلْنٰكَ ۔

قالونؒ ودوریؒ بصریؒ مدات منفصل میں وصلًا قصر وتوسط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الفی مد میں مکیؒ وسوسیؒ قصر اور باقی قرّاء توسط کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَوْتَأْتِيْنَا۔

ورشؒ وسوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

فَيَكُوْنُ ۝۔

ابن عامر شامیؒ نون کا زبر اور باقی قرار پیش پڑھتے ہیں۔

قَبْلِهِمْ۔ قَوْلِهِمْ۔ قُلُوْبُهُمْ۔ مِلَّتَهُمْ۔ اَهْوَآءَهُمْ۔

قالونؒ بیماتِ جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

بَشِيْرًا - وَنَذِيْرًا۔

ورشؒ یا ساکنہ کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

وَلَا تُسْئَلُ۔

نافعؒ تا کا زبر اور لام کا سکون اور باقی قرار تا اور لام دونوں کا پیش پڑھتے ہیں۔ حمزہؒ وقفاً ہمزہ کا زبر سین ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔

تنبیہ: نافعؒ کی قرارت میں لَا ناھیہ اور باقی قرار کی قرأت میں لَا نافیہ ہے۔

اَهْوَآءَهُمْ۔ جَآءَكَ۔

ورشؒ وحمزہؒ مدات متصل میں پانچ الفی مد اور باقی قرار توسط کرتے ہیں۔ حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں۔ ہمزہ کی کا لائف تسہیل اور الف مدہ میں مد و قصر۔

وَلَئِنْ (وقفاً)

حمزہؒ کے لئے دو وجوہ ہیں: (۱) ہمزہ کی تحقیق (۲) ہمزہ کی کا لیا تسہیل۔

امالہ: قَضٰى۔ تَرْضٰى۔ هُدًى (وقفاً)۔ الْهُدٰى۔

ورشؒ فتحہ و تقلیل اور حمزہ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

جَآءَكَ۔

ابن ذکوانؒ و حمزہؒ امالہ محضہ۔

النَّصٰرٰى۔

ورشؒ تقلیل اور بصریؒ حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اٰیَۃُ ط۔

کسائیؒ وقفاً یا کی حرکت کو الف سے پڑھتے ہیں۔

ادغام کبیر: یَقُوْلُ لَّہٗ ۔ کَذٰلِکَ قَالَ ۔ اللّٰہِ ھُوَ ۔ مِنَ الْعِلْمِ مَالَکَ ۔

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰھُمُ الْکِتٰبَ تا وَالرُّکَّعِ السُّجُوْدِ ۝

اٰتَیْنٰھُمُ ۔

ورشؒ مدِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

تِلَاوَتِہٖ ط اُولٰٓئِکَ ۔ یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ (پہلا مد) اَلَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ ۔ اِبْتَلٰٓی اِبْرٰھٖمَ ۔ وَعَھِدْنَآ اِلٰی ۔

ورشؒ کے لئے نقل حرکت اور حمزہؒ کا حذف ہے۔ خَلَفٌ کے لئے وصلاً سکتہ اور خلادؒ کے لئے مکتہ و ترک سکتہ اور وقفاً حمزہؒ کے لئے سکتہ و نقل ہے۔

امالہ : هٰذٰكُمْ۔ لِمَنِ اتَّقٰى۔

ورشؒ فتح و تقلیل، حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں

فَمِنَ النَّاسِ۔

دوری بصریؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

فِي الدُّنْيَا (دو جگہ)

ورشؒ کے لئے فتح و تقلیل ہے، بصریؒ کے لئے امالہ صغریٰ اور حمزہؒ و کسائیؒ کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔

فِي الْاٰخِرَةِ۔ (دو جگہ)۔ حَسَنَةً (دو جگہ)۔

کسائیؒ وقفاً ھائے تانیث سے پہلی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

النَّارِ ○

ورشؒ تقلیل، بصریؒ اور دوری علیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ادغام کبیر: مَنَاسِكَكُمْ۔ يَقُوْلُ رَبَّنَا (دوجگہ)

سوسی رح وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْا تا فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ۔ بِاَيِّهَا۔ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ۔ اِلَّآ اَنْ۔

قالونؒ و دوری بصریؒ وصلاً مدات منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدہ مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی تین قراء توسط کرتے ہیں۔

اَنَّكُمْ اِلَيْهِ۔

قالونؒ بہ حالت صلہ مدِ منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مدہ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں۔ خلفؒ کے لئے ترکِ سکتہ و سکتہ اور خلادؒ کے لئے ترکِ سکتہ ہے۔

اِلَيْهِ۔

مکیؒ وصلاً ضمیر کی ھا میں صلہ کرتے ہیں۔

مَنْ يُّعْجِبُكَ۔ مَنْ يَّتَّرِيْ۔ كَآفَّةً وَّ۔ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

وَهُوَ۔

قالونؒ، بصریؒ و کسائیؒ ھا کو ساکن اور باقی ساڑھے چار قراء پیش پڑھتے ہیں۔

فِي الْاَرْضِ۔ بِالْاِثْمِ۔

ورشؒ کے لئے نقلِ حرکت اور ہمزہ کا حذف ہے، خلفؒ کے لئے وصلاً سکتہ اور خلادؒ کے لئے سکتہ و ترکِ سکتہ ہے اور وقفاً حمزہؒ کے لئے سکتہ و نقل ہے۔

قِيْلَ۔

ہشامؒ اور کسائیؒ قاف کے زیر کا پیش میں اشمام کرتے ہیں۔

وَلَبِئْسَ۔ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ۔

ورشؒ و سوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابْتِغَآءَ - جَآءَ تُكُمْ -

ورشؒ وحمزہؒ مدّاتِ متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی ساڑھے پانچ قرّاء توسط کرتے ہیں۔

ابْتِغَآءَ - (وقفاً)

ہشامؒ وحمزہؒ کے لئے ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول توسط اور قصر ہے۔

جَآءَ تُكُمْ -

حمزہؒ کے لئے وقفاً ہمزہ کی کالالف تسہیل کے ساتھ الف مدہ میں مدّ وقصر ہے۔

رَءُوفٌ -

نافعؒ، مکیؒ، شامیؒ اور حفصؒ ہمزہ کے بعد واو ساکن اور باقی ساڑھے تین قرّاء واو کے بغیر پڑھتے ہیں۔

رَءُوفٌ - اُمَنُوْا -

ورشؒ مدّاتِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

فِي السِّلْمِ -

نافعؒ، مکیؒ اور کسائیؒ سین کا زبر اور باقی چار قرّاء زیر پڑھتے ہیں۔

كَآفَّةً -

تمام قرّاء مدِّ لازم میں پانچ یا تین الفی طول کرتے ہیں۔

خُطُوَاتِ -

قنبلؒ، شامیؒ، حفصؒ اور علی کسائیؒ طا کا پیش اور باقی چار قرّاء ساکن پڑھتے ہیں

امالہ: وَمِنَ النَّاسِ (دو جگہ)

دوری بصریؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

الدُّنْيَا -

ورشؒ فتحہ وتقلیل، بصری امالہ صغریٰ اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

تَوَلّٰى - سَعٰى -

ورشؒ کے لئے فتحہ وتقلیل اور حمزہؒ وکسائیؒ کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔

مَرْضَاتِ - کسائیؒ کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْعِزَّةُ - كَافَّةً.

کسائیؒ وقفاً ھائے تانیث سے پہلی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

جَآءَتْكُمْ.

ابن ذکوانؒ وحمزۃؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

ادغام کبیر: يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ - قِيْلَ لَهُ

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ تَا مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ط

وَالْمَلٰٓئِكَةُ - اِسْرَآءِيْلَ - جَآءَتْهُ - يَشَآءُ - جَآءَتْهُمْ.

ورشؒ وحمزہؒ مدات منفصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی ساڑھے پانچ قرار توسط کرتے ہیں

وَالْمَلٰٓئِكَةُ. اِسْرَآءِيْلَ - جَآءَتْهُ - جَآءَتْهُمْ.

حمزہؒ وقفاً ہمزہ کی تسہیل کے ساتھ الف مدہ میں مدّ وقصر کرتے ہیں۔

يَشَآءُ (وقفاً) - ہشامؒ وحمزہؒ کے لئے پانچ وجوہ ہیں:

(الف) ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول توسط وقصر۔

(ب) ہمزہ کی کاواو تسہیل مع الرّوم والف مدہ میں مدّ وقصر۔

وَقُضِيَ الْاَمْرُ ط تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ○ ورشؒ کے لئے نقل حرکت اور ہمزہ کا حذف ہے۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً سکتہ ونقل اور وصلاً خلفؒ کیلئے سکتہ، خلادؒ کے لئے سکتہ وترک سکتہ ہے۔

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ○ نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ اور عاصمؒ تا کا پیش جیم کا زبر شامیؒ، حمزہؒ اور کسائیؒ تا کا زبر اور جیم کا زیر پڑھتے ہیں۔

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (پہلا مدّ)

قالونؒ ودوری بصریؒ وصلاً مدّ منفصل میں قصر وتوسط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الفی مدّ، مکیؒ دوسوئی قصر اور باقی تین قرار توسط کرتے ہیں

كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍ

ورشؒ کے لئے نقل حرکت اور ہمزہ کا حذف ہے۔ خلفؒ کے لئے ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ کے لئے ترک سکتہ ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَنْبِئُوْنِیْ۔ اٰیَۃٍ۔ اٰمَنُوْا (دو جگہ)۔ النَّبِیّٖنَ۔

ورشؒ تاءِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

اِسْرَآءِیْلَ۔

ورشؒ صرف قصر کرتے ہیں یہ کلمہ توسط وطول سے مستثنیٰ ہے۔

اَنْبِئْهُمْ۔ فَوْقَهُمْ۔ بَيْنَهُمْ۔

قالونؒ وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

وَمَنْ يُّبَدِّلْ۔ مَنْ يَّشَآءُ۔ اُمَّةً وَّاحِدَةً۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

جَآءَتْهُ۔ فِيْهِ (تین جگہ)۔ اُوْتُوْهُ۔

مکیؒ وصلاً ھاءِ ضمیر میں صلہ کرتے ہیں۔

النَّبِيّٖنَ۔

نافعؒ یا کے بعد یائے ساکنہ اس کے بعد ہمزۂ مکسورہ، بعدہٗ یائے ساکنہ (النَّبِيِّيْنَ) پڑھتے ہیں اور اس کے مدِّ متصل میں قالونؒ کے لئے توسط اور ورشؒ کے لئے پانچ الف مدّ ہے۔ باقی چھ قراء ہمزہ کو یاء سے بدل کر یا کا یا میں ادغام کرنے کے بعد یا کو مُشَدَّد (النَّبِيّٖنَ) پڑھتے ہیں۔

بِاِذْنِهٖ۔

حمزہؒ کیلئے وقفاً ہمزہ کی تحقیق اور تسہیل ہے۔

امالہ: وَالْمَلٰٓئِكَةُ۔ اٰيَةٍ۔ بَيِّنَةٍ۔ الْقِيٰمَةِ۔ اُمَّةً۔ وَاحِدَةً۔

کسائیؒ وقفاً ہائے تانیث سے پہلی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

جَآءَتْهُ۔ جَآءَهُمْ۔

ابن ذکوانؒ وحمزہؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

الدُّنْيَا۔

ورشؒ کے لئے فتحہ وتقلیل ہے، بصریؒ کے لئے امالہ صغریٰ اور حمزہؒ وکسائیؒ کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔

تُهْدَوْنَ (وقفاً)۔ ورشؒ فتحہ وتقلیل اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

النَّاسِ

دوری بصریؒ کے لئے امالہ محضہ ہے۔

ادغامِ کبیر: زُيِّنَ لِلَّذِينَ۔ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ۔ وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ۔

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں۔

لِيَحْكُمَ بَيْنَ۔

سوسیؒ وصلاً میم کو ساکن کرکے اخفاء مع الغنہ کرتے ہیں ——— ۱۲

وَاللّٰهُ يَهْدِي مَنْ يَّشَآءُ تا قُلْ قِتَالٌ فِيهِ كَبِيرٌ وَصْلُهٗ

مَنْ يَّشَآءُ۔ قَرِيبٌ ○ يَسْئَلُونَكَ۔ شَيْئًا وَّ (دو جگہ) كَبِيرٌ وَّ

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

يَشَآءُ۔ الْبَأْسَآءُ۔ وَالضَّرَّآءُ۔

ورشؒ وحمزہؒ مدات منفصل میں پانچ الف مد باقی ساڑھے پانچ قصر توسط کرتے ہیں۔

يَشَآءُ۔ الْبَأْسَآءُ۔ وَالضَّرَّآءُ۔

ھشامؒ وحمزہؒ کے لئے وقفاً پانچ وجوہ ہیں:

(الف) ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول توسط قصر (ب) ہمزہ پر روم اشمام تسہیل کیساتھ الف مد میں مد وقصر۔

يَشَآءُ إِلٰى۔

نافعؒ مکیؒ بصریؒ کے لئے وصلاً دو وجوہ ہیں:

(الف) پہلے ہمزہ کی تحقیق اور دوسرے ہمزہ کی یا ہمزہ کے درمیان تسہیل

(ب) " " " دوسرے ہمزہ کا واو مکسورہ سے ابدال۔

شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ وکسائیؒ دونوں ہمزہ کو تحقیق سے پڑھتے ہیں۔

صِرَاطٍ۔

تمیلیؒ سین پڑھتے ہیں، خلفؒ صادؒ کا زا میں اشمام کرتے ہیں اور باقی چھ قراء خالص صاد پڑھتے ہیں۔

مُسْتَقِيمٍ ○ اٰمَنَ۔ ورشؒ کے لئے وصلاً نقل حرکت او ہمزہ کا حذف ہے۔ خلفؒ کے لئے وصلاً

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکِ سکتہ وسکتہ اور خلّادؒ کے لئے ترکِ سکتہ ہے۔

اَمْ حَسِبْتُمْ۔ يَأْتِكُمْ۔ مِنْ قَبْلِكُمْ۔ اَنْفَقْتُمْ۔ لَكُمْ (۲ جگہ) - وَاَنْتُمْ۔

قالونؒ وصلاً میمات جمع میں ترکِ صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ۔

قالونؒ بہ حالتِ صلہ مدِّ منفصل میں قصر وتوسّط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں۔ خلفؒ کے لئے وصلاً ترکِ سکتہ وسکتہ ہے اور خلّادؒ کے لئے ترکِ سکتہ۔

يَأْتِكُمْ۔

ورشؒ وسوسیؒ ہمزۂ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

الْبَأْسَاءُ۔

سوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزۂ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

حَتّٰى يَقُوْلَ۔

نافعؒ لام کا پیش اور باقی چھ قُرّاء زبر پڑھتے ہیں۔

اٰمَنُوْا۔

ورشؒ کے لئے بدل میں تثلیث ہے۔

اَلَآ اِنَّ۔ مَآ اَنْفَقْتُمْ۔ وَعَسٰٓى اَنْ (دو جگہ)

قالونؒ و دوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر وتوسّط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الفی مدّ، مکیؒ وسوسیؒ قصر اور باقی تین قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

وَالْاَقْرَبِيْنَ۔

ورشؒ ہمزہ کا زبر لام کو دے کر اس کو گرا دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً سکتہ، خلّادؒ سکتہ وترکِ سکتہ اور وقفاً حمزہؒ سکتہ ونقل کرتے ہیں۔

وَهُوَ (۳ جگہ)۔

قالونؒ، بصریؒ دکسائیؒ ھا کا سکون اور ورشؒ مکیؒ، شامیؒ، عاصمؒ وحمزہؒ پیش پڑھتے ہیں۔

شَيْئًا (دو جگہ)۔ ورشؒ مدّین میں توسّط وطول کرتے ہیں، خلفؒ کے لئے وصلاً سکتہ، خلّادؒ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے لئے سکتہ وترک سکتہ ہے اور وقفاً ہمزۃ کے لئے دو وجوہ ہیں:

(الف) ہمزہ کی تنوین یا کو دے کر بعد حذفِ ہمزہ، تنوین کو الف سے بدل کر پڑھنا۔

(ب) ہمزہ کو یا سے بدل کر یا میں ادغام کرنے کے بعد یا کو مشدد اور تنوین کو الف سے بدل کر پڑھنا۔

خَيْرٌ۔ كَبِيْرٌ۔

ورشؒ یائے ساکنہ کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

فِيْهِ (دو جگہ)

مکیؒ وصلاً ضمیر کی ھا ات میں صلہ کرتے ہیں۔

امالہ: الْجَنَّةَ

کسائیؒ وقفاً نون کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

مَتٰى۔ وَالْيَتٰمٰى۔ عَسٰى (دو جگہ)

ورشؒ فتح وتقلیل اور حمزۃؒ وکسائی امالہ کبریٰ کرتے ہیں ——— ۱۲

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تا لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ

وَاِخْرَاجُ۔ كَافِرٌ۔ وَالْاٰخِرَةِ ج۔ كَبِيْرٌ۔

ورشؒ زیر اور یائے ساکنہ کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

مِنْهُ۔

مکیؒ وصلاً ضمیر کی ھا میں صلہ کرتے ہیں۔

يُقَاتِلُوْنَكُمْ۔ يَرُدُّوْكُمْ۔ دِيْنِكُمْ۔ مِنْكُمْ اَعْمَالُهُمْ۔ هُمْ۔ لَعَلَّكُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترکِ صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ۔

قالونؒ بہ حالتِ صلہ مدِ منفصل میں قصر وتوسط، ورشؒ پانچ الفی مد اور مکیؒ قصر کرتے ہیں اور خلفؒ کیلئے ترکِ سکتہ وسکتہ اور خلادؒ کے لئے ترکِ سکتہ ہے۔

وَمَنْ يَّرْتَدِدْ۔ رَحِيْمٌ ۝ يَسْئَلُوْنَكَ۔ كَثِيْرٌ وَّ۔ خَلَتْ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَهُوَ۔

قالونؒ، بصریؒ، کسائیؒ ھا کا سکون اور ورشؒ مکیؒ، شامیؒ، عاصمؒ و حمزہؒ پیش پڑھتے ہیں۔

فَاُولٰٓئِكَ۔ وَاُولٰٓئِكَ۔ اُولٰٓئِكَ۔

ورشؒ و حمزہؒ مدات متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی ساڑھے پانچ قصر توسط کرتے ہیں۔

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ۔

ورشؒ کے لئے نقل حرکت اور ہمزہ کا حذف ہے۔ خلفؒ کے لئے وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ کے لئے ترک سکتہ ہے۔

وَالْاٰخِرَةِ ۚ۔ لَكُمُ الْاٰيٰتِ۔

ورشؒ ہمزہ کی حرکت لام کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، حمزہؒ کے لئے وقفاً سکتہ ونقل ہے اور وصلاً خلفؒ کے لئے سکتہ، خلادؒ کے لئے سکتہ وترک سکتہ ہے۔

اٰمَنُوْا۔ وَالْاٰخِرَةِ۔ الْاٰيٰتِ۔

ورشؒ مدات بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

فِيْهِمَآ اِثْمٌ۔ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ

قالونؒ و دوریؒ بصریؒ وصلاً مدات منفصل میں قصر وتوسط ..... ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدّ مکیؒ وسوسی قصر اور باقی تین قسم توسط کرتے ہیں۔

كَبِيْرٌ۔

نافعؒ مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ اور عاصمؒ ثا کی جگہ با اور حمزہؒ و کسائیؒ با کی جگہ ثا پڑھتے ہیں۔

قُلِ الْعَفْوَ۔

نافعؒ، مکیؒ، شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ و کسائیؒ واو کا زبر اور بصریؒ واو کا پیش پڑھتے ہیں۔

امالہ: وَالْفِتْنَةُ۔ وَالْاٰخِرَةِ ۚ۔

کسائیؒ وقفاً ھائے تانیث سے پہلی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

فِي الدُّنْيَا۔ ورشؒ فتحہ وتقلیل بصری امالہ صغریٰ اور حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

النَّارِ ورشؒ تقلیل اور بصریؒ و دوری علیؒ امالہ کبریٰ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لِلنَّاسِ۔

دوری بصریؒ کے لئے امالہ محضہ ہے ——— ۱۲

تَتَفَكَّرُونَ ۝ فِي الدُّنْيَا ۙ تا مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ ط

وَالْآخِرَةِ ج۔

ورشؒ نقلِ حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور حمزہؒ کے لئے وقفاً سکتہ و نقل ہے اور وصلاً خلفؒ کے لئے سکتہ، خلادؒ کے لئے سکتہ و ترکِ سکتہ ہے۔

وَالْآخِرَةِ۔ آيَتِهِ۔

ورشؒ مدّاتِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

وَالْآخِرَةِ ج۔ خَيْرٌ (تین جگہ) وَالْمَغْفِرَةِ۔

ورشؒ زیر اور یائے ساکنہ کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

قُلْ إِصْلَاحٌ۔

ورشؒ کے لئے نقلِ حرکت اور ہمزہ کا حذف ہے اور صاد ساکنہ اور لام کے زبر کی وجہ سے لام کی تفخیم ہے، خلفؒ کے لئے وصلاً ترکِ سکتہ و سکتہ اور خلادؒ کے لئے ترکِ سکتہ ہے۔

لَهُمْ۔ تُخَالِطُوهُمْ۔ فَإِخْوَانُكُمْ۔ لَأَعْنَتَكُمْ۔ أَعْجَبَتْكُمْ۔ أَعْجَبَكُمْ۔ لَعَلَّهُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترکِ صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

خَيْرٌ ۝ وَإِنْ۔ حَكِيمٌ ۝ وَلَا۔ مُشْرِكَةٍ وَلَوْ۔ مِنْ مُشْرِكٍ وَلَوْ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

فَإِخْوَانُكُمْ ط۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً ہمزہ کی تحقیق اور تسہیل ہے۔

شَاءَ۔ أُولَٰئِكَ۔ النِّسَاءَ۔

ورشؒ و حمزہؒ مدّاتِ متصل میں پانچ الف مدّ اور باقی قراء توسط کرتے ہیں

لَأَعْنَتَكُمْ ط

بزیؒ کے لئے وصلاً و وقفاً اور حمزہؒ کے لئے صرف وقفاً ہمزہ کی تحقیق و تسہیل ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يُؤْمِنُ ط مُؤْمِنَةٌ - يُؤْمِنُوا ط - مُؤْمِنٌ - فَأْتُوهُنَّ -

ورشؒ وسوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو پہلی حرکت کے موافق حرف سے بدل دیتے ہیں۔

وَلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ ج وَلَوْ أَعْجَبَكُمْ ط -

ورشؒ کے لئے نقلِ حرکت اور ہمزہ کا حذف ہے اور وقفاً خلفؒ کیلئے ترکِ سکتہ، سکتہ ونقل اور خلادؒ کے لئے ترکِ سکتہ ونقل اور وصلاً خلفؒ کے لئے ترکِ سکتہ وسکتہ اور خلادؒ کے لئے ترکِ سکتہ ہے۔

يَدْعُوا إِلَى -

قالونؒ ودوری بصریؒ مدِ منفصل میں وصلاً قصر وتوسط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الف مدِ مکیؒ وسوسیؒ قصر اور باقی تین قُرّاء توسط کرتے ہیں۔

بِإِذْنِهِ ج -

حمزہؒ کے لئے وقفاً ہمزہ کی تحقیق اور تسہیل ہے۔

يَطْهُرْنَ ط -

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ اور حفصؒ طا کو ساکن اور ھا کو مضموم ومخفف اور شعبہؒ، حمزہؒ وکسائیؒ طا اور ھا دونوں کو مفتوح اور مشدد (يَطَّهَّرْنَ) پڑھتے ہیں۔

امالہ: فِي الدُّنْيَا -

ورشؒ فتحہ وتقلیل، بصریؒ امالہ صغریٰ، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

وَالْآخِرَةِ ط - وَلَأَمَةٌ - مُؤْمِنَةٌ - إِلَى الْجَنَّةِ - وَالْمَغْفِرَةِ -

کسائیؒ وقفاً ھائے تانیث سے پہلی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

عَنِ الْيَتَامَى - أَذًى (وقفاً) -

ورشؒ فتحہ وتقلیل اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

شَاءَ -

ابن ذکوانؒ وحمزہؒ کے لئے امالہ محضہ ہے۔

إِلَى النَّارِ -

ورشؒ تقلیل اور بصریؒ ودوری علیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لِلنَّاسِ۔

دوری بصریؒ کے لئے امالہ محضہ ہے ——— ۱۲

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ تا اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ

نِسَآؤُكُمْ۔ مِنْ نِّسَآئِهِمْ۔ فَآءُوْ۔ فُرُوْءٍ ط۔

ورشؒ وحمزہؒ مدات منفصل میں پانچ الف مد، باقی قراء توسط کرتے ہیں۔

نِسَآؤُكُمْ۔ لَكُمْ۔ حَرْثُكُمْ۔ شِئْتُمْ۔ لِاَنْفُسِكُمْ۔ اَنَّكُمْ۔ لِاَيْمَانِكُمْ۔

يُؤَاخِذُكُمْ۔ قُلُوْبُكُمْ۔ نِسَآئِهِمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ و صلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

فَاْتُوْا۔ يُؤْلُوْنَ۔

ورشؒ وسوسیؒ ہمزہ ساکنہ کو پہلی حرکت کے موافق حرف سے بدل دیتے ہیں۔

حَرْثُكُمْ اَنّٰى۔ لِاَيْمَانِكُمْ اَنْ۔

قالونؒ بہ حالت صلہ مدِ منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الف مد اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفؒ ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

شِئْتُمْ۔

سوسیؒ وصلاً و وقفاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو یا سے بدل دیتے ہیں۔

لِاَنْفُسِكُمْ ط۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجوہ ہیں (۱) ہمزہ کی تحقیق (۲) ہمزہ کا زبر والی یا سے ابدال۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ۔ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ۔ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ۔

قالونؒ و دوری بصریؒ مدات منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الف مد، مکیؒ وسوسیؒ قصر اور باقی تین قراء توسط کرتے ہیں۔

مُلٰقُوْهُ۔

مکیؒ وصلاً ھائے ضمیر میں صلہ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْمُؤْمِنِيْنَ○

ورشؒ وسوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزۂ ساکنہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔

يُؤَاخِذُكُمُ (دوجگہ)۔

ورشؒ ہمزہ کی جگہ واو مفتوح اور باقی قرا۔ ہمزہ پڑھتے ہیں۔

وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ۔ رَحِيْمٌ○ وَاِنْ۔ عَلِيْمٌ○ وَقُرُوْءٍ وَّ۔ اَنْ يَّكْتُمْنَ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

فَآءُوْ۔

ورشؒ مدبدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

الطَّلَاقُ۔ وَالْمُطَلَّقٰتُ۔

ورشؒ طا اور لام کے زبر کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

قُرُوْءٍ ط (وقفاً)

ہشامؒ وحمزہؒ کے لئے دو وجوہ ہیں:

(الف) ہمزہ کو واو سے بدل کر واو کا واو میں ادغام کرنے کے بعد اسکان کے ساتھ وقف کرنا۔

(ب) " " " " " " " " " " " " " " " رَوْم کے ساتھ وقف کرنا۔

امالہ: اَنّٰی۔

ورشؒ کے لئے فتحہ وتقلیل ہے۔ دوری بصریؒ کے لئے امالہ صغریٰ اور حمزہؒ و کسائیؒ کے لئے امالہ کبریٰ ہے۔

عُرْضَةً۔ اَرْبَعَةِ۔ ثَلٰثَةَ

کسائیؒ وقفاً ضاد وعین کی حرکت کو فتحہ وامالہ سے اور تا کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں

النَّاسِ۔

دوری البصریؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ادغام کبیر: اَلْمُتَطَهِّرِيْنَ ○ نِسَآؤُكُمْ۔

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ تا اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ط

يُؤْمِنَّ۔ تَأْخُذُوْا۔

درشؒ وسوسیؒ ہمزہ کو پہلی حرکت کے موافق حرف سے بدل دیتے ہیں۔

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ۔ ورشؒ ہمزہ کی نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ حمزہؒ کیلئے وقفاً سکتہ ونقل ہے اور وصلاً خلفؒ کے لئے سکتہ اور خلادؒ کے لئے سکتہ وترک سکتہ ہے۔

الْاٰخِرِ اَنْتُمُوْهُنَّ۔ ورشؒ تاءِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

اِنْ اَرَادُوْا۔ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ۔ شَيْئًا اِلَّا۔

ورشؒ وصلاً ہمزہ کی نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا۔ مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ۔ اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا۔ عَلَيْهِمَآ اَنْ۔ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ۔ ظَنَّآ اَنْ۔

قالونؒ و دوری بصریؒ صلا ممدات منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الف مد، مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی تین قراء توسط کرتے ہیں۔

اِصْلَاحًا۔ اَلطَّلَاقُ۔ طَلَّقَهَا (دو جگہ)

ورشؒ صاد کے سکون، طا اور لام کے زبر کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

اِصْلَاحًا وَّ۔ دَرَجَةٌ ط وَّ۔ بِاِحْسَانٍ ط وَّ۔ اَنْ يَّخَافَا۔ وَمَنْ يَّتَعَدَّ۔ اَنْ يَّتَرَاجَعَا۔ اَنْ يُّقِيْمَا

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

بِاِحْسَانٍ ط حمزہؒ کے لئے وقفاً ہمزہ کی تحقیق اور تسہیل ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَكُمْ۔ خِفْتُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

لَكُمْ اَنْ۔ خِفْتُمْ اَلَّا۔

قالونؒ بہ حالتِ صلہ مدات منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں۔

خَلَفٌ ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

شَيْئًا۔

ورشؒ مدّ لین میں توسط و طول کرتے ہیں اور خلفؒ وصلاً سکتہ اور خلادؒ سکتہ و ترک سکتہ۔

فَاُولٰٓئِكَ۔

ورشؒ و حمزہؒ مدّ متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی ساڑھے پانچ قراء توسط کرتے ہیں۔

غَيْرَهٗ ط۔

ورشؒ یائے ساکنہ کی وجہ سے راکو باریک پڑھتے ہیں۔

امالہ: دَرَجٰتٍ ط۔

کسائیؒ وقفاً حالتِ تانیث سے پہلی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں ——— ۱۲

وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ تا يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ

لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ○ بِمَعْرُوْفٍ وَّلَا۔ وَمَنْ يَّفْعَلْ۔ هُزُوًا وَّاذْكُرُوْا۔

عَلِيْمٌ ○ وَاِذَا۔ اَنْ يَّنْكِحْنَ۔

خَلَفٌ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

طَلَّقْتُمْ (دوجگہ)۔ ظَلَمَ۔

ورش طاظا اور لام کے فتحہ کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

النِّسَآءَ (دوجگہ)

ورشؒ و حمزہؒ مدّاتِ متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی ساڑھے پانچ قراء توسط کرتے ہیں۔

بِمَعْرُوْفٍ اَوْ۔ ورشؒ وصلاً ہمزہ کا زبر تنوین کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ خلفؒ وصلاً۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ترکِ سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترکِ سکتہ کرتے ہیں۔

ضِرَارًا۔

ورشؒ تکرار کی وجہ سے پہلی را کو بھی پُر پڑھتے ہیں۔

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ۔ وَمَآ اَنْزَلَ۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ۔

قالونؒ و دوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدّ مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی قرّاء توسط کرتے ہیں۔

اٰيٰتِ۔ الْاٰخِرِ۔ ورشؒ مدّاتِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

هُزُوًا۔ نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ، شعبہؒ اور کسائیؒ زا کا پیش اور واو کی جگہ ہمزہ (هُزُءًا)، حفصؒ زا کا پیش اور ہمزہ کی جگہ واو (هُزُوًا) اور حمزہؒ وصلاً زا کو ساکن اور واو کی جگہ ہمزہ (هُزْءًا) پڑھتے ہیں اور وقفاً حمزہؒ کے لئے دو وجوہ ہیں:

(الف) زا کو ساکن اور ہمزہ کو واو سے بدل کر تنوین کا الف سے ابدال (هُزُوَا)۔

(ب) ہمزہ کی تنوین زا کو دے کر بعد حذفِ ہمزہ تنوین کا الف سے ابدال (هُزَا)

عَلَيْكُمْ (دو جگہ)۔ يَعِظُكُمْ۔ بَيْنَهُمْ۔ مِنْكُمْ۔ ذٰلِكُمْ۔ لَكُمْ۔ وَاَنْتُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترکِ صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

شَيْءٍ۔

ورشؒ مدّلین میں توسّط وطول کرتے ہیں اور خلفؒ کیلئے وصلاً سکتہ اور خلادؒ کیلئے سکتہ وترکِ سکتہ ہے

يُؤْمِنُ۔

ورشؒ و سوسیؒ ہمزہ ساکنہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ۔

ورشؒ کے لئے نقلِ حرکت اور ہمزہ کا حذف ہے، حمزہؒ کے لئے وقفاً سکتہ ونقل اور وصلاً خلفؒ کے لئے سکتہ اور خلادؒ کے لئے ترکِ سکتہ وسکتہ ہے۔

ذٰلِكُمْ اَزْكٰى۔

قالونؒ بحالتِ صلہ مدّ منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں۔ خلفؒ ترکِ سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترکِ سکتہ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امالہ: وَالْحِكْمَةَ۔

کسائیؒ وقفاً ھائے تانیث سے پہلی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں

اَزْكٰى۔

ورشؒ فتحہ وتقلیلؒ اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

ادغام صغیر: يَفْعَلْ ذٰلِكَ۔

صرف لیث ابوالحارثؒ ادغام اور باقی قرّاء اظہار کرتے ہیں۔

فَقَدْ ظَلَمَ۔

ورشؒ، بصریؒ، شامیؒ، حمزہؒ وکسائیؒ ادغام اور باقی قرّاء اظہار کرتے ہیں۔

ادغام کبیر: اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا۔

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں۔ ——— ۱۲

حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ ۭ تا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ وَلَا

لِمَنْ اَرَادَ۔ نَفْسٌ اِلَّا۔ فَاِنْ اَرَادَا۔ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ۔

ورشؒ وصلاً ہمزہ کی حرکت پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکت کرتے ہیں۔

اَنْ يُّتِمَّ۔ بَصِيْرٌ ۝ وَ۔ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ۔ اَشْهُرٍ وَّ۔ خَبِيْرٌ ۝ وَلَا۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

بَصِيْرٌ ۝۔ خَبِيْرٌ ۝ ۔

ورشؒ وصلاً ووقفاً یائے ساکنہ کی وجہ سے راکو باریک پڑھتے ہیں۔

لَا تُضَآرَّ۔

نافعؒ، شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ اور کسائیؒ راکا زبرؒ، بصریؒ راکا پیش پڑھتے ہیں۔ اس کے مدّلازم میں سب قرّاء پانچ یا تین الف طول کرتے ہیں۔

فِصَالًا۔

ورشؒ کے لئے لام کا پُر اور باریک دونوں طرح پڑھنا جائز ہے مگر پُر پڑھنا اَولیٰ اور مقدم ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَرَدْتُّمْ۔ اَوْلَادَكُمْ۔ عَلَيْكُمْ (دوجگہ)۔ سَلَّمْتُمْ۔ اٰتَيْتُمْ۔ مِنْكُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

اَرَدْتُّمْ اَنْ، عَلَيْكُمْ اِذَا۔

قالونؒ بہ حالتِ صلہ مدّاتِ منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں۔

خلفؒ ترکِ سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ۔ مَّآ اٰتَيْتُمْ۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ۔ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ۔

قالونؒ و دوری بصریؒ وصلاً مدّاتِ منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدّ مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی تین قرّاء توسط کرتے ہیں۔

اٰتَيْتُمْ۔

نافعؒ، بصریؒ، شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ اور کسائیؒ ہمزہ کے بعد الف اور مکیؒ ہمزہ کو الف کے بغیر (اَتَيْتُمْ) پڑھتے ہیں اور ورشؒ مدِّ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

امالہ: الرَّضَاعَةَ ۔ وَالِدَةٌ۔

کسائیؒ وقفاً عین کی حرکت کو فتحہ وامالہ سے اور دال کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں ——— ۱۲

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ بَا وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ

عَلَيْكُمْ (دوجگہ)۔ عَرَّضْتُمْ۔ اَكْنَنْتُمْ۔ اَنْفُسِكُمْ (دوجگہ)۔ اٰتَيْتُمْ۔ فَرَضْتُمْ (دوجگہ)۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

النِّسَآءِ اَوْ (وصلاً)۔

نافعؒ، مکیؒ و بصریؒ پہلے ہمزہ کو تحقیق سے اور دوسرے ہمزہ کو زبر والی یا سے بدل کر پڑھتے ہیں اور شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ وکسائیؒ دونوں ہمزہ کو تحقیق سے پڑھتے ہیں

النِّسَآءِ (وقفاً)

عاصمؒ و حمزہؒ کے لئے پانچ وجوہ ہیں:

(الف) ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسّط و قصر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(ب) ہمزہ کی تسہیل اور رَوم کے ساتھ الف مدہ میں مَدّ و قصر۔

اَلنِّسَآءِ۔ اَلنِّسَآءُ۔

ورشؒ وحمزہؒ مدّاتِ متصل میں پانچ الفی مَدّ اور باقی ساڑھے پانچ قرار توسط کرتے ہیں۔

اَوْ اَلْمَسْتُمُ۔ سِرًّا اِلَّآ۔

ورشؒ نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور خَلَفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلّادؒ ترکِ سکتہ کرتے ہیں۔

فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ (دو جگہ)۔ اِلَّآ اَنْ (دو جگہ) وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ (دو جگہ)۔ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ۔

قالونؒ و دوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر توسط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الفی مَدّ مکیؒ و سوسیؒ قصر و باقی تین قرار توسط کرتے ہیں۔

سِرًّا۔

ورشؒ زیر کی وجہ سے رَا کو باریک پڑھتے ہیں۔

مَعْرُوْفًا ۙ وَّ۔ فَرِیْضَةً وَّ۔ اَنْ یَّعْفُوْنَ ۔

خَلَفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

فَاحْذَرُوْهُ ۚ۔

مکیؒ وصلاً ضمیر کی ھا میں صلہ کرتے ہیں۔

عَلَیْکُمْ اِنْ۔ فَرَضْتُمْ اِلَّآ۔

قالونؒ بہ حالت صلہ مدّاتِ منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مَدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں۔

خَلَفؒ کے لئے ترکِ سکتہ وسکتہ اور خلّادؒ کے لئے ترکِ سکتہ ہے۔

طَلَّقْتُمُوْهُنَّ۔ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ۔

ورشؒ طا اور لام کے فتحہ کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

اَلنِّسَآءَ (وقفاً)۔

ھشامؒ وحمزہؒ کے لئے تین وجوہ ہیں:

ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول توسط، قصر۔

تَمَسُّوْهُنَّ (دو جگہ)۔ نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ اور عاصمؒ تا کا زبر میم کو الف کے بغیر اور سین کو مشدّد اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حمزہؒ و کسائیؒ تا کا پیش، میم کے بعد الف اور سین کو مشدد (تُسَآءُوهُنَّ) پڑھتے ہیں اور مدِ لازم پیدا ہونے کی بنا پر پانچ یا تین الف طول کرتے ہیں۔

قَدَرُهٗ (دو جگہ)۔

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، ھشامؒ اور شعبہؒ دال کا سکون اور ابن ذکوانؒ حفصؒ، حمزہؒ اور کسائیؒ زبر پڑھتے ہیں۔

امالہ: خِطْبَةِ، عُقْدَةَ۔ عُقْدَةُ۔ فَرِيْضَةً (دو جگہ)۔

کسائیؒ وقفاً یا اور دال کی حرکت کو امالہ سے اور ضاد کی حرکت کو فتحہ و امالہ سے پڑھتے ہیں

ادغام کبیر: النِّكَاحِ حَتّٰى۔ يَعْلَمُ مَا۔

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

لِلتَّقْوٰى تا حَذَرَ الْمَوْتِ

بَيْنَكُمْ۔ خِفْتُمْ۔ اٰمَنْتُمْ۔ عَلَمَكُمْ۔ مِنْكُمْ۔ لِاَزْوَاجِهِمْ۔ عَلَيْكُمْ۔ لَكُمْ۔ لَعَلَّكُمْ۔ دِيَارِهِمْ۔ وَهُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

بَيْنَكُمْ اِنَّ۔ لَكُمُ اٰيٰتِهٖ۔ وَهُمُ اُلُوْفٌ۔

قالونؒ بہ حالت صلہ مدات منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مد اور مکیؒ قصر کرتے ہیں۔ خلفؒ کے لئے ترکِ سکتہ و سکتہ اور خلادؒ کے لئے ترکِ سکتہ ہے۔

بَصِيْرٌ ○

ورشؒ یائے ساکنہ کی وجہ سے ہر حال میں را کو باریک پڑھتے ہیں۔

الصَّلٰوتِ۔ وَالصَّلٰوةِ۔ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ۔

ورشؒ صاد، طا اور لام کے زبر کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

فَرِجَالًا اَوْ۔ مَتَاعًا اِلٰى۔

ورشؒ ہمزہ کی نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور خلفؒ وصلاً ترکِ سکتہ و سکتہ اور خلادؒ ترکِ سکتہ کرتے ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَاِذَآ اَمِنْتُمْ۔ فِیْٓ اَنْفُسِهِنَّ۔

قالونؒ و دوری بصریؒ مدات منفصل میں وصلاً قصر و توسط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مد، مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی تین قُرّاء توسط کرتے ہیں۔

اَزْوَاجًا وَّصِيَّةً۔ مَعْرُوْفٍ مدوَّ۔ حَكِيْمٌ ○ وَّ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

وَصِيَّةً۔

نافعؒ، مکیؒ، شعبہؒ اور کسائیؒ پیش کی تنوین اور بصریؒ، شامیؒ، حفصؒ و حمزہؒ زبر کی تنوین پڑھتے ہیں۔

غَيْرَ۔ اِخْرَاجٍ ج۔

ورشؒ یائے ساکنہ اور زیر کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

اَيْنَ۔

ورشؒ کے لئے مدِّ بدل میں تثلیث ہے۔

امالہ:۔ لِلتَّقْوٰى۔ الْوُسْطٰى۔

ورشؒ فتحہ و تقلیل، بصریؒ امالہ صغریٰ اور حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

وَصِيَّةً۔

کسائیؒ وقفاً یا کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

دِيَارِهِمْ۔

ورشؒ تقلیل، بصریؒ اور دوریؒ کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں ——— ۱۲

فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ تَا بِالظّٰلِمِيْنَ ○

اَحْيَاهُمْ۔ عَسَيْتُمْ۔ مِنْهُمْ۔

قالونؒ وصلاً بمبات جمع میں ترکِ صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

اَحْيَاهُمْ ط اِنَّ۔ عَسَيْتُمْ اِنْ

قالونؒ بحالتِ صلہ مداتِ منفصل میں قصر و توسط، ورشؒ پانچ الفی مد اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفؒ کے لئے ترک سکتہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وسکتہ اور خلادؒ کے لئے ترکِ سکتہ ہے۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ ۔ لَهٗٓ اَضْعَافًا ۔ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ (پہلا مد) مُوْسٰٓى مراذ ۔ وَمَا لَنَآ اَلَّا ۔

قالونؒ و دوری بصریؒ مدّاتِ منفصل ہیں وصلاً قصر و توسط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدّ مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی قرّاء توسط کرتے ہیں۔

فَيُضٰعِفَهٗ ۔

نافعؒ، بصریؒ، حمزہؒ و کسائیؒ ضاد کے بعد الف، عین کو مُخفّف اور فا کا پیش (فَيُضْعِفُهٗ) پڑھتے ہیں۔ عاصمؒ صرف فا کا زبر پڑھتے ہیں اور باقی حرکات کو مذکور بالا قاریوں کی طرح (فَيُضٰعِفَهٗ) ہی پڑھتے ہیں۔ مکیؒ ضاد کو الف کے بغیر، عین کو مُشدّد اور فا کا پیش (فَيُضَعِّفُهٗ) پڑھتے ہیں اور شامیؒ صرف فا کا زبر پڑھتے ہیں اور باقی قرارت مکیؒ کی طرح (فَيُضَعِّفَهٗ) ہے۔

كَثِيْرَةً ۭ ۔

ورشؒ یائے ساکنہ کی وجہ سے راکو باریک پڑھتے ہیں۔

كَثِيْرَةً ۭ وَّ ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

وَ يَبْصُۜطُ ۔

نافعؒ، بزیؒ، شعبہؒ و کسائیؒ صاد اور قنبلؒ، بصریؒ، ہشامؒ، حفصؒ و خلفؒ سین پڑھتے ہیں۔ اور خلادؒ کے لئے صاد اور سین دونوں طرح پڑھنا صحیح ہے۔ ابن ذکوانؒ کے لئے اولیٰ سین پڑھنا ہے اور صاد بھی صحیح ہے لیکن طریق کے خلاف ہے۔

اِلَيْهِ ۔

مکیؒ کے لئے وصلاً ضمیر کی ھا میں صلہ ہے۔

اِسْرَآءِيْلَ ۔ وَاَبْنَآئَنَا ۔

ورشؒ و حمزہؒ مدّاتِ متصل ہیں پانچ الفی مدّ اور باقی ساڑھے پانچ قرّاء توسط کرتے ہیں۔

اِسْرَآءِيْلَ ۔

یا میں ورشؒ استثناء کی وجہ سے توسط و طول نہیں کرتے، صرف قصر کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لِنَبِيٍّ۔

نافعؒ با کے بعد بائے ساکنہ اس کے بعد دو زیر والا ہمزہ لِلنَّبِیٓءِ ج پڑھتے ہیں اور اس کے مدِ متصل میں قالونؒ کے لئے توسط اور ورشؒ کے لئے طول ہے۔ باقی چھ قراء ہمزہ کو یا سے بدل کر یا میں ادغام کرنے کے بعد یا کو مشدد پڑھتے ہیں۔

عَسَيْتُمْ۔

نافعؒ سین کا زیر اور باقی چھ قرّاء سین کا زبر پڑھتے ہیں۔

وَقَدْ أُخْرِجْنَا۔ تَوَلَّوْا إِلَّا۔

ورشؒ حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

وَأَبْنَآئِنَا۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً چار وجوہ ہیں:

(الف) پہلے ہمزہ کی تحقیق، دوسرے ہمزہ کی کامل تسہیل کے ساتھ الف مدہ میں مد و قصر۔

(ب) پہلے ہمزہ کی تسہیل " " " " " " " " " " " " " "

عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ۔

بصریؒ وصلاً ھا اور میم کا زیر، حمزہؒ و کسائیؒ دونوں کا پیش، باقی چار قرّاء ھا کا زیر اور میم کا پیش پڑھتے ہیں اور وقفاً حمزہؒ ھا کا پیش، باقی چھ قراء زیر اور میم کو سب قرّاء ساکن پڑھتے ہیں۔

امالہ: أَحْيَاهُمْ۔

ورشؒ فتحہ و تقلیل اور کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

النَّاسِ (دو جگہ)۔

دوری بصریؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

كَثِيرَةً ط۔

کسائیؒ وقفاً را کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

مُوسَىٰ۔

ورشؒ فتحہ و تقلیل، بصریؒ امالہ صغریٰ اور حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دِیَارِنَا۔

ورشؒ تقلیل اور بصریؒ و دوری علیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

ادغام کبیر: فَقَالَ لَهُمْ

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ تا اغْتَرَفَ غُرْفَةً

لَهُمْ (دوجگہ) نَبِيُّهُمْ (دوجگہ)۔ لَكُمْ (دوجگہ)۔ عَلَيْكُمْ۔ مِنْ رَّبِّكُمْ۔ كُنْتُمْ۔ مُبْتَلِيْكُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

نَبِيُّهُمْ اِنَّ (دوجگہ)۔ لَكُمْ اِنْ۔

قالونؒ بہ حالت صلہ مدّاتِ منفصل میں قصر و توسّط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفؒ کے لئے ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ کے لئے ترک سکتہ ہے۔

نَبِيُّهُمْ (دوجگہ)۔

نافعؒ با کے بعد یائے ساکنہ اس کے بعد پیش والا ہمزہ پڑھتے ہیں اور مدّ متصل میں قالونؒ کے لئے توسّط اور ورشؒ کے لئے پانچ الفی مدّ ہے، باقی چھ قرّاء ہمزہ کو یا سے بدل کر یا کے یا میں ادغام کرنے کے بعد یا کو مُشدّد پڑھتے ہیں۔

قَالُوْٓا اَنّٰى۔ مُلْكِهٖٓ اَنْ۔

قالونؒ و دوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط۔ ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدّ مکیؒ و سوسیؒ قصر، باقی تین قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

مِنْهُ (دوجگہ)۔ اصْطَفٰىهُ۔ فِيْهِ۔ يَطْعَمْهُ۔

مکیؒ وصلاً ضمیر کی ھا ات میں صلہ کرتے ہیں۔

يُؤْتَ۔ يُؤْتِيْ۔ يَأْتِيَكُمْ۔

ورشؒ و سوسیؒ ہمزہ ساکنہ کو پہلی حرکت کے موافق حرف سے بدل دیتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَنْ يَّشَآءُ عَلِيْمٌ ۝ وَ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ

خَلَفٌ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

يَشَآءُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

ورشؒ وحمزہؒ متصل میں پانچ الف مدّ اور باقی ساڑھے پانچ قدّاً توسّط کرتے ہیں۔

يَشَآءُ ط

ہشامؒ وحمزہؒ کے لئے وقفاً پانچ وجوہ ہیں:

(الف) ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسّط و قصر۔

(ب) ہمزہ کی کاف واو تسہیل اور رَوم کے ساتھ الف مدّہ میں مدّ و قصر۔

اٰيَةَ ۔ اٰلُ (دو جگہ) ۔ لَاٰيَةً

ورشؒ مدّاتِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں

الْمَلٰٓئِكَةُ ط (وقفاً)

حمزہؒ کے لئے ہمزہ کی کاف تسہیل اور الف مدّہ میں مدّ و قصر ہے۔

فَصَلَ

ورشؒ صاد اور لام کے فتحہ کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں اور وقفاً ترقیق بھی جائز ہے مگر تغلیظ اولیٰ ہے

مِنِّيْٓ اِلَّا

نافعؒ، بصریؒ وصلاً یا کا زبر مکیؒ، شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ اور کسائیؒ یا کا ہر حال میں سکون پڑھتے ہیں۔

اور مدِّ منفصل میں مکیؒ کے لئے قصر، شامیؒ، عاصمؒ و کسائیؒ کے لئے توسّط اور حمزہؒ کے لئے پانچ الف مدّ ہے

غُرْفَةً

نافعؒ مکیؒ و بصریؒ غین کا زبر اور شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ و کسائیؒ غین کا پیش پڑھتے ہیں۔

امالہ: اَتٰى

ورشؒ فتحہ و تقلیل، دوری بصریؒ امالہ صغریٰ اور حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

اصْطَفٰى

ورشؒ فتحہ و تقلیل اور حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَزَادَهٗ۔

ابن ذکوانؒ وحمزہؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

بَسْطَةً۔ سَكِيْنَتٌ۔ وَبَقِيَّةٌ۔ الْمَلٰٓئِكَةُ۔ لَاٰيَةً۔ غُرْفَةً۔

کسائیؒ وقفاً طا کی حرکت کو فتحہ وامالہ سے ن، ی، ک اور ھا کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

ادغام کبیر: وَقَالَ لَهُمْ (دو جگہ)

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

بِيَدِهٖ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۔

مِنْهُ۔

مکیؒ وصلاً ضمیر کی ھا میں صلہ کرتے ہیں۔

مِنْهُمْ۔ اَنَّهُمْ۔ فَهَزَمُوْهُمْ۔ بَعْضَهُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

اٰمَنُوْا۔ وَاٰتٰهُ۔ اٰيٰتُ۔

ورشؒ کے لئے مدات بدل میں تثلیث ہے۔

فِئَةٍ۔ فِئَةً۔

حمزہؒ وقفاً ہمزہ کو زیر والی یا سے بدل دیتے ہیں۔

كَثِيْرَةً۔

ورشؒ یائے ساکنہ کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

رَبَّنَآ اَفْرِغْ۔

قالونؒ ودوری بصریؒ مدِ منفصل میں قصر وتوسط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الف مدہ مکیؒ وسوسیؒ قصر اور باقی تین قراء توسط کرتے ہیں۔

صَبْرًا وَّ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ثَبِّتْ أَقْدَامَنَا۔

ورشؒ نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

مِمَّا يَنْشَاءُ ط۔

ورشؒ وحمزہؒ مد متصل میں پانچ الف مدّ اور باقی ساڑھے پانچ قُرّاء توسط کرتے ہیں اور وقفاً ھشامؒ و حمزہؒ کے لئے پانچ وجوہ ہیں:

(الف) ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسط وقصر۔

(ب) ہمزہ کی کاواو تسہیل اور اس کے رَوم کے ساتھ الف مدہ میں مدّ وقصر۔

دَفْعُ اللّٰهِ۔

نافعؒ دال کا زیر فا کا زبر بعدہٗ الف اور باقی چھ قرّاء دال کا زبر اور فا کا سکون پڑھتے ہیں۔

الْأَرْضُ۔

ورشؒ نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، وصلاً خلفؒ کے لئے سکتہ اور خلادؒ کے لئے سکتہ وترک سکتہ اور وقفاً جمیعؒ کے لئے سکتہ ونقل ہے۔

امالہ: لَاطَاقَةَ۔ فِئَةً۔ قَلِيلَةٍ۔ كَثِيرَةً۔ وَالْحِكْمَةَ۔

کسائیؒ وقفاً قاف کی حرکت کو فتحہ وامالہ سے ہمزہ، لام، را اور میم کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

الْكَافِرِينَ۔

ورشؒ تقلیل اور بصریؒ دوری علیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

وَأَنْتُمْ۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

ادغام کبیر: جَاوَزَهُ هُوَ وَالَّذِينَ۔ دَاوُدُ جَالُوتَ۔

سوسی وصلاً ادغام کرتے ہیں

الحمد للہ موضح القرآت کا دوسرا پارہ ختم ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مُوضح القراءات کے متعلق قرّاء و علماءِ کرام

ـــــــ کی آراء سے اقتباسات ـــــــ

موضح القراءات فی السبع المتواترات جو جناب شیخ القراء مولانا حکیم حافظ قاری محمد حبیب اللہ صاحب کی تصنیف ہے ... حرفاً حرفاً خود جناب موصوف کی زبان فیض ترجمان سے سنا۔ قراءاتِ سبعہ کے تمام اختلافات اس طرح جمع کئے ہیں کہ کوئی وجہ چھوٹنے نہیں پائی ... امتِ مسلمہ کو عموماً اور قرآن مجید کے قرّاء و حفّاظ کو خصوصاً اس کی زیادہ سے زیادہ قدر کرنی چاہیئے۔

شیخ القرّاء حضرت مولانا قاری فتح محمد پانی پتی مدظلہم
صدر درجہ تجوید و قراءات دار العلوم نانک واڑہ کراچی ۲

مجھے استادِ جلیل اور مُربّی فاضل محقق اور ماہر قاری محمد حبیب اللہ نے اپنی کتاب "موضح القراءات فی السبع المتواترات" جو اردو میں ہے، اس سے عربی ترجمہ کے ذریعہ روشناس کرایا۔ مجھے استاد موصوف کی فہم کی گہرائی اور فکر کی دقّت و نقل میں امانت سے خوشی ہوئی اسی بنا پر موصوف کی کتاب معتبر ائمہ فنِ قراءت اور جس پر از ہر شریف میں ہمارے شیوخ کا عمل ہے اس کے مطابق ہوگئی اور اس بات میں کوئی تعجب نہیں کہ قاری محمد حبیب اللہ کراچی شہر میں دوسری شخصیت ہیں جو اس علمی امانت کی تنہا حامل ہیں ... انشاء اللہ اس کے اخلاص کی برکت سے لوگوں کو اس کتاب کے ذریعہ عام فائدہ پہنچے گا۔

الاستاذ قاری المقری محمد عطاء سلیمان رزق مدظلہم
استاذ جامعہ ازہر، مصر
سابق مقیم مدرسہ عربیہ اسلامیہ نیوٹاؤن کراچی

ہمارے محترم جناب قاری حبیب اللہ صاحب جو فنِ تجوید و قراءت کے ماہر اور کراچی کے بہت سے قرّاء کے استاذ ہیں۔ آپ نے سبعہ قراءات پر اردو زبان میں "موضح القراءات فی السبع المتواترات" کے نام سے زیرِ نظر کتاب تالیف فرما کر بڑا ہی احسان فرمایا جس سے اس فن کے سیکھنے والوں کے لئے بڑی آسانی ہوگئی۔ اس کے ساتھ ائمہ قراءات کے حالات و سوانح جمع فرما کر اس کی افادیت کو دوبالا کر دیا ... اللہ تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر عطا فرمائیں کہ انہوں نے تسہیل کے ذریعہ ترغیب کی صورت پیدا فرمادی اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس خدمت کو قبول فرمائیں اور ہم سب کو اس سے استفادہ کی توفیق بخشیں۔

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہم
مفتی اعظم پاکستان و صدر دار العلوم کراچی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مجھے یہ دیکھ کر مسرت ہوئی کہ مولانا القاری المقری الحافظ محمد حبیب اللہ صاحب .... نے قراءات سبعہ میں ایک کتاب مسمّٰی بہ "موضح القراءات فی السبع المتواترات" تالیف فرمائی ہے جس میں فنِ قراءات سبعہ کی اصطلاحات کو بھی واضح طریق پر بیان فرمایا ہے اور مزید افادیت کے لئے ائمہ قراءات سبعہ (قرا سبعہ) اور ان کے رُواۃ کے حالاتِ زندگی اور کوائف علمیہ بھی بیان فرمائے ہیں ... قاری صاحب موصوف نے تحریری اجراء اور مشق کے لئے بھی بہت آسان طرز اختیار فرمایا ہے.... میری دلی دعا ہے کہ حق تعالیٰ قاری صاحب موصوف کی اس مخلصانہ خدمت قرآن کریم کو اعلیٰ درجہ کی شرفِ قبولیت بخشیں اور اس تصنیف کی افادیت عام سے عام تر ہو۔ آمین۔

حضرت مولانا احتشام الحق صاحب تھانوی مدظلہم

خطیب پاکستان و مہتمم دارالعلوم الاسلامیہ ٹنڈو الہ یار حیدرآباد سندھ

ہمارے مخلص محترم جناب حافظ قاری مولانا محمد حبیب اللہ صاحب جو کراچی کے آجکل مشہور و معروف استاذ القراء میں انہوں نے چاہا کہ یہ نعمت یعنی قراءات سبعہ کا علم علماء تک مخصوص نہ رہے بلکہ عام مسلمان بھی اس نعمت سے بہرہ ور ہوں ایک جامع آسان فہم سلیس اردو میں ایک کتاب "موضح القراءات فی السبع المتواترات" تالیف فرمائی۔ پہلا پارہ جستہ جستہ نظر سے گزرا۔ شاید اس انداز سے اردو زبان میں یہ پہلی خدمت ہو۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت کو قبول فرمائے اور امت کو نفع پہنچائے

شیخ الحدیث حضرت علامہ محمد یوسف صاحب بنوری مدظلہم

مدرسہ عربیہ اسلامیہ نیوٹاؤن کراچی۔

معارف التجوید کے متعلق قرّاء اور علمائے کرام کی آراء سے اقتباسات

"جناب شیخ القرّاء مولانا قاری محمد حبیب اللہ صاحب ..... کی تالیف فرمودہ کتاب "معارف التجوید" مع رسم القرآن المجید" ..... بفضلہ تعالیٰ تجوید و رسم دونوں کی ضروریات کے لئے جامع ہے ..... اس کتاب کی خوبی اس کا مطالعہ کرنے سے خود سامنے آجائیگی۔ عیاں راچہ بیاں۔"

شیخ القرّاء حضرت مولانا قاری فتح محمد پانی پتی مدظلہم

صدر شعبۂ تجوید دارالعلوم نانک واڑہ کراچی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

" ..... اپنی اس کتاب میں ..... رسم القرآن کے عنوان سے جو باب تحریر فرمایا ہے اس کو سابقہ تصنیفات کا عطر کہا جاسکتا ہے اور اس سے واقفیت جس طرح ایک مجوّد کے لئے ضروری ہے عام تلاوت کرنے والے لئے بھی ضروری ہے ..... اردو میں تجوید سے متعلق جتنی کتابیں بھی میری نظر سے گذریں ان سب کے مقابلہ میں یہ کتاب جامع واضح اور تجوید کے نازکترین مسائل پر حاوی ہے

جامع المعقول والمنقول حضرت علامہ سید منتخب الحق قادری مدظلہم
رئیس کلیہ معارف اسلامیہ کراچی یونیورسٹی

" اتنی بات تو اس کے مطالعہ سے ہر شخص محسوس کرسکتا ہے کہ فنِ قرارت و تجوید کی اصطلاحات اور اس کے مسائل کو اردو زبان میں جس خوبی اور حسن ترتیب کے ساتھ قاری صاحب موصوف نے جمع فرما دیا ہے وہ اس کتاب کا خاص حصہ ہے "

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہم
مفتی اعظم پاکستان و صدر دارالعلوم کراچی

" ماشاء اللہ کتاب اپنی موضوع میں بہت جامع ہے اور فن کے اکثر مسائل ضروریہ کے لئے جو علماء اور طلباء و عوام سب کو ضروری ہوں پوری حاوی ہے "

شیخ الحدیث حضرت علامہ محمد یوسف البنوری مدظلہم
مدرسہ عربیہ اسلامیہ نیوٹاؤن کراچی

" اس کتاب کے قابل اعتماد ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ اس کے مصنف قاری محمد حبیب اللہ صاحب موصوف ہیں ..... قاری صاحب موصوف المقدر کی یہ تصنیف قرآن کریم کے اعجاز اور خداوندی وعدۂ حفاظت کا ایک ظہور ہے "

حضرت مولانا احتشام الحق تھانوی مدظلہم
خطیب پاکستان و مہتمم دارالعلوم الاسلامیہ ٹنڈو الہ یار حیدرآباد سندھ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اُستاذ القراءات مولانا قاری حکیم محمد حبیب اللہ دامت فیوضہم

کی

تجوید و قراءات پر اردو میں عام فہم کتابیں

مُوضِحُ القِراءات فی السَّبعِ المُتواتِرات

اصولی و فرشی اختلافاتِ قراءات کا بیان سہل انداز میں۔ مکرّر کلمات کا ہر مرتبہ بیان۔ ورش کے لئے مدّات کی وجوہ کے جدول۔ فنّی اصطلاحات اور روایات و قراءات کا معلوم کرنا بہت سہل۔ سفید کاغذ۔ معیاری کتابت و طباعت۔ جزء اوّل ۴۰۱ صفحات

مَعارِفُ التَّجوِید مع رَسمِ القُرآنِ المَجید

جدید ترین اور سہل انداز بیان کے ساتھ بطرز سوال و جواب۔ قواعدِ تجوید، اوقاف، ادغام، رسم خط، تکبیر اور رحال مُرتّل کا مکمّل بیان۔ تعوّذ و بسملہ سے متعلق جائز و ناجائز وجوہ، ادائے حروف سے متعلق مُنہ کے اجزاء اور مخارج و صفات کا بیان واضح۔ اجتماعِ مدّات میں جائز و ناجائز وجوہ کی جدولیں۔ فنّی اصطلاحات کا سمجھنا مبتدی کے لئے بھی بہت آسان۔ عمدہ سفید کاغذ پر آفسٹ کی خوبصورت کتابت و طباعت ۲۸۰ صفحات۔

سَوانِحُ قُرّائے سَبعہ

سات اماموں اور ان کے حالات اور سلسلۂ اسناد کا مختصر بیان (سوانح، موضح القراءات کے ساتھ بھی تحریر ہیں) سفید کاغذ۔

حَبیبی قاعدہ

ہر سبق کے آغاز میں ضروری قواعد اور توضیحات و ہدایات۔ مشکل کلمات کی ہجاء۔ حروف کی مشق اور صحیح قرآن پڑھنے کے لئے چھوٹے بڑوں کے واسطے یکساں مفید۔ آفسٹ کی خوبصورت کتابت و طباعت ۴۸ صفحات

ملنے کا پتہ

(۱) ۴۶۸/۳۰ گارڈن ایسٹ لس بیلہ ہاؤس نشتر روڈ کراچی ۵

(۲) (۲) فاروقی مسجد میری ویدر ٹاور کراچی ۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ۝

مُوضِحُ القِرَاءَات
فی
السَّبْعِ المتواترات
پارہ ۳

اُستاذ القراءات مولانا قاری المقری محمد حبیب اللہ دامت فیوضہم

باہتمام (قاری حافظ) محمد عنایت اللہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ۭ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۡ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

وَاٰتَيْنَا۔ اٰمَنَ۔ اٰمَنُوْا۔

ورشؒ مدات بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

دَرَجٰتٍ ۭ وَّ۔ اَنْ يَّاْتِيَ۔ خُلَّةٌ وَّ۔ شَفَاعَةٌ ۭ وَّ۔ سِنَةٌ وَّ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

وَاَيَّدْنٰهُ۔ فِيْهِ۔

مکیؒ وصلاً ضمیر کی ہا ات میں صلہ کرتے ہیں۔

الْقُدُسِ ط۔

نافعؒ، بصریؒ، شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ اور کسائیؒ دال کا پیش اور مکیؒ سکون (الْقُدْسِ) پڑھتے ہیں۔

شَاۗءَ (دوجگہ)، جَاۗءَتْهُمُ۔

ورشؒ وحمزہؒ مدات متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی ساڑھے پانچ قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

مَنْ اٰمَنَ۔

ورشؒ نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً ترکِ سکتہ وسکتہ اور خلّادؒ ترکِ سکتہ کرتے ہیں اور وقفاً دونوں کے لئے مذکورہ وجوہ کے ساتھ نقل بھی ہے۔

اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا۔ عِنْدَهٗٓ اِلَّا۔

قالونؒ ودُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر وتوسّط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الفی مدّ، مکیؒ وسوسیؒ قصر اور باقی تین قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

يَاْتِيَ۔ لَا تَاْخُذُهٗ۔

ورشؒ وسوسیؒ ہر حال میں اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ط

نافعؒ، شامیؒ، عاصمؒ، حمزہؒ وکسائیؒ عین اور دونوں تاءات کو پیش کی تنوین سے اور مکیؒ وبصریؒ ان تینوں حرفوں کو ایک زبر سے (لَا بَيْعَ وَلَا خُلَّةَ وَلَا شَفَاعَةَ) پڑھتے ہیں۔

وَالْكٰفِرُوْنَ - ورشؒ زبر کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

فِی الْاَرْضِ۔ ورشؒ نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، حمزہؒ کے لئے وقفاً سکتہ و نقل ہے اور وصلاً خلفؒ کے لئے سکتہ اور خلادؒ کے لئے سکتہ وترکِ سکتہ ہے۔

بِاِذْنِهٖ ط

حمزہؒ کے لئے وقفاً ہمزہ کی تحقیق اور کالیا تسہیل ہے۔

امالہ: عِيْسٰى (وقفاً)۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، بصریؒ امالہ صغریٰ اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

شَآءَ (دو جگہ)، جَآءَتْهُمْ۔

ابن ذکوانؒ وحمزہؒ کے لئے امالہ محضہ ہے۔

خُلَّةٌ۔ بِسِنَةٌ۔ شَفَاعَةٌ ط۔

کسائیؒ وقفاً لام اور نون کی حرکت کو امالہ سے اور تحتین کی حرکت کو فتحہ وامالہ سے پڑھتے ہیں۔

ادغامِ کبیر: اَنْ يَّاْتِیَ يَوْمٌ۔ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ۔ يَعْلَمُ مَا۔

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَیْءٍ تا اُحْیِیْ وَاُمِيْتُ ط

يُخْرِجُهُمْ۔ يُخْرِجُوْنَهُمْ۔ هُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

بِشَیْءٍ۔

ورشؒ مدّین میں توسّط وطول کرتے ہیں اور خلفؒ وصلاً سکتہ اور خلادؒ سکتہ وترک سکتہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عِلْمِهٖٓ اِلَّا ۔ لَآ اِكْرَاهَ ۔ كَفَرُوْا اُولٰٓئِكَ هُمْ ۔ رَبِّهٖٓ اَنْ ۔

قالونؒ و دُوریؒ بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مَدّ، مکّیؒ و سوسیؒ قصر ۔۔۔۔۔ اور باقی تین قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

شَآءَ ۔ اُولٰٓئِكَ ۔ اُولٰٓئِكَ ۔

ورشؒ و حمزہؒ مدّاتِ متّصل میں پانچ الفی مَدّ اور باقی ساڑھے پانچ قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

شَآءَ ج۔

ھشامؒ اور حمزہؒ کے لئے وقفاً ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسّط و قصر ہے۔

وَالْاَرْضَ ۔

ورشؒ نقلِ حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور وقفاً حمزہؒ کے لئے سکتہ و نقل ہے اور وصلاً خلفؒ کے لئے سکتہ اور خلّادؒ کے لئے سکتہ و ترکِ سکتہ ہے

وَلَا يَئُوْدُهٗ ۔ اٰمَنُوْا ۔ اللّٰهُ ۔

ورشؒ مدّاتِ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

وَلَا يَـُٔوْدُهٗ ۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً کالواو تسہیل ہے اور ہمزہ کا حذف بھی صحیح ہے (وَلَا يَوْدُهٗ)۔

وَهُوَ ۔

قالونؒ، بصریؒ و کسائیؒ ھا کا سکون، ورشؒ مکّیؒ، شامیؒ، عاصمؒ اور حمزہؒ پیش پڑھتے ہیں۔

فَمَنْ يَّكْفُرْ ۔

خلفؒ وصلاً ادغام تام کرتے ہیں۔

وَيُؤْمِنْ ۔

ورشؒ و سوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔

لَآ اِكْرَاهَ ۔

ورشؒ زیر کی وجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

حَآجَّ

سب قُرّاء کے لئے مدِّ لازم میں پانچ یا تین الفی طول ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اِبْرٰهِمَ۔ اِبْرٰهِمُ۔

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، عاصمؒ، حمزہؒ وکسائیؒ ھا کا زیر اُس کے بعد یا ساکنہ، اور ھشامؒ ہا کا زیر بعدہٗ الف (اِبْرٰهِمُ) پڑھتے ہیں۔ اور ابن ذکوانؒ کے لئے (اِبْرٰهِمُ، اِبْرٰهِمُ) دونوں طرح ہے۔

اِبْرٰهِمَ، اِبْرٰهِمُ۔

ورشؒ اسم عجمی کی وجہ سے را کو پُر پڑھتے ہیں۔

اَنْ اللّٰهُ۔

ورشؒ نقلِ حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور خلفؒ کے لئے وصلاً ترکِ سکتہ وسکتہ اور خلادؒ کے لئے ترک سکتہ ہے۔

رَبِّیَ الَّذِیْ۔

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ، عاصمؒ اور کسائیؒ وصلاً یا کا زبر پڑھتے ہیں اور حمزہؒ وصلاً یا کا سکون لیکن اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے ان کی قرارت میں بار گر جاتی ہے اور وقفاً سب قرّا یا کو ساکن پڑھتے ہیں۔

اَنَا اُحْیٖ۔

نافعؒ وصلاً نون کے بعد الف (اَنَا) پڑھتے ہیں اور مدِّ منفصل میں وصلاً قالونؒ کے لئے قصر وتوسط اور ورشؒ کے لئے پانچ الف مدّ ہے۔ باقی چھ قرّاء نون کو الف کے بغیر (اَنْ) پڑھتے ہیں۔

وَاُمِیْتُ ط۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً ہمزہ کی تحقیق اور تسہیل ہے۔

امالہ: شَاءَ۔

ابن ذکوانؒ وحمزہؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

بِالْعُرْوَةِ۔

کسائیؒ وقفاً واو کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

الْوُثْقٰی۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، بصریؒ امالہ صُغریٰ اور حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

النَّارِ ج۔

ورشؒ تقلیل کرتے ہیں اور بصریؒ اور دُوری علیؒ امالہ کبریٰ۔

اَنّٰہُ۔

ورشؒ فتحہ و تقلیل کرتے ہیں اور حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ ۔۔۔۔۔۔۔۔ ١٢

قَالَ اِبْرٰھٖمُ تا لِیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ ط

اِبْرٰھٖمُ (دو جگہ)۔

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، کوفیؒ (عاصمؒ، حمزہؒ، کسائیؒ) ھا کا زیر بعدہ یا ساکنہ پڑھتے ہیں، ہشامؒ ھا کا زبر اس کے بعد الف (اِبْرٰھَامُ) پڑھتے ہیں اور ابن ذکوانؒ کے لئے ھا کا زبر اس کے بعد الف (اِبْرٰھَامُ) اور ھا کا زیر بعدہ یا ساکنہ (اِبْرٰھٖمُ) دونوں طرح ہے۔

یَأْتِیَ۔ فَأْتِ۔

ورشؒ و سوسیؒ ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

قَرْیَۃٍ وَّ۔ قَدِیْرٌ ۝ وَّاِذْ

خلفؒ وصلًا ادغام تام کرتے ہیں۔

وَھِیَ۔

قالونؒ، بصریؒ و کسائیؒ ھا کا سکون، ورشؒ، مکیؒ، شامیؒ، عاصمؒ اور حمزہؒ زیر پڑھتے ہیں۔

مِائَۃَ۔ (دو جگہ)۔

حمزہؒ وقفًا ہمزہ کو یا مفتوحہ سے بدل دیتے ہیں۔

یَوْمًا اَوْ۔ فَانْظُرْ اِلٰی۔ وَانْظُرْ اِلٰی (دو جگہ)۔

ورشؒ نقلِ حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلًا ترکِ سکتہ و سکتہ اور خلادؒ ترکِ سکتہ کرتے ہیں۔

لَمْ یَتَسَنَّہْ ج۔

حمزہؒ و کسائیؒ کے لئے وصلًا ھائے سکتہ کا حذف (یَتَسَنَّ) اور وقفًا اثبات ہے۔

باقی پانچ قراء کے لئے حالین میں ھا کا اثبات ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اٰیَۃً۔

ورشؒ مدِّ بدل میں تثلیث کرتے ہیں۔

نُنْشِزُھَا۔

نافعؒ، مکیؒ و بصریؒ زا کی جگہ را، شامیؒ اور کوفیؒ (عاصمؒ، حمزۃؒ، کسائیؒ) را کی جگہ زا پڑھتے ہیں۔ ورشؒ کے لئے زیر کی وجہ سے را باریک ہے۔

قَالَ اَعْلَمُ۔

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ اور عاصمؒ کے لئے ہمزہ قطعی مفتوح اور میم مضموم ہے۔ حمزۃؒ و کسائیؒ کے لئے ہمزہ وصلی ہے اور میم مجزوم ہے، وصلاً یہ ہمزہ گر جائے گا اور اعادہ کی حالت میں مکسور پڑھا جائے گا۔

شَیْءٍ۔

ورشؒ مدّین میں توسّط و طول کرتے ہیں اور خَلَفٌ وصلاً سکتہ خلادؒ سکتہ و نزکِ سکتہ کرتے ہیں۔

قَدِیْرٌ ○۔

ورشؒ یا ساکنہ کی وجہ سے ہر حال میں را کو باریک پڑھتے ہیں۔

رَبِّیْ۔

نافعؒ، شامیؒ، عاصمؒ، حمزۃؒ و کسائیؒ کامل زیر، مکیؒ و سوسیؒ را کو ساکن پڑھتے ہیں اور دُوری بصریؒ زیر کو اختلاس سے۔

نُؤْمِنْ۔

ورشؒ و سوسیؒ مطلقاً اور حمزۃؒ وقفاً ہمزہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔

امالہ: قَرْیَۃٍ۔ خَاوِیَۃٌ۔ مِائَۃَ (دو جگہ) **۔ اٰیَۃٌ۔**

کسائیؒ وقفاً ھائے تانیث سے پہلی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں

لِلنَّاسِ۔

دُوری بصریؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

اَنّٰی۔

ورشؒ فتحہ و تقلیل، دُوری بصریؒ امالہ صُغریٰ، حمزۃؒ و کسائیؒ امالہ کُبریٰ کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حِمَارِكَ۔

ورشؒ کے لئے تقلیل، بصریؒ و دُوری علیؒ کے لئے امالہ کبریٰ اور ابن ذکوانؒ کے لئے فتحہ و امالہ محضہ۔

الْمَوْتٰى۔

ورشؒ فتحہ و تقلیل، بصریؒ امالہ صغریٰ، حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

بَلٰى۔

ورشؒ فتحہ و تقلیل اور حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ۔

ادغامِ صغیر: لَبِثْتُ (تین جگہ)

نافعؒ، مکیؒ اور عاصمؒ ثا کا اظہار، باقی چار قرّاء ادغام کرتے ہیں۔

ادغامِ کبیر: قَالَ لَبِثْتُ۔ تَبَيَّنَ لَهُ۔

سُوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں ——— ۱۲

قَالَ فَخُذْ تا كَالَّذِي يُنْفِقُ

فَخُذْ اَرْبَعَةً۔ وَاعْلَمْ اَنَّ۔ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ۔

ورشؒ وصلاً ہمزہ کا زبر پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور خلفؒ کے لئے وصلاً ترک سکتہ و سکتہ اور خلادؒ کے لئے ترک سکتہ ہے۔

فَصُرْهُنَّ۔

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ، عاصمؒ و کسائیؒ صاد کو مضموم اور حمزہؒ مکسور پڑھتے ہیں۔

جُزْءًا

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ، حفصؒ و کسائیؒ مطلقاً، حمزہؒ وصلاً زا کو ساکن اور شعبہؒ زا کو مضموم پڑھتے ہیں اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ کی نقل تنوین اور حذف ہمزہ کے بعد تنوین کو الف سے بدل کر (جُزَا) پڑھتے ہیں۔

بِاُذُنِيْكَ۔

ورشؒ و سوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

خلفؒ کے لئے وصلاً ادغام نام ہے۔

عَلَيْهِمْ -

حمزہؒ وصلاً و وقفاً ھا کا پیش و باقی قُرّاء زیر پڑھتے ہیں۔

سُوْٓءً - خَطِيْٓئَةً - بَرِيْٓئًا - طَآئِفَةٌ -

ورشؒ و حمزہؒ متصل میں پانچ الفی مَدّ اور باقی قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

خَطِيْٓئَةً -

حمزہؒ وقفاً ہمزہ کو یا سے بدل کر یا کا یا میں ادغام کرنے کے بعد یا مُشَدَّد پڑھتے ہیں۔

سُوْٓءً اَوْ - يَكْسِبْ اِثْمًا - خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا -

ورشؒ وصلاً نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً ترکِ سکتہ وسکتہ اور خلّادؒ ترک سکتہ۔

امالہ: النَّاسِ -

دوری بصریؒ امالہ محضہ کرتے ہیں۔

لَا يَرْضٰى -

ورشؒ فتحہ وتقلیل، حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ۔

الدُّنْيَا -

ورشؒ فتحہ وتقلیل بصریؒ امالہ صغریٰ، حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ۔

الْقِيٰمَةِ - خَطِيْٓئَةً - طَآئِفَةٌ -

کسائیؒ وقفاً م، ء، ف، کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اِ لَعَنَهُ اللّٰهُ م

اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ - دُوْنِهٖ اِلَّآ اِنَاثًا ج -

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط ، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الف مَدّ مکیؒ و سوسیؒ قصر اور باقی قُرّاء توسّط کرتے ہیں -

اَنْفُسَهُمْ - نَجْوٰهُمْ -

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں -

نَجْوٰهُمْ اِلَّا -

قالونؒ بہ حالتِ صلہ مَدِّ منفصل میں قصر و توسّط ، ورشؒ پانچ الف مَدّ اور مکیؒ قصر کرتے خَلَفٌ ترک سکتہ وسکتہ اور خَلَّادٌ ترک سکتہ -

شَيْءٌ ط -

ورشؒ مدِّ لین میں توسّط و طول کرتے ہیں ، خَلَفٌ وصلاً سکتہ اور خَلَّادٌ سکتہ و ترکِ سکتہ -

حمزہؒ کے لئے وقفاً چار وجوہ ہیں :

۱ - ہمزہ کی تنوین یا کو دے کر بعد حذفِ ہمزہ اسکان سے وقف کرنا -

۲ - " " " " " " " " " " " " رَوْم سے " " -

۳ - ہمزہ کو یا سے بدل کر یا میں ادغام کرنے کے بعد اسکان سے وقف کرنا -

۴ - " " " " " " " " " " " " رَوْم " " " -

شَيْءٌ ط وَّ - مَنْ يَّفْعَلْ - عَظِيْمًا ○ وَّ - وَمَنْ يُّشَاقِقِ - اَنْ يُّشْرَكَ -

لِمَنْ يَّشَآءُ - وَمَنْ يُّشْرِكْ - اِنْ يَّدْعُوْنَ (دوجگہ) - اِنْثًا وَّ -

خَلَفٌ کے لئے وصلاً ادغام تام ہے -

خَيْرَ - غَيْرَ - مَصِيْرًا ○ - يَغْفِرُ (دوجگہ)

ورشؒ کے لئے یا ساکنہ اور زیرِ کیوجہ سے را باریک ہے -

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَنْ اَمَرَ - بِصَدَقَةٍ اَوْ - مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ - مَصِيْرًا ۝ اِنَّ - بَعِيْدًا ۝ اِنْ -

ورشؒ وصلاً ہمزہ کی حرکت پہلے ساکن کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

اِصْلَاحٍ -

ورشؒ کے لئے صاد کے سکون اور لام کے فتحہ کیوجہ سے لام کی تغلیظ ہے۔

اِبْتِغَآءَ - سَآءَتْ - يَشَآءُ -

ورشؒ وحمزہؒ مدات متصل میں پانچ الف مدا وباقی قراء توسط کرتے ہیں۔

يَشَآءُ ۝

ھشامؒ وحمزہؒ کے لئے وقفاً پانچ وجوہ ہیں:

(الف) ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسط وقصر۔

(ب) ہمزہ کی کاً نوا وتسہیل مع الرَّوم اور الف مدہ میں مد وقصر۔

نُؤْتِيْهِ - الْمُؤْمِنِيْنَ -

ورشؒ وسوسیؒ ہمزہ ساکنہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔

نُوْتِيْهِ -

مکیؒ کے لئے وصلاً ضمیر کی ھا میں صلہ ہے۔

نُؤْتِيْهِ -

نافعؒ، مکیؒ، شامیؒ، عاصمؒ وکسائیؒ، نون اور بصریؒ وحمزہؒ نون کی جگہ یا پڑھتے ہیں۔

نُوَلِّهٖ - وَنُصْلِهٖ -

قالونؒ ھا کو مکسور صلہ کے بغیر (نُوَلِّهِ وَنُصْلِهِ) پڑھتے ہیں، ھشامؒ کے لئے ھا مکسورہ میں دو وجوہ ہیں:

۱۔ ھا مکسورہ کو صلہ سے (نُوَلِّهٖ، وَنُصْلِهٖ)

۲۔ ھا مکسورہ کو صلہ کے بغیر (نُوَلِّهِ، وَنُصْلِهِ) پڑھتے ہیں۔

دوسری وجہ طریق کے خلاف ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ورشؒ، مکیؒ، ابن ذکوانؒ، حفصؒ وکسائیؒ ھا مکسورہ کو صلہ سے (نُوَلِّهٖ وَنُصْلِهٖ)، بصریؒ، شعبہؒ وحمزہؒ ھا کو ساکن (نُوَلِّهْ وَنُصْلِهْ) پڑھتے ہیں

امالہ: وَالْحِكْمَةَ - بِصَدَقَةٍ -

کسائیؒ وقفاً میم کی حرکت کو امالہ سے اور، ق کی حرکت وفتحہ وامالہ سے پڑھتے ہیں -

نَجْوٰىهُمْ -

ورشؒ فتحہ وتقلیل، بصریؒ امالہ صغریٰ، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں -

النَّاسِ -

دُوری بصریؒ امالہ محضہ -

مَرْضَاتِ -

کسائیؒ امالہ محضہ کرتے ہیں

الْهُدٰى - تَوَلّٰى -

ورشؒ فتحہ وتقلیل، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ -

ادغام صغیر: يَفْعَلْ ذٰلِكَ -

صرف ابوالحارثؒ لام کا ذال میں ادغام کرتے ہیں -

فَقَدْ ضَلَّ -

ورشؒ، بصریؒ، شامیؒ، حمزہؒ وکسائیؒ دال کا ضاد میں ادغام اور قالونؒ، مکیؒ، عاصمؒ اظہار کرتے ہیں -

ادغام کبیر: مَا تَبَيَّنَ لَهُ - الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ -

سُوسیؒ کے لئے وصلاً ادغام ہے ——— ۱۲

وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ ۔۔۔ وَلَاَنَصِيْرًا ۝

مَفْرُوْضًا ۝ وَّ - وَمَنْ يَّتَّخِذِ - مُبِيْنًا ۝ يَّعِدُهُمْ - مُحِيْصًا ۝ وَّ - اَبَدًا ۙ وَّ حَقًّا ۙ وَّ - وَمَنْ يَّعْمَلْ - سُوْٓءًا يُّجْزَ - وَلِيًّا وَّ - لَاَنَصِيْرًا ۝ وَّ -

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خَلَفٌ کے لئے وصلاً ادغام تام ہے۔

وَلَاُضِلَّنَّهُمْ۔ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ۔ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ (دو جگہ) ۔ يَعِدُهُمْ ۔ وَيُمَنِّيهِمْ۔ مَأْوٰهُمْ۔ سَنُدْخِلُهُمْ۔ بِاٰمَانِيِّكُمْ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

وَلَاٰمُرَنَّهُمْ (دو جگہ)۔ اٰذَانَ ۔ اٰمَنُوْا۔

ورشؒ کے لئے مدّات بدل میں تثلیث ہے۔

اٰذَانَ الْاَنْعَامِ ۔ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ۔

ورشؒ وصلاً ہمزہ کا زبر لام کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً سکتہ اور خلادؒ سکتہ و ترک سکتہ کرتے ہیں۔

فَلَيُغَيِّرُنَّ ۔ خَسِرَ۔ نَصِيْرًا ۝۔

ورشؒ کے لئے زیر اور یا ساکنہ کیوجہ سے را باریک ہے۔

غُرُوْرًا ۝ اُولٰٓئِكَ ۔ وَمَنْ اَصْدَقُ

ورشؒ وصلاً ہمزہ کی حرکت پہلے ساکن کو دیکر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں

اُولٰٓئِكَ ۔ سُوْٓءً۔

ورشؒ وحمزہؒ مدّات متصل میں پانچ الف مدّ اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

مَأْوٰهُمْ ۔

سوسیؒ ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

فِيْهَآ اَبَدًا۔ وَلَاَمَانِيِّ۔

قالونؒ و دوری بصریؒ مدّات منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الف مدّ مکیؒ وسوسیؒ قصر اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

اَصْدَقُ۔

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ وعاصمؒ خالص صاد پڑھتے ہیں، حمزہؒ وکسائیؒ صاد کا زا کیساتھ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اشمام کرتے ہیں۔

امالہ: مَأْوٰىهُمْ۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں فَعْلیٰ کا وزن نہ ہونے کی بنا پر بصریؒ کے لئے تقلیل نہیں ہے۔

ادغام کبیر: وَقَالَ لَا تَتَّخِذَنَّ۔ الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ۔

سوسیؒ کے لئے وصلاً ادغام ہے ——— ۱۲

وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ تا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ط

وَمَنْ يَّعْمَلْ۔ نَقِيْرًا ۝ وَّ۔ مُحْسِنٌ وَّ۔ حَنِيْفًا وَّ۔ خَلِيْلًا ۝ وَّ۔ مُحِيْطًا ۝ وَّ۔ عَلِيْمًا ۝ وَّ۔ اَنْ يُّصْلِحَا۔

خلفؒ کے لئے وصلاً ادغام تام ہے۔

ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى۔ وَمَنْ اَحْسَنُ۔ مِمَّنْ اَسْلَمَ۔ نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا۔

ورشؒ وصلاً نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

وَهُوَ (دو جگہ)۔

قالونؒ، بصریؒ وکسائیؒ ھا کا سکون اور باقی قراء پیش پڑھتے ہیں۔

مُؤْمِنٌ (دو جگہ)۔ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ۔

ورشؒ وسوسیؒ ہمزہ ساکنہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔

فَاُولٰٓئِكَ۔ النِّسَآءِ (دو جگہ)۔

ورشؒ وحمزہؒ ممدات متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی قراء توسّط کرتے ہیں۔

فِي النِّسَآءِ ط۔

ھشامؒ وحمزہؒ کے لئے وقفاً پانچ وجوہ ہیں:

(الف) ہمزہ کے الف سے ابدال کے بعد طول، توسّط، قصر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(ب) ہمزہ کی کالیا تسہیل مع الرّوم اور الف مدّہ میں مَدّ وقصر۔

يَدْخُلُوْنَ ۔

نافعؒ شامیؒ حفصؒ، حمزہؒ وکسائیؒ ی، کا زبر خ، کا پیش مکیؒ، بصریؒ وشعبہؒ یا کا پیش، خا کا زبر (مجہول کا صیغہ) پڑھتے ہیں۔

وَلَا يُظْلَمُوْنَ۔

ورشؒ ظا کے سکون اور لام فتحہ کیوجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں۔

نَقِيْرًا ۝ ۔

ورشؒ کے لئے یا ساکنہ کیوجہ سے را باریک ہے۔

اِبْرٰهِيْمَ (دو جگہ) ۔

ورشؒ اسم عجمی کی وجہ سے را کو پُر پڑھتے ہیں۔

فِي الْاَرْضِ ط ۔

ورشؒ وصلاً ہمزہ کی نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، حمزہؒ وقفاً سکتہ و نقل اور وصلاً خَلَفؒ سکتہ، خلادؒ سکتہ وترکِ سکتہ کرتے ہیں۔

شَيْءٍ ۔

ورشؒ مدّ لین میں توسّط و طول کرتے ہیں، خَلَفؒ وصلاً سکتہ اور خلّادؒ سکتہ وترکِ سکتہ۔

يُفْتِيْكُمْ ۔ عَلَيْكُمْ ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

عَلَيْهِمَا اَنْ ۔

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّ منفصل میں قصر وتوسّط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الفی مَدّ، مکیؒ وسوسیؒ قصر اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں۔

يُصْلِحَا ۔

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ وشامیؒ یا ولام کا زبر اور صاد مفتوح ومُشدّد بعدہٗ الف (يَصَّلَحَا)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عاصمؒ، حمزہؒ وکسائیؒ یا کا پیش صاد کا سکون اور لام کا زیر پڑھتے ہیں۔

یَصْلَحَا۔

ورشؒ کے لئے دو وجوہ ہیں:

۱۔ صاد اور لام کے فتحہ کیوجہ سے لام کی تغلیظ۔

۲۔ الف فاصل کیوجہ سے لام کی ترقیق

امالہ: اُنْثٰی۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، بصریؒ امالہ صغریٰ، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں

الْجَنَّةَ۔

کسائیؒ وقفاً ن، کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

یُتْلٰی۔ فِیْ یَتٰمٰی (وقفاً)۔ لِلْیَتٰمٰی۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

خَافَتْ۔

حمزہؒ امالہ محضہ۔

ادغام کبیر: وَلَا یُظْلَمُوْنَ نَقِیْرًا۔

سوسیؒ کے لئے وصلاً ادغام ہے ——— ۱۲

وَالصُّلْحُ خَیْرٌ ط تا ذٰلِكَ قَدِیْرًا۝

خَیْرٌ ہ وَّ۔ خَبِیْرًا۝ وَّ۔ رَحِیْمًا۝ وَّ۔ وَاِنْ یَّتَفَرَّقَا۔ حَكِیْمًا۝ وَّ۔ حَمِیْدًا۝ وَّ۔ اِنْ یَّشَاْ۔

خَلَفٌ کے لئے وصلاً ادغام تام ہے۔

خَیْرٌ۔ خَبِیْرًا۝۔ قَدِیْرًا۝۔ وَاُحْضِرَتِ۔

ورشؒ کے لئے یا ساکنہ اور زیر کیوجہ سے را باریک ہے۔

الْاَنْفُسُ۔ فِی الْاَرْضِ (تین جگہ)۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ورش ؒ ہمزہ کی نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، حمزہ ؒ وقفاً سکتہ ونقل اور وصلاً خلف ؒ سکتہ اور خلاد ؒ سکتہ وترک سکتہ کرتے ہیں۔

تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ ۔

قالون ؒ ودوری بصری ؒ مدِ منفصل میں قصر وتوسط، ورش ؒ حمزہ ؒ پانچ الفی مد، مکی ؒ وسوسی ؒ قصر اور باقی قرا توسط کرتے ہیں۔

النِّسَآءِ ۔

ورش ؒ وحمزہ ؒ مدِ متصل میں پانچ الفی مد اور باقی قرا توسط کرتے ہیں۔

حَرَصْتُمْ ۔ قَبْلِكُمْ ۔ وَاِيَّاكُمْ ۔ يُذْهِبْكُمْ ۔

قالون ؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ ووصلہ اور مکی ؒ صلہ کرتے ہیں۔

وَاِيَّاكُمْ اَنْ ۔ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا ۔

قالون ؒ بحالت صلہ مدات منفصل میں قصر وتوسط، ورش ؒ ..... پانچ الفی مد اور مکی ؒ قصر کرتے ہیں، خلف ؒ ترک سکتہ وسکتہ اور خلاد ؒ ترک سکتہ۔

اُوْتُوا ۔ بِاٰخِرِيْنَ ط ۔

ورش ؒ کے لیے مدات بدل میں تثلیث ہے۔

اِنْ يَّشَاْ ۔

صرف حمزہ ؒ وقفاً ہمزہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔ سوسی ؒ کے لیے ابدال نہیں ہے۔

وَيَاْتِ ۔

ورش ؒ وسوسی ؒ ہمزہ کو الف سے بدل دیتے ہیں۔

بِاٰخِرِيْنَ ط ۔

حمزہ ؒ کے لیے وقفاً دو وجوہ ہیں:

۱۔ ہمزہ کی تحقیق ۲۔ ہمزہ کا یا مفتوحہ سے ابدال۔

امالہ: كَالْمُعَلَّقَةِ ۔

کسائی ؒ وقفاً ق، کی حرکت کو فتحہ وامالہ سے پڑھتے ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَكَفٰى ۔

ورشؒ فتحہ وتقلیل، حمزہؒ وکسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں ۱۲

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ تا سَبِيْلًا ۝

وَالْاٰخِرَةِ ۝ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۔

ورشؒ ہمزہ کی نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، حمزہؒ وقفاً سکتہ ونقل اور وصلاً خلفؒ سکتہ، خلادؒ سکتہ وترک سکتہ کرتے ہیں۔

بَصِيْرًا ۝ ۔ فَقِيْرًا ۔ خَبِيْرًا ۝ ۔ وَالْاٰخِرَةِ ۔ لِيَغْفِرَ ۔

ورشؒ کے لئے یا ساکنہ اور زیر کی وجہ سے را باریک ہے۔

يٰٓاَيُّهَا ۔ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۔ الْهَوٰٓى اَنْ ۔ تَلْوٗٓا اَوْ ۔ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا ۔ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ ۔

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر وتوسّط، ورشؒ وحمزہؒ پانچ الف مدّ، مکیؒ وسُوسیؒ قصر اور باقی قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

بَصِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا ۔ اِنْ يَّكُنْ ۔ خَبِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا ۔

خلفؒ کے لئے وصلاً ادغام تام ہے۔

اٰمَنُوْا (دو جگہ) ۔ اٰمِنُوْا ۔ وَالْاٰخِرَةِ ۔ الْاٰخِرِ ۔

ورشؒ کے لئے مدّاتِ بدل میں تثلیث ہے۔

شُهَدَآءَ ۔ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ ۔

ورشؒ وحمزہؒ مدّاتِ متّصل میں پانچ الف مدّ اور باقی قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

اَنْفُسِكُمْ لَهُمْ ۔ لِيَهْدِيَهُمْ ۔

قالونؒ میماتِ جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں

اَنْفُسِكُمْ اَوِ ۔

قالونؒ بحالتِ صلہ مدِّ منفصل میں قصر وتوسّط، ورشؒ پانچ الف مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں خلفؒ ترکِ سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَالْاَقْرَبِيْنَ ط۔

ورش رحمہ اللہ ہمزہ کی نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، حمزہ رحمہ اللہ وقفاً سکتہ و نقل اور وصلاً خلف رحمہ اللہ سکتہ و خلاد رحمہ اللہ سکتہ و ترک سکتہ کرتے ہیں۔

بَصِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا۔ اِنْ يَّكُنْ۔ خَبِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا۔ وَمَنْ يَّكْفُرْ۔

خلف رحمہ اللہ کے لئے وصلاً ادغام تام ہے۔

غَنِيًّا اَوْ۔ بَعِيْدًا ۝ اِنَّ۔

ورش وصلاً ہمزہ کی نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلف رحمہ اللہ وصلاً ترک سکتہ و سکتہ اور خلاد رحمہ اللہ ترک سکتہ کرتے ہیں

تَلْوٗا۔

نافع رحمہ اللہ، مکی رحمہ اللہ، بصری رحمہ اللہ، عاصم رحمہ اللہ و کسائی رحمہ اللہ تا کے بعد لام ساکن بعدہٗ دو واو، پہلے واو کا پیش دوسرے واو کا سکون، شامی رحمہ اللہ و حمزہ رحمہ اللہ لام کا پیش بعدہٗ واو ساکن (تَلُوْا) پڑھتے ہیں۔

نَزَّلَ۔ اَنْزَلَ۔

نافع رحمہ اللہ، عاصم رحمہ اللہ، حمزہ رحمہ اللہ و کسائی رحمہ اللہ نون ہمزہ اور زا کا زبر، مکی رحمہ اللہ، بصری رحمہ اللہ و شامی رحمہ اللہ نون و ہمزہ کا پیش اور زا کا زیر (نُزِّلَ۔ اُنْزِلَ) پڑھتے ہیں۔

امالہ: الدُّنْيَا (دو جگہ)۔

ورش رحمہ اللہ فتحہ و تقلیل، بصری رحمہ اللہ امالہ صغریٰ اور حمزہ رحمہ اللہ و کسائی رحمہ اللہ امالہ کبریٰ کرتے ہیں

وَالْاٰخِرَةِ ط۔

کسائی رحمہ اللہ وقفاً را کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

اَوْلٰى۔ الْهَوٰى۔

ورش رحمہ اللہ فتحہ و تقلیل، حمزہ رحمہ اللہ و کسائی رحمہ اللہ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔ اَوْلٰى میں بصری رحمہ اللہ کے لئے تقلیل نہیں ہے۔

ادغام صغیر: فَقَدْ ضَلَّ۔

ورش رحمہ اللہ، بصری رحمہ اللہ، شامی رحمہ اللہ، حمزہ رحمہ اللہ و کسائی رحمہ اللہ دال کا ضاد میں ادغام اور قالون رحمہ اللہ، مکی رحمہ اللہ اور عاصم رحمہ اللہ اظہار کرتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ادغام کبیر: ذٰلِكَ فَذٰلِكُمْ ۔ يُرِيْدُ ثَوَابَ ۔ لِيَغْفِرَ لَهُمْ ۔

سوسیؒ وصلاً ادغام کرتے ہیں

بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ تا الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ۝

لَهُمْ ۔ عَلَيْكُمْ (دو جگہ) ۔ سَمِعْتُمْ ۔ مَعَهُمْ ۔ اِنَّكُمْ ۔ مِثْلُهُمْ ۔ بِكُمْ لَكُمْ ۔ مَعَكُمْ ۔ وَنَمْنَعْكُمْ ۔ بَيْنَكُمْ ۔

قالونؒ میمات جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں ۔

سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ ۔ اِنَّكُمْ اِذًا ۔ مِثْلُهُمْ اِنَّ

قالونؒ بہ حالتِ صلہ مدّاتِ متصل میں قصر و توسّط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں

خلفؒ ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ ۔

عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ ۔ اَنْ اِذَا ۔ سَبِيْلًا ۝ اِنَّ ۔

ورشؒ وصلاً ہمزہ کی نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ، خلادؒ ترک سکتہ اور وقفاً دونوں مذکورہ وجوہ کیساتھ نقل بھی کرتے ہیں ۔

اَوْلِيَآءَ ۔

ورشؒ وحمزہؒ مدِّ متصل میں پانچ الفی مدّ اور باقی قرّاء توسّط کرتے ہیں ۔

الْمُؤْمِنِيْنَ (تین جگہ) ۔

ورشؒ وسوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ کو واو سے بدل دیتے ہیں ۔

جَمِيْعًا ۝ وَّ ۔ وَلَنْ يَّجْعَلَ ۔

خلفؒ کے لئے وصلاً ادغام تام ہے ۔

وَقَدْ نَزَّلَ ۔

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ، شامیؒ، حمزہؒ و کسائیؒ نون کا پیش، زا کا زیر، عاصمؒ نون و زا دونوں کا زبر اور زا کو سب قرّاء مشدّد پڑھتے ہیں ۔

اٰيٰتِ ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ورشؒ کے لئے مدِّ بدل میں تثلیث ہے۔

غَيْرِهٖ اِنَّكُمْ۔ قَالُوْٓا اَلَمْ (دوجگہ)۔

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدّ، مکیؒ وسُوسیؒ قصر اور باقی قُرّاء توسّط کرتے ہیں۔

امالہ: اَلْكٰفِرِيْنَ (دوجگہ)۔ لِلْكٰفِرِيْنَ (دوجگہ)۔

ورشؒ تقلیل، بصریؒ و دُوری علیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

الْقِيٰمَةِ ط۔

کسائیؒ وقفاً میم کی حرکت کو امالہ سے پڑھتے ہیں۔

ادغام کبیر: لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ۔

سُوسیؒ کے لئے وصلاً ادغام ہے۔

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ۔

سُوسیؒ وصلاً میم کو ساکن کر کے اخفاء مع الغنّہ کرتے ہیں۔ ۱۲

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ ۔۔۔ شَاكِرًا عَلِيْمًا ۝

وَهُوَ۔

قالونؒ، بصریؒ و کسائیؒ ھا کا سکون اور باقی قُرّاء پیش پڑھتے ہیں۔

خَادِعُهُمْ۔ عَلَيْكُمْ۔ لَهُمْ۔ دِيْنَهُمْ۔ بِعَذَابِكُمْ۔ شَكَرْتُمْ۔ اٰمَنْتُمْ۔

قالونؒ میماتِ جمع میں وصلاً ترک صلہ وصلہ اور مکیؒ صلہ کرتے ہیں۔

بِعَذَابِكُمْ اِنْ۔

قالونؒ بہ حالتِ مدِّ منفصل میں قصر و توسّط، ورشؒ پانچ الفی مدّ اور مکیؒ قصر کرتے ہیں، خلفؒ ترک سکتہ وسکتہ اوخلادؒ ترک سکتہ۔

قَامُوْٓا اِلَى۔ لَآ اِلٰى (دوجگہ)۔ هٰٓؤُلَآءِ (دوجگہ: پہلا مدّ)۔ يٰٓاَيُّهَا۔

قالونؒ و دُوری بصریؒ مدّاتِ منفصل میں وصلاً قصر و توسّط، ورشؒ و حمزہؒ پانچ الفی مدّ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مکّیؒ و سُوسیؒ قصر اور باقی قُرّاء توسّط کرتے ہیں ۔

یُرَآءُوْنَ ۔ هٰٓؤُلَآءِ (دو جگہ دُوسرا مَدّ) اَوْلِیَآءَ ۔ فَاُولٰٓئِكَ ۔

ورشؒ و حمزہؒ مَدّاتِ متّصل میں پانچ الفی مَدّ، باقی قُرّاء توسّط کرتے ہیں ۔

هٰٓؤُلَآءِ ط ۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً پچیس [۲۵] وجوہ نکلتی ہیں جن میں تیرہ [۱۳] وجوہ صحیح ہیں اور باقی بارہ [۱۲] غیر صحیح ۔

صحیح وجوہ : هٰٓؤُلَآءِ ط ۔

۱ - پہلے ہمزہ کی تحقیق والف مدّہ میں مدّ — دوسرے ہمزہ کا الف سے ابدال کے بعد طول

۲ - 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 توسّط

۳ - 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 قصر

۴ - 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 — دوسرے ہمزہ کی کالیا تسہیل مع الرّوم والف مدّہ میں مدّ

۵ - 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 قصر

۶ - پہلے ہمزہ کی کالواو تسہیل والف مدّہ میں مدّ — دوسرے ہمزہ کا الف سے ابدال کے بعد طول

۷ - 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 توسّط

۸ - 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 قصر

۹ - 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 — دوسرے ہمزہ کی کالیا تسہیل مع الرّوم والف مدّہ میں مدّ

۱۰ - 〃 〃 〃 〃 〃 〃 والف مدّہ میں قصر — دوسرے ہمزہ کا الف سے ابدال کے بعد طول

۱۱ - 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 توسّط

۱۲ - 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 قصر

۱۳ - 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 — دوسرے ہمزہ کی کالیا تسہیل مع الرّوم والف مدّہ میں قصر

ہشامؒ کے لئے وقفاً از نمبر ۱ تا ۵ وجوہ ہیں ۔

الصَّلٰوةَ ۔ وَاَصْلَحُوْا ۔

ورشؒ صاد کے زبر و سکون اور لام کے فتحہ کی وجہ سے لام کو پُر پڑھتے ہیں ۔

وَمَنْ یُّضْلِلِ ۔ سَبِیْلًاo یٰٓاَیُّهَا ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خلفؒ کے لئے وصلاً ادغام تام ہے۔

يُرَآءُوْنَ ۔ اٰمَنُوْا ۔ وَاٰمَنْتُمْ ۔

ورشؒ کے لئے مدّاتِ بدل میں تثلیث ہے۔

الْمُؤْمِنِيْنَ (دو جگہ) ۔

ورشؒ وسوسیؒ مطلقاً اور حمزہؒ وقفاً ہمزہ ساکنہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔

يُؤْتِ ۔

ورشؒ وسوسیؒ ہمزہ ساکنہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔

مُبِيْنًا ۝ اِنَّ ۔ نَصِيْرًا ۝ اِلَّا ۔

ورشؒ وصلاً ہمزہ کا زیر تنوین کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں۔ خلفؒ وصلاً ترک سکتہ وسکتہ اور خلادؒ ترک سکتہ کرتے ہیں۔

نَصِيْرًا ۝ شَاكِرًا ۔

ورشؒ یا ساکنہ اور زیر کیوجہ سے را کو باریک پڑھتے ہیں۔

الدَّرْكِ ۔

نافعؒ، مکیؒ، بصریؒ و شامیؒ را کا زبر دادو عاصم، حمزہؒ و کسائیؒ را کا سکون پڑھتے ہیں۔

الْاَسْفَلِ ۔

ورشؒ ہمزہ کی نقل حرکت کے بعد ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں، خلفؒ وصلاً سکتہ اور خلادؒ سکتہ و ترک سکتہ کرتے ہیں۔

وَاٰمَنْتُمْ ۔

حمزہؒ کے لئے وقفاً دو وجہ ہیں:

(۱) ہمزہ کی تحقیق (۲) ہمزہ کی کالِف تسہیل۔

امالہ: کسائی ۔

ورشؒ فتحہ و تقلیل، حمزہؒ و کسائیؒ امالہ کبریٰ کرتے ہیں۔

الْكٰفِرِيْنَ ۔ ورشؒ تقلیل، بصریؒ و دوری علی امالہ کبریٰ کرتے ہیں

النَّارِ ج ۔ ورشؒ تقلیل اور بصریؒ و دوری علیؒ امالہ کبریٰ ——— ۱۲

الحمد للہ موضح القرآت کا پانچواں پارہ ختم ہوا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَاطِرٌ (قرآن حکیم)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اَلْمَاهِرُ مِنْ اُمَّتِيْ حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ وَاَصْحَابُ اللَّيْلِ (عن ابن عباسؓ الحدیث)

وَفِيْ رِوَايَةٍ قُرَّاءُ الْقُرْاٰنِ وَقُوَّامُ اللَّيْلِ

سوانح و قرائے سبعہ

تالیف

مولانا قاری حافظ محمد حبیب اللہ خان

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(جملہ حقوق محفوظ ہیں)

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ط (قرآن)

پھر یہ کتاب ہم نے ان لوگوں کے ہاتھ میں پہنچائی جن کو ہم نے اپنے (تمام دنیا کے) بندوں میں سے پسند فرمایا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اَشْرَافُ اُمَّتِيْ حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ وَاَصْحَابُ اللَّيْلِ (عن ابن عباس رضی اللہ عنہ)

میری امت کے اشراف قرآن مجید کے حامل اور شب بیدار لوگ ہیں

وَفِيْ رِوَايَةٍ قُرَّاءُ الْقُرْاٰنِ وَقُوَّامُ اللَّيْلِ (الحدیث)

اور ایک روایت میں ہے کہ قرائے قرآن اور رات میں قیام کرنے والے لوگ ہیں

سوانح قرائے سبعہ

تالیف

مولانا قاری حافظ محمد حبیب اللہ خان

صدر مدرس مدرسہ تجوید القرآن فاروقی مسجد میری ویدر ٹاور کراچی

تلمیذ ارشد الاستاذ الشیخ المقری القاری محمد عبد المالک العلیگڈھی قدس اللہ سرہ العزیز

ناشر

قاری حافظ محمد عنایت اللہ بی۔کام۔ابن مؤلف

محصول ڈاک بذمہ خریدار

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قرائے سبعہؒ اور انکے راویوں کی مختصر سوانح حیات

الحمد للہ وکفیٰ وسلامٌ علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ۔ اما بعد۔ قرأات متواترہ جن کے تواتر پر امت کا اجماع و اتفاق اور جو ائمہ سبعہ سے منقول و مروی ہیں، سات ہیں۔ نیز ہر امام کے دو راوی ہیں۔

امام اوّل حضرت نافع مدنیؒ

آپ کا اسم مبارک نافع، کنیت ابوعبدالرحمٰن و ابوالحسن و ابو رُویم، والد ماجد کا نام عبدالرحمٰن اور دادا کا نام ابونعیم ہے۔ نسلاً آپ اصفہانی ہیں۔ ۷۰ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے ستر تابعین سے قرآن پڑھا جن میں امام ابوجعفر یزید بن قعقاعؒ، شیخ شیبہ ابن نصاحؒ اور عبدالرحمٰن بن ہرمز الاعرجؒ شامل ہیں۔ ان بزرگوں نے حضرت ابن عباسؓ اور حضرت اُبَیّ ابن کعبؓ سے ان دونوں حضرات نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اور آپؐ نے حضرت جبرئیلؑ سے اور انھوں نے رب کریم بالوح محفوظ سے حاصل کیا۔

آپ مدینہ منورہ کے امام القُراء تھے اور اپنے شیخ امام ابوجعفرؒ کے بعد شیخ القُراء تسلیم کیے جاتے تھے۔ علاوہ ازیں آپ لغتِ عرب کے بہت بڑے عالم، حدیث و سُنّت نبویؐ پر عامل تھے اور جلیل القدر تابعی تھے۔ صحابہؓ میں سے آپ نے حضرت طفیلؓ اور حضرت ابن اُنیسؓ سے ملاقات کی تھی ستر سال تک آپ درس و تدریس میں مشغول رہے۔ امام مالک بن انسؒ آپ کے تلامذہ میں سے ہیں۔

تلاوت قرآن اور گفتگو کے وقت آپ کے مُنہ سے مُشک کی سی خوشبو آیا کرتی تھی۔ دریافت کیا گیا، کیا آپ خوشبو کا استعمال فرماتے ہیں؟ فرمایا نہیں، بلکہ میں نے خواب میں دیکھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم میرے مُنہ میں (مُنہ سے مُنہ ملا کر) تلاوت قرآن فرما رہے ہیں، اس وقت

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

یہ خوشبو آنے لگی ہے۔ آپ کا رنگ سیاہ تھا لیکن اعضاء کی ساخت اور چہرہ مبارک کا نقشہ بہت خوبصورت تھا۔ ایک مرتبہ اسحاق مسیبیؒ نے کہا کہ آپ کے اعضاء کی ساخت اور چہرہ کی بناوٹ کس قدر حسین و جمیل ہے۔ آپ نے فرمایا کہ کیوں نہ ہوتا؟ جب کہ خواب میں مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مصافحہ فرمایا ہے۔ حضرت سعید بن منصورؒ نے کہا میں نے جناب امام مالک بن انسؒ سے سنا ہے وہ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے اہلِ مدینہ کی قرأت مختار اور پسند ہے۔ دریافت کیا گیا کیا نافعؒ کی قرأت؟ فرمایا ہاں نافعؒ کی قرأت۔ عبداللہؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد امام احمد بن حنبلؒ سے پوچھا آپ کو کون سی قرأت زیادہ پسند ہے؟ فرمایا اہلِ مدینہ کی۔ میں نے کہا اگر یہ نہ ہو تو پھر جواب دیا پھر عاصمؒ کی قرأت پسند ہے۔

آپ کا مسکن و قیام دار الہجرۃ مدینہ طیبہ رہا۔ آپ کی تاریخ وفات میں اختلاف ہے ۶۷ھ یا ۶۹ھ میں ستانوے یا ننانوے سال کی عمر میں مدینہ ہی میں انتقال فرمایا۔

آپ کے بہت سے رُواۃ ہیں لیکن مشہور و معروف دو ہیں، قالونؒ اور ورشؒ۔

۱۔ حضرت قالونؒ۔ آپ کا اسم مبارک عیسیٰ، کُنیت ابو موسیٰ، لقب قالون (رُومی لغت میں قالون کے معنی ہیں عمدہ چیز) اور والد ماجد کا نام مینا ہے۔ قرأت کی عمدگی کی وجہ سے امام نافعؒ نے آپ کو قالون کا لقب دیا تھا۔ آپ نافعؒ کے ربیب تھے۔ ۱۲۰ھ میں مدینہ طیبہ میں پیدا ہوئے۔

آپ راست امام نافعؒ کے شاگرد ہیں اور ان سے ان گنت مرتبہ قرآن مجید پڑھا ہے۔ آپ مدینہ طیبہ میں بڑے قاری اور علم نحو میں ماہر تھے کانوں سے بہرے ہونے کے باوجود قرآن پاک سُننے میں ذرا بھی رُکاوٹ اور تکلف محسوس نہیں کرتے تھے۔ یہ قرآن پاک کا معجزہ اور آپ کی کرامت تھی۔ ۲۲۰ھ میں مدینہ طیبہ میں آپ نے وفات پائی۔

۲۔ حضرت ورشؒ:۔ آپ کا اسم گرامی عثمان، کُنیت ابو سعید، لقب ورشؒ اور والد ماجد کا نام سعید مصری ہے۔ زیادہ سفید یا گورا رنگ ہونے کی وجہ سے امام نافعؒ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نے آپ کو ورش کا لقب دیا تھا۔ سنہ ۱۱۰ھ میں مصر میں پیدا ہوئے۔

آپ نے بھی راست امام نافعؒ سے پڑھا ہے۔ قرآن کریم پڑھنے کے لئے مصر سے حضرت نافعؒ کے پاس مدینہ طیبہ تشریف لائے اور تحصیل و تکمیل کے بعد واپس چلے گئے اور وہاں (مصر میں) قرأت علم تجوید اور ادب عربی میں امام تسلیم کئے گئے۔ آپ نہایت خوش الحان تھے۔ حضرت یونس بن عبد الاعلیٰؒ فرماتے ہیں کہ ورشؒ کی قرأت عمدہ تھی اور آواز نہایت خوش آواز تھے۔ جب مدّ، تشدید اور اعراب ادا کرتے تھے تو سامع ملول نہیں ہوتا تھا۔ سنہ ۱۹۷ھ میں بہ عمر ستاسی سال مصر ہی میں وفات پائی۔

امام دوم حضرت ابن کثیر مکیؒ

آپ کا اسم شریف عبد اللہ اور کُنیت ابن کثیر ہے۔ حضرت معاویہؓ کے دورِ حکومت میں سنہ ۴۵ھ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ اہلِ فارس کے اس گروہ کی اولاد میں سے ہیں جنھیں کسریٰ نے کشتیوں میں بٹھا کر یمن بھیجا تھا۔

آپ نے حضرت عبد اللہ ابن سائب مخزومی سے (یہ وہ جلیل القدر صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جنھیں حضرت عثمان بن عفانؓ نے آٹھ مصاحفِ قرآنی میں سے ایک مصحف دے کر قرآن کی تعلیم دینے کے لئے مکہ مکرمہ بھیجا تھا) مشہور مفسر امام الوالحجاج مجاہد ابن جبیر مکیؒ سے اور حضرت دِرباس مولیٰ ابن عباسؓ سے قرآن پڑھا۔ حضرت عبد اللہ ابن سائبؓ نے حضرت عمر بن خطابؓ اور حضرت اُبی ابن کعبؓ سے پڑھا۔ امام مجاہدؒ نے حضرت عبد اللہ بن عباسؓ اور حضرت عبد اللہ بن سائبؓ سے پڑھا۔ دِرباسؒ نے اپنے مولیٰ ابن عباسؓ سے اور حضرت ابن عباسؓ نے حضرت اُبی ابن کعبؓ و حضرت زید بن ثابتؓ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سے پڑھا حضرت اُبیؓ حضرت زیدؓ اور حضرت عمرؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔

آپ مکہ معظمہ میں قراءۃ کے مُسلّم امام تھے، حضرت ابن مجاہدؒ کہتے ہیں کہ آپ اپنی وفات تک مکّہ میں بالاتفاق امام تسلیم کیے گئے ہیں۔ حضرت اصمعیؒ فرماتے ہیں میں نے حضرت ابو عمروؒ سے پوچھا، کیا آپ نے حضرت ابن کثیرؒ سے پڑھا ہے؟ جواب ملا، ہاں میں نے حضرت ابن مجاہدؒ سے پڑھنے کے بعد حضرت ابن کثیرؒ سے پڑھا ہے۔ آپ عربیت میں حضرت ابن مجاہدؒ سے زیادہ عالم، نہایت فصیح و بلیغ تھے اور جلیل القدر تابعی تھے۔ صحابہ کرامؓ میں سے آپ نے حضرت ابو ایوب انصاریؓ، حضرت انسؓ بن مالکؓ اور حضرت عبداللہ ابن زبیرؓ سے ملاقات فرمائی تھی۔

آپ انتہائی حلیم اور باوقار تھے، امام ابو عمروؒ، امام خلیل بن احمدؒ، امام سُفیان بن عُیَینہؒ اور امام شافعیؒ نے آپ سے قرأت نقل کی ہے۔

کچھ عرصہ تک آپ عراق میں بھی قیام پذیر رہے لیکن بعد کو مکہ معظمہ تشریف لے آئے اور یہیں ۱۲۰ھ میں پچھتر ۷۵ سال کی عمر پاکر خلیفہ ہشام بن عبدالملک کے زمانہ میں انتقال فرمایا۔

آپ کے راوی بھی بہت سے ہیں جن میں سے دو مشہور ہیں، بزّیؒ اور قُنبُلؒ۔

۱۔ حضرت ابوالحسن احمد بزّیؒ ——— آپ کا اسم مبارک احمد، کُنیّت ابوالحسن اور والد ماجد کا نام محمد ہے۔ بزّی اس لئے کہتے ہیں کہ آپ کے پردادا کی کُنیّت ابوبزّہ تھی۔ ۱۷۰ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ دو واسطوں سے امام ابن کثیرؒ سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے حضرت عکرمہؒ سے، انھوں نے حضرت اسمٰعیل بن عبداللہ قُسطؒ و حضرت شبل بن عبادؒ سے اور ان دونوں بزرگوں (اسمٰعیلؒ و شبلؒ) نے امام ابن کثیرؒ سے پڑھا۔

آپ مکّہ کے رہنے والے ہیں۔ پچاس ۵۰ سال تک مسجد الحرام کے امام و مؤذن رہے آپ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قرآۃ کے امام، محقق، قوی الحافظ، متقی اور ثقہ تھے۔ مکہ میں رئیس القراء تسلیم کئے جاتے تھے ۲۴۰ھ یا ۲۵۰ھ میں ستر یا اسی سال کی عمر میں مکہ ہی میں انتقال فرمایا۔

۲۔ حضرت ابو عمر محمد قنبلؒ ——— آپ کا اسم گرامی محمد، کنیت ابو عمر، لقب قنبل (یعنی گاڑھی اور مضبوط چیز) اور والد ماجد کا نام عبدالرحمٰن ہے۔ آپ مکی ہیں اور باعتبار قبیلہ مخزومی۔ ۱۹۵ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ تین واسطوں سے امام ابن کثیرؒ کے شاگرد ہیں۔ آپ نے ابوالحسن احمد بن محمد قواسؒ سے، انھوں نے حضرت ابوالاخریط وھب بن واضح مکیؒ سے، انھوں نے حضرت اسمٰعیل بن عبداللہ قسطؒ، حضرت شبل بن عبادؒ سے اور ان دونوں بزرگوں (اسمٰعیلؒ و شبلؒ) نے امام ابن کثیرؒ سے پڑھا۔

آپ علم قرآۃ میں امام، متقی، قوی الحافظ اور حجاز کے شیخ القراء تھے۔ بہت لوگ آپ سے پڑھنے آیا کرتے تھے۔ آپ نے ۲۹۱ھ میں بہ عمر چھیانوے (۹۶) سال وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امام سوم حضرت ابو عمرو بصریؒ

صحیح قول کی بنا پر آپ کا اسم مبارک زَبّان، کُنیّت ابو عمرو، والد ماجد کا نام علاء اور دادا کا عمّار ہے۔ آپ قبیلہ بنی مازن سے تعلق رکھتے ہیں۔ اسی نسبت سے آپ کو مازنی بھی کہتے ہیں۔ نسباً آپ خالص عرب ہیں۔ ۶۷ھ یا ۶۸ھ میں بہ زمانہ خلافت عبدالملک مکہ میں پیدا ہوئے۔ بصرہ میں پرورش پائی اور حجاز و عراق میں ایک جماعت تابعین سے قرآن پڑھا۔

مکّہ معظّمہ (حجاز) میں درج ذیل سات بزرگوں سے پڑھا:۔

امام مجاہدؒ۔ سعید بن جُبیرؒ، عِکرمہ بن خالدؒ، عطاء بن ابی رباحؒ، امام ابن کثیرؒ امام محمد بن عبدالرحمٰن بن محیصنؒ اور حُمید بن قیس الاعرجؒ۔

مدینہ (حجاز) میں ان تین اصحاب سے پڑھا:۔

ابو جعفر یزید بن قعقاع القاریؒ، یزید بن رومانؒ، اور امام شیبہ بن نصاحؒ۔

بصرہ (عراق میں) میں ان حضرات سے پڑھا:۔

امام حسن بن ابی الحسن بصریؒ، یحییٰ بن یَعمَرؒ۔

امام مجاہدؒ نے حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے اور انھوں نے حضرت اُبیّ ابن کعبؓ سے پڑھا۔ امام ابن کثیرؒ نے حضرت عبداللہ بن سائبؓ سے پڑھا۔ حضرت ابو جعفر یزید بن قعقاع القاریؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے، حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے، حضرت عبداللہ ابن عیاشؓ سے اور حضرت ابو ربیعہؓ سے پڑھا۔ اسی طرح باقی بزرگوں میں سے بعض نے تابعین سے، بعض نے راست صحابہ کرامؓ سے اور صحابہؓ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آپ علم قرأۃ میں امام، عربیت، علم نحو، لغت۔ انساب اور اشعار میں کامل، انتہائی امین و دیانت دار، صادق، ثقہ اور عابد و زاہد تھے۔ صاحب نشرؒ کہتے ہیں ہم سے امام سفیان بن عُیَینہؒ نے روایت کی ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا تو عرض کی یا رسول اللہ صلعم میرے سامنے متعدد قراءتیں ہیں، کس امام کی قرأۃ پڑھوں؟ جس کا آپ حکم فرمائیں گے میں اسی کی قرأۃ پڑھوں گا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابو عمرو بصری بن علاء کی قرأت پڑھو امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ مجھے ابو عمرو بصریؒ کی قرأت بہت پسند ہے۔ حضرت اصمعیؒ کہتے ہیں کہ میں نے آپ سے ایک ہزار مسائل پوچھے تو آپ نے ہر مسئلہ کا الگ الگ جواب دیا اور ہر مسئلہ پر زمانۂ جاہلیت کے شعراء کے کلام سے دلائل پیش کئے۔

آپ نے منصور کے دورِ خلافت میں ۱۵۴ھ میں بہ عمر ستاسی یا چھیاسی سال وفات پائی۔

آپ کے رُواۃ بھی بہت ہیں جن میں سے دو مشہور و معروف ہیں ابو عمر حفص دُوریؒ اور ابو شُعَیب صالح بن زیاد سُوسیؒ۔

۱۔ حضرت ابو عمر حفص دُوریؒ ——— آپ کا اسم شریف حفص کنیت ابو عمر اور والد ماجد کا نام عمر ہے۔ آپ نابینا تھے۔ ۱۵۰ھ میں بغداد سے کچھ فاصلہ پر اپنے وطن دُوز میں پیدا ہوئے۔ اسی نسبت سے آپ کو دُوریؒ کہتے ہیں۔

آپ نے یحییٰ بن مبارک یزیدیؒ سے پڑھا ہے جو امام ابو عمرو بصریؒ کے خاص شاگرد ہیں۔ آپ اپنے وقت کے شیخ القُرّاء، نہایت ثقہ اور ثبت و ضابط تھے۔ علم قرأۃ میں آپ نے سب سے پہلے کتاب لکھی۔ آپ نے شوال ۲۴۶ھ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں چھیانوے ۹۶ سال کی عمر میں وفات پائی۔

۲۔ حضرت ابو شعیب صالح بن زیاد سوسیؒ ——— آپ کا اسم مبارک صالح کنیت ابو شعیب اور والد ماجد کا نام زیاد ہے۔ ۱۷۱ھ میں اپنے وطن سوس، (علاقہ اہواز) میں پیدا ہوئے۔ اسی نسبت سے سوسی مشہور ہیں۔ آپ کا قیام رقہ میں رہا جو دریائے فرات کے کنارے پر ایک مقام ہے۔

آپ بھی یحییٰ بن مبارک یزیدیؒ کے واسطہ سے قرأۃ نقل کرتے ہیں۔

آپ اصحاب یزیدیؒ میں سب سے زیادہ ثقہ، ثبت و ضابط، مُقرِی، اور بزرگ تر تھے۔ محرم الحرام ۲۶۱ھ میں بہ عمر نوے ۹۰ سال انتقال فرمایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امام چہارم حضرت ابن عامر شامیؒ

آپ کا اسم مبارک عبداللہ، کُنیت ابوعمران، والد ماجد کا نام عامر اور دادا کا نام یزید بن تمیم بن ربیعہ یَحْصُبی ہے۔ باعتبار قبیلہ آپ یَحْصُبی اور نسباً خالص عرب ہیں۔ ۸ھ یا ۲۱ھ (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال مُبارک سے دو سال قبل یا گیارہ سال بعد) میں قریہ جابیہ (شام) میں پیدا ہوئے۔ بعد میں دمشق منتقل ہو گئے۔

آپ نے ابوہاشم مُغیرہ بن ابی شہاب عبداللہ بن عمرو ابن مغیرہ مخزومیؓ سے (بلا خلاف) اور حضرت ابو درداءؓ عَوَیمر بن زید بن قیسؓ سے پڑھا۔ صاحبِ نشرؒ کہتے ہیں، "ہمیں امام دانیؒ کی یہ روایت صحت کے ساتھ پہنچی ہے کہ آپ نے حضرت ابو درداءؓ سے پڑھا ہے"۔ حضرت مُغیرہؓ نے حضرت عثمان بن عفانؓ سے اور حضرت عثمانؓ و حضرت ابو درداءؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔ آپ امام قراءۃ جلیل القدر تابعی، جامع اموی دمشق کے امام، مشہور عالم اور امام حدیث تھے۔ خلیفہ عُمر بن عبدالعزیزؒ نے آپ کو دمشق میں جو دارالخلافہ اور علماء و تابعین کا مرکز تھا تین اعلیٰ مناصب یعنی جامع اموی کی امامت شیخت قُراء اور قضاء پر فائز کیا ہوا تھا۔ خلیفہ عبدالملک کے زمانہ میں بھی آپ قاضیٔ دمشق تھے۔ لوگوں کو آپ کی قراءۃ پسند تھی اور فضلاء و علماء میں آپ صدر تسلیم کئے جاتے تھے۔ آپ نے حضرت واثلہ بن اسقعؓ سے ملاقات کی تو ان سے پوچھا، کیا آپ نے اپنے اس ہاتھ سے نبی کریمؐ سے بیعت کی ہے؟ انھوں نے جواب دیا ہاں۔ پس آپ نے ان کے دستِ مُبارک کو چُوم لیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آپ نے دس محرم الحرام ۱۱۸ھ میں ستانوے یا ایک سو دس سال کے عمر پاکر دمشق میں انتقال فرمایا۔

آپ کے راویوں میں سے دو راوی مشہور و معروف ہیں، ھشامؒ اور ابن ذکوانؒ۔

۱۔ حضرت ابوالولید ہشامؒ ——— آپ کا اسم مبارک ہشام کُنیت ابوالولید اور والد ماجد کا نام عمّار بن نصیر سُلمی دمشقی ہے۔ باعتبار قبیلہ آپ سُلمی ہیں۔ ۱۵۳ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے ابوسلیمان ایوب بن تمیم تمیمی دمشقیؒ سے، ابوضحاک عراک بن خالد بن یزید صالح المزی دمشقیؒ سے اور ابومحمد سوید بن عبدالعزیز بن نمیر واسطیؒ سے اور ابوالعباس صدقہ بن خالد دمشقیؒ سے پڑھا۔ ایوبؒ و عراکؒ و سویدؒ و صدقہؒ نے ابوعمرو یحییٰ بن حارث ذماریؒ سے اور ذماریؒ نے امام ابن عامر شامیؒ سے پڑھا۔

آپ دمشق کے عالم، خطیب، محدّث، مفتی، قاضی، مقری، ثقہ، قوی الحافظہ اور عادل تھے۔

حضرت دارقطنیؒ کہتے ہیں کہ آپ صادق، بلند مرتبہ، فصیح اور واسع الروایت تھے۔

آپ نے ۲۴۴ھ یا ۲۴۵ھ میں بانوے یا ترانوے سال کی عمر میں وفات پائی۔

۲۔ حضرت عبداللہ ابن ذکوانؒ ——— آپ کا اسم شریف عبداللہ، کُنیت ابن ذکوان والد ماجد کا نام احمد، دادا کا بشیر اور پردادا کا ذکوان ہے۔ اسی نسبت سے آپ کو ابن ذکوان کہتے ہیں۔ آپ قرشی اور دمشق کے رہنے والے ہیں۔ دس محرم الحرام ۱۷۳ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے ابوسلیمان ایوب بن تمیم تمیمی دمشقیؒ سے، انھوں نے ابوعمرو یحییٰ بن حارث ذماریؒ سے اور ذماریؒ نے امام ابن عامر شامیؒ سے پڑھا۔

آپ دمشق میں جامع اموی کے امام تھے اور ایوب بن تمیمؒ کے بعد شیخ القُرّاء تسلیم کیے جاتے تھے۔ جناب ابوزرعہ حافظ دمشقیؒ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک ابن ذکوان کے زمانہ میں عراق، حجاز، مصر اور خراسان میں ان سے بہتر قرأت پڑھنے والا کوئی نہ تھا۔ آپ نے ۲۴۲ھ میں اُنہتر سال کی عمر میں دمشق یا کوفہ میں انتقال فرمایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امام نجم حضرت عاصم کوفیؒ

آپ کا اسم مبارک عاصم، کُنیّت ابو بکر اور والد ماجد کا نام اَبُو النَّجُوْد ہے۔ باعتبار قبیلہ آپ اَسَدی ہیں۔

آپ نے ابو عبد الرحمٰن عبداللہ ابن حبیب ابن ربیعہ سُلمی نابینا سے زِرّ بن حُبَیش بن حباشہ اسدیؒ سے اور ابو عمرو سعد بن الیاس شیبانیؒ سے پڑھا۔ ان تینوں بزرگوں نے عبداللہ بن مسعودؓ سے پڑھا۔ سُلمیؒ اور زِرّؒ نے حضرت عثمان بن عفانؓ سے اور حضرت علی بن ابی طالبؓ سے بھی پڑھا۔ علاوہ ازیں سُلمیؒ نے اُبَیّ بن کعبؓ سے اور زید بن ثابتؓ سے بھی پڑھا۔ حضرت ابن مسعودؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ حضرت اُبَیؓ اور حضرت زیدؓ نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔

آپ ابو عبد الرحمٰن سلمیؒ کے بعد کوفہ میں امام القُرّاء تسلیم کئے جاتے تھے۔ آپ سے بہت لوگ قرآن پڑھنے آیا کرتے تھے۔ آپ نہایت فصیح، متقی، مجوّد، خوش الحان، تابعی اور عبادت گذار تھے۔ نماز کثرت سے پڑھتے تھے۔ جمعہ کے دن عصر کی نماز تک جامع مسجد ہی میں رہتے تھے۔ آپ کتاب و سُنّت کے امام اور علم نحو و لغت کے بھی ماہر تھے۔ ابو بکر بن عیاشؒ کہتے ہیں کہ ابو اسحاق سبیعیؒ اکثر کہا کرتے تھے کہ میں نے عاصمؒ سے بہتر قرآن پڑھنے والا کسی کو نہیں دیکھا۔ حضرت عبداللہؒ کہتے ہیں، جب میں نے اپنے والد امام احمد بن حنبلؒ سے آپ کے بارے میں پوچھا تو اُنھوں نے فرمایا، عاصمؒ ایک مرد صالح اور علماء ثقہ میں سے ہیں۔ آئمہ سُنّت کے نزدیک آپ حجت تسلیم کئے جاتے تھے۔ حضرت مفضلؒ، حضرت حمادؒ اور امام ابو حنیفہؒ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آپ کے تلامذہ میں سے ہیں۔

آپ نے ۱۲۷ھ میں بہ زمانۂ خلافت مروان کوفہ یا سماوہ میں وفات کے وقت آیت ثُمَّ رُدُّوْا اِلَی اللّٰہِ مَوْلٰھُمُ الْحَقِّ الخ آپ تھی۔ اور ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے کہ آپ نماز میں مشغول ہیں۔

آپ کے راویوں میں سے دو راوی زیادہ مشہور ہیں شعبہ بن حفص۔

۱۔ حضرت شعبہ بن عیاشؒ ——— آپ کا اسم مبارک شعبہ، کنیت ابو بکر اور والد ماجد کا نام عیاش ہے۔ باعتبار قبیلہ آپ اسدی ہیں ۹۵ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ امام عاصمؒ کے راست شاگرد ہیں۔ ان سے آپ نے تین مرتبہ ختم کیا۔ پہلی بار پانچ پانچ آیات پڑھ کر تین سال میں ختم کیا۔ سخت اور شدید بارش کے زمانہ میں بھی سبق ناغہ نہیں کرتے تھے۔ حفصؒ پر آپ کو فوقیت دی جاتی ہے کہ آپ حدیث میں ان سے زیادہ ضابط تھے۔

آپ زبردست عالم باعمل، حافظِ حدیث، فاضل و کامل، متقی اور عابد و زاہد تھے۔ چالیس، یا پچاس سال تک آپ کے لئے بستر نہ گیا اور اس عرصہ میں رات کو زمین سے پیٹھ نہیں لگائی۔ تیس سال۔ قرآن مجید ختم کیا کرتے تھے۔ آپ نے چوبیس ہزار مرتبہ قرآن ختم کیا۔

وفات کے وقت جب آپ کی ہمشیرہ رونے لگیں تو آپ نے روتی ہو؟ مکان کے اس گوشہ کی طرف دیکھو، یہاں میں نے اٹھارہ ختم کئے ہیں۔ آپ نے اپنے بیٹے سے فرمایا کہ اس گوشہ میں ہرگز اللہ نہ کرنا۔ آپ نے ماہ جمادی الاول ۱۹۳ھ میں اٹھانوے یا ننانوے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ا وفات پائی۔

ن ابو عمرو حفص بن سلیمانؒ ——— آپ کا اسم شریف حفص، کُنیّت
روالد ماجد کا نام سلیمان ہے۔ آپ امام عاصمؒ کے ربیب اور باعتبار
ی ہیں۔

ہ نے راست امام عاصمؒ سے قرآن مجید پڑھا ہے۔ ضبط و حافظہ میں آپ کے
قیت حاصل ہے۔

پ امام قرأۃ، قوی الحافظہ اور ثابت فی الروایت تھے۔ ایک عرصہ تک
یں دیا۔ یحییٰ بن معینؒ فرماتے ہیں، حفصؒ کی روایت امام عاصمؒ کی صحیح
ت ہے۔ ابن منادیؒ کہتے ہیں عاصمؒ کے ضبط حروف میں حفصؒ کو شعبہؒ پر
ی جاتی تھی۔ نیز عاصمؒ کی قرأۃ میں آپ ان کے اصحاب میں اَعلَم مانے جاتے
پ نے ۱۸۰ھ میں نوّے سال کی عمر پاکر کوفہ میں انتقال فرمایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امام ششم حضرت حمزہ کوفیؒ

آپ کا اسم مبارک حمزہؒ، کُنیّت ابو عمارہ اور والد ماجد کا نام حبیب بن اسمٰعیل ہے۔ آپ کا تعلق قبیلہ بنی تیم سے ہے اور فارسی النسل ہیں۔ آپ کوفہ کے دوسرے قاری ہیں۔ خلیفہ عبدالملک کے دور حکومت میں ۸۰ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے حضرت ابو عبداللہ جعفر صادقؒ سے پڑھا۔ انھوں نے اپنے والد حضرت محمد باقرؒ سے، انھوں نے اپنے والد حضرت زین العابدینؒ سے، انھوں نے اپنے والد ماجد حضرت حسینؓ سے اور انھوں نے اپنے والد بزرگوار حضرت علی ابن ابی طالبؓ سے پڑھا

آپ نے حضرت سلیمان بن مہران اعمشؒ سے بھی پڑھا۔ انھوں نے حضرت ابو محمد یحییٰ بن وثاب اسدیؒ سے، انھوں نے حضرت ابو شبل علقمہ بن قیسؒ سے اور انھوں نے حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ سے پڑھا۔

آپ نے حضرت محمد بن ابی لیلیٰ قاضیؒ سے بھی پڑھا انھوں نے حضرت منہال بن عمرؒ سے، انھوں نے حضرت سعید بن جبیرؒ سے، انھوں نے حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے اور انھوں نے حضرت اُبیّ ابن کعبؓ سے پڑھا۔

مذکورہ قرأؒ کے علاوہ آپ نے حضرت ابو حمزہؒ حمران بن اعینؒ اور حضرت ابو الاسودؒ سے بھی پڑھا۔ ان دونوں حضرات نے حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ سے پڑھا۔

ان صحابہ کرامؓ (حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت اُبیّ ابن کعبؓ) نے حضور انور رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔

آپ کے اور بھی شیوخ ہیں جن کے نام اور سلسلۂ سند کتب تجوید و قرأۃ میں مذکور ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آپ بہت بڑے عالم، مجوّد، عارف، علم فرائض اور ادب عربی میں ماہر، ثقہ، حافظِ حدیث متورّع، عابد و خاشع، صادق القول اور کثرت سے دعا کرنے والے تھے۔ ان صفات میں آپ کا کوئی ثانی نہیں تھا۔ کوفہ میں عاصمؒ و اعمشؒ کے بعد قرأت کے امام مانے جاتے تھے۔ رات کا زیادہ تر حصہ عبادت میں گذارتے اور بہت کم سوتے تھے۔ اپنے شاگردوں سے کبھی کوئی خدمت نہیں لی، حتیٰ کہ گرمی کے موسم میں بھی ان کے ہاتھ سے پانی پینا گوارا نہ تھا۔ قرآن پڑھانے پر آپ نے کبھی اُجرت نہیں لی۔ آپ کا ذریعۂ معاش تجارت تھا۔ کوفہ سے زیتون لے جا کر حلوان میں فروخت کرتے اور وہاں سے پنیر و اخروٹ لا کر کوفہ میں بیچتے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سند کے ساتھ ایک ہزار احادیث نقل فرمائی ہیں۔ امام سفیان ثوریؒ اور شریک بن عبداللہؒ آپ کے تلامذہ میں سے ہیں۔ کہتے ہیں جس وقت بھی آپ کو کوئی دیکھتا پڑھا رہے ہوتے۔ نماز کثرت سے پڑھتے تھے۔ ظہر و عصر اور مغرب و عشاء کے درمیان بھی نماز پڑھتے رہتے تھے۔ درس کے خاتمہ پر چار رکعت نماز نفل ادا فرماتے تھے۔ ہر ماہ اٹھائیس[۲۸] یا ستائیس[۲۷] یا پچیس[۲۵] قرآن مجید ترتیل کے ساتھ ختم کرتے۔ حروف کو مخارج و صفات کی رعایت کے ساتھ، ہمزات کو تحقیق کے ساتھ، مدّات و حرکات کو کامل، سکنات و شدّات اور غُنّہ کو اعتدال کے ساتھ ادا فرماتے تھے۔

امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں، آپ دو چیزوں میں ہم پر غالب ہیں۔ ایک علم قرأۃ اور دوسرا علم فرائض۔ ان میں ہم آپ کی برابری نہیں کر سکتے۔ فرائض میں ماہر ہونے کی وجہ سے آپ کو فرضی بھی کہتے ہیں۔ آپ کے شیخ حضرت اعمشؒ جب آپ کو دیکھتے تو فرماتے، آپ عالم قرآن ہیں۔ امام ابن فضلؒ کہتے ہیں کہ حمزہؒ کی وجہ سے کوفہ کی بلا دُور ہوتی ہے۔

آپ نے ۱۵۶ھ میں چھہتر[۷۶] سال کی عمر میں خلیفہ منصور یا مہدی کے دورِ حکومت میں یہ مقام حلوان انتقال فرمایا۔

آپ کے بھی بہت سے راوی ہیں جن میں سے دو[۲] مشہور و معروف ہیں، خلفؒ اور خلادؒ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۱۔ حضرت خلفؒ ——— آپ کا اسم شریف خلف، کُنیت ابو محمد اور والد ماجد کا نام ہشام بزار ہے۔

آپ نے حضرت سُلیمؒ سے اور سُلیمؒ نے امام حمزہؒ سے پڑھا۔ ان کے علاوہ آپ نے اور بھی کئی شیوخ سے پڑھا ہے۔ امام نافعؒ کی قرأۃ اسحاق مسیبیؒ سے اور امام عاصمؒ کی حضرت یحییٰؒ سے پڑھی۔

دس سال کی عمر میں آپ نے قرآن مجید حفظ کر لیا تھا اور تیرہ سال کی عمر میں حدیث کی سماعت شروع کر دی تھی۔ آپ بڑے عالم، ثقہ اور زاہد و عابد تھے۔ امام مسلمؒ نے اپنی صحیح میں اور امام ابو داؤدؒ نے اپنی مُسند میں آپ سے حدیث روایت کی ہے۔ آپ عامل سُنّت، ثقہ، مامون اور حدیث میں مقدم تھے۔ آپ نے ماہ جمادی الثانی ۲۲۹ھ میں بغداد میں انتقال فرمایا۔

۲۔ حضرت خلّادؒ ——— آپ کا اسم مبارک خلّادؒ، کُنیت ابو عیسیٰ اور والد ماجد کا نام خالد یا خلید ہے۔ آپ بھی سُلیمؒ کے واسطے سے امام حمزہؒ کے شاگرد ہیں۔ آپ امام قرأت، ثقہ عارف، محقق، مُجوّد، استاذ، ضابط اور متقی تھے۔ ترمذیؒ اور ابن خزیمہؒ نے اپنی صحیح میں آپ سے احادیث روایت کی ہیں۔ امام ابو عمرو دانیؒ فرماتے ہیں آپ اصحاب سُلیمؒ میں بزرگ تر اور سب سے زیادہ ضابط تھے۔ ۲۲۰ھ میں کوفہ میں آپ نے وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امام ہفتم حضرت کسائیؒ

آپ کا اسم مبارک علی، کُنیّت ابوالحسن، والد ماجد کا نام حمزہ اور دادا کا نام عبداللہ بن بہمن بن فیروز ہے۔ آپ کا تعلق قبیلہ بنی اَسَد سے ہے اور فارسی النسل ہیں آپ امام ابوحنیفہؒ کے شاگرد امام محمد بن حسن شیبانیؒ کے خالہ زاد بھائی ہیں۔ کسائی اس لئے کہتے ہیں کہ آپ نے کمبل کا احرام باندھا تھا یا امام حمزہؒ آپ کو کمبل والا کہہ کر بلاتے تھے کیونکہ آپ ان کی مجلس میں کمبل اوڑھ کر بیٹھتے تھے۔ آپ نے امام حمزہؒ سے چار مرتبہ قرآن مجید ختم کیا علاوہ ازیں آپ نے ابوبکر بن عیاشؒ سے، اسمٰعیل بن جعفرؒ سے، عیسیٰ بن عمر ہمدانیؒ اور طلحہ بن مُصَرِّفؒ سے بھی پڑھا۔ عیسیٰ بن عمرؒ اور طلحہ بن مصرفؒ نے ابراہیم نخعیؒ سے، انھوں نے علقمہ بن قیسؒ سے، انھوں نے حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ سے اور انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا۔

آپ اپنے وقت کے امام قرأۃ تھے اور اس میں اَعْلَم تسلیم کئے جاتے تھے۔ نیز علم نحو ولغت میں امام مانے جاتے تھے۔ آپ کے پاس شاگردوں کا بڑا مجمع رہتا تھا جس کی وجہ سے منبر پر بیٹھ کر پڑھایا کرتے تھے۔ آپ پڑھتے جاتے تھے اور تلامذہ سُن کر مقاطع ومبادی تک پوری طرح یاد رکھتے تھے۔ خلیفہ ہارون رشید اور اس کے بیٹوں امین ومامون کو بھی آپ نے قرآن مجید کی تعلیم دی ہے۔ آپ نے بہت سی کتابیں بھی تصنیف فرمائیں مثلاً معانی القرآن کتاب النحو اور نوادر کبیر وغیرہ۔ امام سلیبویہؒ اور یزیدیؒ آپ کے ہم عصر تھے۔ ابن معینؒ کہتے ہیں، میں نے اپنی آنکھوں سے کسائیؒ کے لہجے سے زیادہ عمدہ لہجہ پڑھنے والا نہیں دیکھا۔ خلیفہ ہارون رشید کے ساتھ بمقام رنبویہ (علاقہ رے) ۱۸۹ھ میں ستّر سال کی عمر میں وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

امام محمدؒ اور آپ کے مزارات ایک ہی جگہ پر ہیں دفن کے وقت خلیفہ ہارون رشید کہنے لگا کہ ہم نے قرآن اور علم فقہ کو ایک جگہ دفن کر دیا ہے۔ آپ کے رُواۃ میں سے بھی دو مشہور و معروف تر ہیں، ابوالحارثؒ اور ابوعُمر حفص دُوریؒ۔

۱۔ حضرت ابوالحارثؒ ——— آپ کا اسم مبارک لَیث رُکنیت ابوالحارث اور والد ماجد کا نام خالد مَرْوَزی ہے۔ آپ امام کسائیؒ کے بزرگ ترین شاگردوں میں سے ہیں۔ آپ امام قراۃ، ضابط، صالح اور محقق تھے۔ آپ نے بغداد میں ۲۴۰ھ میں وفات پائی۔

۲۔ حضرت ابوعُمر حفص دوریؒ ——— یہ وہی دُوری ہیں جو امام ابوعمرو بصریؒ کے راوی ہیں۔ آپ ان سے بھی روایت کرتے ہیں اور امام کسائیؒ سے بھی۔ آپ کے حالات پہلے بیان کئے جا چکے ہیں وہاں پھر دیکھ لئے جائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

ملنے کے پتے

۱۔ مدرسہ تجوید القرآن۔ فاروقی مسجد۔ میری ویدر ٹاور۔ کراچی (پاکستان)

۲ ۴۶۸/۳۰ اعجاز کالونی۔ بس بیلہ ہاؤس۔ لارنس روڈ۔ کراچی (پاکستان)